اس طلسم کو محبوب کے ساتھ زیادتی پیار محبت کے مقصد کی خاطر روزانہ دن کے تین حصوں میں سفید کاغذ پر زعفران سے لکھے اور محبوب کے گھر کی طرف اس کا رخ کر کے جلائے اور اس بات کا مکمل تصور باندھے کہ میں اس کو اس طلسم کا دھواں پہنچ رہا ہے محبت میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔ اور محبت کے معاملات میں کامیابی ہوگی۔

۲ ۱۳ ۱۳ ۱۲ ۱۱۱ ۱۱۳ ہ ہ ھ ہہہہہہ ح

فلان بن فلان علی الحب فلان بن فلان العجل العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا

# زیادتی محبت زن وشوہر

یہ عمل زن وشوہر میں زیادتی محبت کیلئے اکسیر ہے اور پرہیز اس کی یہ ہے کہ عمل کرنے والا پانچ دن پہلے اور چھ دن بعد تک کعبہ کی طرف پیچھا نہ کرے اور ان دنوں میں خاص طور سے نماز کا اہتمام کرے پھر ساتویں دن اس نقش کو بروز منگل بعد دوپہر سیاہ مرغی کے انڈے پر کالی سیاہی سے لکھے اور اس انڈے کو ایسی جگہ دفن کرے جو عموماً قبرستان میں کانٹوں والا درخت ہوتا ہے اس درخت کی ایک مشت کھدائی کر کے اس میں اس انڈے کو رکھے اللہ کے حکم سے چند دنوں کے اندر حب میں بے پناہ اضافہ ہوگا اور محبوب بغیر مطلوب کے تڑپے گا۔

جبرائیل | عزرائیل

الولی
فلاں بنت فلاں
الولی علی الحب فلاں بن فلاں الولی
کو میرے پاس لا۔
الولی

# زبردست حب

یہ حب پیدا کرنے اور پہلے سے اس مسئلے میں الجھے افراد کیلئے خصوصا درج کیا جا رہا ہے جس کی بدولت کسی قسم کے حب کے معاملات میں اس کی کئی مرتبہ آزمائش کی جاچکی ہے اور اس کے سو فیصدی نتائج دیکھے جا چکے ہیں اب عوام الناس کیلئے اس عمل کو پیش کیا جارہا ہے لیکن اس عمل کو کسی بھی طور ناجائز استعمال نہ کیا جائے ورنہ گناہ بھی ہوگا اور کام بھی نہیں ہوگا۔ اس نقش کو طالب و مطلوب میں سے کوئی بھی محبوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر زعفران سے لکھ کر دیا سلائی کی مدد سے جلائے تو ان کی محبت میں زیادتی ہوگی اگر جلا نہ سکے تو کپڑے پر لکھ کر ندی یا نہر کے کنارے اسے دفن کر دے محبت میں زیادتی ہوگی۔ اور دوسری مرتبہ پھر زعفران سے لکھ کر کسی پھلدار درخت پر لٹکائے لیکن یہ نقش بغیر زکات کے کام نہیں دیگا اس لئے سب سے پہلے پرہیز جلالی و جمالی کرتے ہوئے اس نقش کو روزانہ اپنے محبوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر زعفران سے لکھے اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے یہ خصوصا حب کیلئے ہے اگر کوئی عامل بننا چاہے تو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھے اور عمل کرے

| ۵ | ۶ | ۲۳ | ۶ | ۲ |
|---|---|---|---|---|
| ۷ | ۲۸ | ۷ | ۳۸ | ۶ |
| ۴ | ۴ | ۹ | ۳۶ | ۲۳ |
| فلان | بن | فلان | علی | الحب |

فلان بن فلان

۴۴ ۶۷ ۳۹ ۲۹

۱۱ ۱۱ ۱۳ ۱۱

# اثر عجیب

اس نقش وطلسم کے بے تحاشہ فوائد ہیں اوراس کے ذریعے حاصل ہونے والے اثرات کووہی دیکھ سکے گا جو بالکل لکھے گئے طریقہ کار کے مطابق عمل کریگا اس طلسم کو سیاہ کاغذ پر سفید مرغ کے خون اور چیل کے پر کی قلم سے آدھی رات کو جمعہ کے دن چھ مرتبہ لکھے اور چھ ہی ٹکڑے پہلے سے کاغذ کے بنالے اوراس سے اگلے دن ہفتہ کوایک ٹکڑا نمناک جگہ پر ایک مشت گڑھا کھود کر وہاں دبائے دوسرا آگ میں جلائے تیسرا قبرستان کی حدود کے اندر کہیں بھی زمین میں دبائے چوتھا اپنے گھر کی چوکھٹ میں دبائے پانچواں اور چھٹا مشرق اور مغرب کے رخ کسی شے کی مدد سے لٹکائے تاکہ ہوا سے ہلے اللہ کے حکم سے سنگدل سے سنگدل محبوب کے دل میں رحم آجائیگا۔اور بعد اس عمل کے پانچ سو ماشہ گندم سفید کپڑے میں رکھ کر پوٹلی بنا کر کسی غریب کو دے یا کچھ حصوں میں تقسیم کردے پھراس عمل کے اثرات خود دیکھ لے۔اس عمل کو خصوصا جائز جگہ پر استعمال کیا جائے ورنہ گناہ وعذاب کے علاوہ کام بھی نہیں ہوگا اور اس عمل کے دوران سو فیصدی نتائج برآمد کرنے کیلئے محبوب یا مطلوب دونوں میں سے کوئی بھی پرہیز جلالی و جمالی کا مکمل خیال رکھے پھر خود اس عمل کے متعلق روشناس ہوجائیگا کہ سینے کا عمل کیسے درج کردیا ہے۔

ا ا ا ا ا ا ب ب ب ب ب ج ج ج ج ج د د د دھھھووز ح ط

# حب

منہ زور محبوب کو راہ راست پر لانے کیلئے کسی طریقے سے اپنے محبوب کے پاؤں کی مٹی کچھ مقدار میں لیکر اس اس آیت کو اپنے نام کے اعداد اور اپنے محبوب کے نام کے حروف ابجد کی تعداد میں پڑھے پھر اسی مٹی کو سرخ ریشمی کپڑے میں پوٹلی بنا کر اس خاک کو اپنے گھر یا محبوب کے گھر میں دفن کروادے محبوب کو ہر وقت مطلوب سے ملنے کیلئے پیروں مین آگ لگی رہیگی۔اس عمل کو جائز جگہ استعمال کرے۔

هو الذی خلق السموات والارض فی ستة ایام۔

# حب

یہ نقش طالب و مطلوب دونوں کے دلوں میں یکساں طور پر آگ لگا کر بھڑکانے اور ان کی محبت میں تیزی اور جدائی کو دور کرنے کا اثر رکھتا ہے صرف اس نقش کو بروز جمعرات نماز عشاء کی پہلی (۴) سنتیں پڑھ کر لکھے اور فرض بعد میں ادا کرے اگر یہ عمل عورت کرنا چاہتی ہو تو اپنے شوہر کا نام لکھے اور اگر یہ عمل مرد کر رہا ہو تو اپنی عورت کا نام لکھے اور اسے سیدھے بازو پر باندھے۔اس بات کو ضرور یاد رکھے کہ یہ عمل صرف مرد و عورت کے اندر ان کی خامیاں درست کرنے اور ان کی آپس میں صلح صفائی کروانے کیلئے ہوتے ہیں اگر کوئی ان کا ناجائز استعمال کریگا تو گناہ گار ہوگا۔

ع ۷ لا ۵ ے

| ع | ۹ | ۲ | د |
|---|---|---|---|
| ط | ع | ف | و |
| ا | ۲ | ن | ۵۲ |
| فلان | فلان | فلان | فلان |

## حب

اگر محبوب کہیں ناراض ہو کر چلا گیا ہو اور واپس نہ آتا ہو تو سات دنوں کے حساب سے (۴۰) دانے کالی مرچ کے لائے اور جس دن عمل پڑھنے بیٹھے تو اس میں سے (۷) دانے مرچوں کے نکال کر ہر ایک دانے پر ایک مرتبہ سورت (واللیل) کو پڑھ کر اسی وقت آگ میں ڈال دے اور عمل شروع کرنے سے پہلے آگ کا بندوبست اپنے پاس پہلے سے رکھے اور اپنے کام کا مکمل تصور باندھے اسی طرح سورہ کو سات مرتبہ روزانہ علیحدہ علیحدہ ایک ایک مرچ پر دم کرے اور آگ میں جلائے اگر محبوب سوکوسوں پر بھی ہوگا تو چند دنوں کے اندر حاضر ہوگا۔

## حب



اگر محبوب کو دیوانہ بنانا ہو تو اس نقش کو بالکل صاف پیپل کے پتے پر زعفران سے لکھے اور اس کے نیچے اپنے محبوب کا نام مع والدہ لکھے اور اسے محبوب کے گھر کی چوکھٹ کے نیچے دفن کرے اور ایک کو اسی طرح لکھ کر پانی میں ڈال کر ابالے اور سرد ہونے پر اس پانی کو چائے بنانے میں استعمال کرے اس کے پیتے ہی محبوب طالب کی محبت میں زیر ہوگا اور ان کی جائز محبت ان کے درمیان تمام رکاوٹوں کا خاتمہ بھی ہوگا۔ اگر زن و شوہر لڑتے ہوں تو وہ بھی اس عمل کو کر سکتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] |

## حب

یہ عمل محبوب کو اس طرح کھینچتا ہے جیسے مقناطیس لوہے کو اپنی طرف اس کی مرضی یا نامرضی کے مزاج کو نہ دیکھتے ہوئے کھینچ لیتا ہے بالکل اسی طرح اس عمل کی یہی حالت ہے اس عمل کو پانچ دنوں تک کرے اور پچیس کیل لوہے کے لاکر ہر ایک پر علیحدہ یعنی پانچ علیحدہ نکال کران میں سے ایک پر سورہ یسین شریف کو بعد نماز عشاء پڑھ کردم کرے اور سب سے آخر میں یہ کہے (سوختم ول وجان فلان بن فلان) اور اپنا مختصر سا مقصد بھی دم کرے اسی دم کر کے ان کیلوں کو جہاں آگ جلتی ہو وہاں دفن کرے پھر اگلے دن اسی طرح عمل کرے اور بعد پانچ روز کے ان تمام کیلوں کو کسی تندور یا بھٹی میں ڈال دے یہ عمل صرف زندگی میں ایک مرتبہ ہی کیا جاتا ہے۔ اور اس کا اثر ساری زندگی تک اس صورت میں باقی رہیگا جب تک ان کیلوں کو وہاں سے نکال نہ لیا جائے۔



## حب

اس عمل کی بدولت کوئی بھی عورت یا کوئی بھی مرد ایک دوسرے کو مسخر کر سکتے ہیں اس صورت میں جبکہ عمل کو بالکل ٹھیک طرح کیا جائے اس نقش کو بروز اتوار بوقت زوال سفید مرغ کے خون سے لکھے اور کاغذ خاکی رنگ کا استعمال کرے اور دو پتھر لے پھر اس نقش کو ویران جگہ زمین پر رکھ کر اس کے اوپر یہی دو پتھر رکھے اور پتھروں کے اوپر ایک نام اپنے محبوب کا اور دوسرے پر اس کی والدہ کا نام لکھے اور اس پر اپنے محبوب کا نام لیکر جوتے مارتا جائے یہ عمل حصوصا ایسے افراد کیلیئے ہے جن کے شوہر یا بیبیاں بری حرکات کرتے ہوں اور باز نہ آئیں یہ عمل ان کی اصلاح اور ان کو برے کاموں سے روک کر ان کی گھریلو زندگی میں پیار ڈالتا ہے اگر کسی عورت کا نام فاطمہ۔ یا مرد کا نام محمد سے شروع ہوتا ہو تو پتھروں پر ہرگز ایسے نام نہ لکھے بلکہ اس نام کے عدد نکال لے اور پھر عمل کرے ورنہ خود گناہگار ہوگا۔ اس عمل کی بدولت محبت زیادہ پیدا ہوگی اور گھریلو جھگڑے ختم ہونگے۔

| ۲۷ | ۱۰۰ | ۱۳ | ۱۰۰ | ۲۸ | ۱۰۰ | ۱۴ | ۱۰۰ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۱ | ۱۰ | ۱۶ | ۱۰۰ | ۱۱ | ۱۳ | ۷۰ | ۱۰۰ |
| ۱ | ۱۰۰ | ۲۶ | ۱۰۰ | ۲۰ | ۲۰ | ۱۷ | ۳۰ |
| | | | | | | | |

# زیادتی حب

محبت کے معاملے میں سو فیصدی کامیاب ہونے کیلئے اس عمل میں پرہیز جلالی وجمالی کی سختی سے پرہیز کرنی ہوگی۔ پھر کوئی بھی اپنی ادھوری محبت میں کامیاب ہوسکے گا یہ عمل زیادہ تر ایسے افراد کو کامیابی ضرور دلوائے گا جو کسی محبوب کے چکر میں ابھی تک ادھورے اور نامکمل ہیں۔ محبوب سرکش کیلئے اس نقش کو محبوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر زعفران سے لکھے اور روزانہ سات مرتبہ لکھے اور سات مرتبہ جلائے محبوب کے دل میں طالب کی محبت کی گرمی پیدا ہوگی اور وہ مطلوب کی طرف زیادہ مائل ہوگا۔

| ق | فلان بن فلان | ق |
|---|---|---|
| ۴<br>۳<br>۴ | ۹ | ۶<br>۱<br>۲ |
| ق | علی الحب فلان بن فلان | ق |

# ممکن حب

اس عمل کی بدولت ایسے افراد اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہونگے جواب تک اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوئے اس عمل کی بدولت انہیں سو فیصدی کامیابی ضرور ملے گی اوران کی ادھوری مگر جائز محبت ضرور کامیاب ہوگی جس کا مقصد محبت سے آگے شادی کرنے کا ہوگا اور ناجائز اس عمل کو کرنے والے کبھی بھی کامیاب نہیں ہونگے۔ اس نقش کو محبوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھے اور صرف بروز جمعہ اس عمل کو کرے جمعہ کے دن اس نقش کو چاہے سارا دن لکھتا رہے اور جلاتا جائے باقی دنوں میں نہ اس نقش کو لکھا جائے اور نہ ہی اسے جلایا جائے اس عمل کی بدولت محبت میں اضافہ اور رکاوٹیں دور ہونگی۔

## حب

اگر کسی کا محبوب ملک سے باہر ناراض ہوکر چلا گیا ہو اور واپس نہ آتا ہو تو اس عمل کی بدولت وہ واپس بھی آئیگا اور مطلوب سے پیار بھی کریگا۔ اس نقش کو سنہرے کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھے اور موم بتی جلا کر اس پر گرم گرم موم ڈالتا جائے جب اچھی طرح نقش موم کے اندر چھپ جائے تو اس نقش کو گھومنے والے پنکھے کے اوپر لگائے اور چلائے اس سے محبوب کا دل اڑے گا اور وہ واپس آنے کیلئے بے قرار ہوگا اس عمل کو جائز جگہ استعمال کرے۔

# عملیات بغض

## دشمن

اگر کوئی دین کا دشمن سرکش ہونے کے ساتھ مسلمانوں کو اذیت کا نشانہ بناتا ہو تو اس نقش کو دشمن کے پہنے ہوئے کپڑے پر ستر مرتبہ لکھے اور اپنے کام کا مکمل تصور باندھ کر اس پر پانچ جوتیاں مارے اور آگ میں جلائے روزانہ ستر نقش لکھے اور جلائے اگر پہنا ہوا کپڑا نہ مل سکے تو کالے کاغذ پر کالے مرغ کے خون سے لکھے اور جلائے لکھنے اور جلانے کی تعداد ستر ہی ہوگی۔ اور عمل کی کل مدت (۷) دن تک ہے اس عمل کی بدولت یا تو دشمن اپنی حرکات سے باز آئیگا یا ایسی اذیت میں مبتلا ہوگا کہ سوائے موت کے اس کا کوئی بھی علاج نہ ہوگا۔



سرھو بیر

| X | | | | X |
|---|---|---|---|---|
| X | ٩١٦ | ٩٢١ | ٢١٤ | X |
| X | ٩١٥ | ٩١٧ | ٩١٩ | X |
| X | ٩٢٥ | ٩١٣ | ٩١٨ | X |

قیامت لوم

## دشمن تکلیف میں مبتلا ہو

دشمن کو سزا دینے اور اسے اذیتوں میں مبتلا کرنے کیلئے اس نقش کو لوہے کے ایک ٹکڑے پر سرخ زعفران سے لکھے اور آگ میں گرم کر کے سرخ کرے جب اچھی طرح سرخ ہو جائے تو اسے دریا میں پھینک دے عمل کی مدت (۵) دن دشمن ہلاکت کے گھاٹ اتر جائیگا۔ اس عمل کو بالکل جائز جگہ استعمال کرے ورنہ گناہ کے ساتھ اللہ کے عذاب میں گرفتار ہوگا۔

ح ۵ ۲ ۲ و ۲ھ ، ۶ ۲ فساق لمت

معر فلان ابن فلان فی مائته

هذا بكذا و كذا



## دشمن مصائب کا شکار ہو

اس نقش کو مردہ کتے کی ہڈی پر لکھے اور اسے دشمن کے گھر میں دفن کرے دشمن بمعہ اہل وعیال کے مصائب میں گرفتار ہوگا۔ اور کوئی بھی علاج اور دعا اثر نہیں کریگی جب تک اس ہڈی کو وہاں سے نکال نہ لیا جائیگا۔ اس عمل کو جائز جگہ استعمال کرے۔ ورنہ اس کے اثر میں خود آئے گا۔

# بغض وعداوت

اگر کوئی کسی کے خلاف بدگوئی یا ناجائز زبان درازی کرتا ہو تو اس نقش کو کالے کبوتر کے خون سے لکھے اور اسے چاندی کی انگوٹھی میں بند کر کے اپنے سیدھے ہاتھ میں پہنے اور ان افراد کے نام اس نقش کے پیچھے لکھے جو زبان درازی کرتے ہوں یا جن کی زبان بند کرنی ہو پھر ایک مرتبہ اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھے اور اس کو دشمن کے راستے میں دفن کرے ساری زندگی یہ عمل ختم نہ ہوگا۔ نقش کے اندر چار مرتبہ اپنا نام لکھے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ح | م | عس | ق |
| ق | ح | عس | م |
| م | ق | عس | ح |
| ح | م | عس | ق |
| و ء | ۱۱ور | د ۱۳ | و ۱۳ |
| ۱۳۵ | ۱۳ | ۵ | حٔ |
| ۷ | فلان | فلان | ۱۱ |
| ن ۹ | فلان | فلان | ۶۱۵ |

# دشمن کو اذیت ہو

اس نقش کو ہر مرتبہ دشمن کو اذیت دینے اور اس کے برے ارادوں کے خاتمے کیلئے کالی سیاہی سے لکھے اور اسے دشمن کے گھر کے سامنے جا کر جلائے اور راکھ کو ہاتھ میں رکھ کر زور سے دشمن کے گھر پھونک مارے اس عمل کو چھ روز تک کرے دشمن کا سر نیچا ہوگا اور وہ دنیاوی طور پر زیر ہوگا۔ اگر دشمن کے گھر نہ جا سکے تو اس نقش کو جلا کر اسے دریا کے پانی میں ڈال دے اور اس راکھ و پانی دونوں کو دشمن کے راستے یا اس کے گھر کے باہر بہائے۔

## دشمن

اگر کسی دین کے دشمن نے اذیت دیتے دیتے زندگی کو جہنم بنا دیا ہو تو اس کو اللہ کے عذاب میں گرفتار کرنے کی نیت سے اس نقش کو سفید لٹھے کے کپڑے پر لکھے اور اسے دشمن کے گھر دفن کرنے سے پہلے سات یتیموں کو دو وقت روٹی یا ایک یتیم کو ڈیڑھ ہفتہ خوراک اور ایک پہننے والی پوشاک دے اللہ کے حکم سے دشمن کربناک اذیتوں میں گرفتار ہوگا اور سائل کو پریشان نہیں کریگا۔ اس نقش کو دشمن کے گھر دفنانے کے بعد چار نقش زائد کالی سیاہی میں سرکہ ڈال کر لکھے پھر ایک نقش کو کسی اجاڑ درخت پر لٹکائے دوسرے کو دشمن کا نام مع والدہ لکھ کر نگل جائے تیسرے کو دریا یا نہر کے کنارے دفن کردے اور چوتھے کو کسی عیسائی کی قبر کے الٹی طرف دفنا دے اس عمل کی بدولت دشمن اس قابل ہی نہیں رہیگا کہ کسی شریف النفس انسان کو پریشان یا اذیت دے سکے۔

# بے خوابی دشمن

دشمن کو بے خواب کرنے کیلئے اس نقش کو دشمن کے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھے اور اسے دشمن جہاں سوتا ہو وہاں دبا دے دشمن نیند کیلئے تڑپے گا لیکن اسے نیند نہیں آئیگی۔ نقش کی تیاری میں سیاہ مرغ کا خون اور سرخ روشنائی استعمال کرے اس عمل کی بدولت کوئی بھی دعا یا دوا کام نہیں آئیگی۔ اس عمل کو بھی جائز جگہ استعمال کرے ورنہ اللہ کے عذاب میں کود گرفتار ہوگا۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲ | ۵ | ۲ |
| ۸ | ۴ | ٦ |
| ۱ | ۸ | ۴ |



# فریق

اگر دو افراد مل کر دوسرے مسلمانوں کی زندگی کو پریشان کرتے ہوں تو ان کی اصلاح یا سزا دینے کیلئے اور ان کی آپس میں پھوٹ ڈلوانے کیلئے سات سانبھری نمک کی ڈلیاں اور سرسوں کے دانے لیکر ہر ایک پر علیحدہ (۱۰۰) مرتبہ نیچے لکھی ہوئی آیت کو پڑھے اس حساب سے کل تعداد (۷۰۰) بنے گی۔ پھر ان ڈلیوں اور دانوں کو گرم آگ میں ڈال دے اور ان دونوں دشمنوں کا نام مع والدہ سب سے آخر میں ضرور لے۔ ان کی آپس میں دشمنی پیدا ہوگی۔ اگر اس عمل میں چند دنوں میں کامیابی نہ ہو تو اس عمل کو ترک نہ کرے بلکہ مسلسل اس عمل کو سات دنوں تک کیا جائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اولم یرو الانسان انا خلقنا من نطفة فاذا ھم خصیم مبین۔

# دشمنی

اس عمل کو بہت ہی سوچ سمجھ کر کرے کیونکہ یہ عمل کسی بھی انسان کو زندہ درگور کر سکتا ہے اس لئے اس عمل کو ایسے افراد کیلئے جائے جو مسلمانوں کو پریشان کرتے ہوں اور برائی کو پھیلا رہے ہوں ایک عدد لکڑی کا ٹکڑا لا کر اس پر سو مرتبہ سورۃ فیل کو پڑھے اور اسے جلائے جب اس کا کوئلہ بن جائے تو بڑھ کے درخت کے پاس چلا جائے اور اس عمل کو کرنے سے پہلے بڑھ کا درخت ڈھونڈ کر رکھے پھر اس کے سائے میں بیٹھ کر اس کوئلے سے اس نقش کو دشمن کے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھے اور اسے اسی درخت کی جڑ میں ایک ہاتھ گڑھا کھود کر دفن کر دے اور کچھ سوکھے پتے اس کے اوپر رکھ کر اسے جلائے تا کہ اس کی گرمی نقش کو پہنچے اسی طرح اس عمل کو سات دنوں تک کرے اور روزانہ جا کر پتوں کو جلایا کرے پھر آٹھویں دن اس نقش کو نکال کر اپنے دشمن کے گھر میں کسی شے میں ڈال کر دبا دے۔ دشمن کا گھر چند دنوں کے اندر ویران ہوگا اس کا کاروبار اور گھر تباہ ہونگے۔ تب تک دشمن کے گھر میں سکون نہیں ہوگا جب تک اس نقش کو نکال کر باہر نہ پھینکا جائے۔

# دشمن خون پانی بھرے

منگل یا بدھ کے روز صبح سویرے اپنے گھر میں دیسی گھی کا چراغ جلائے اور چراغ میں اس نقش کو فتیلے کی شکل میں اپنے دشمن کا نام مع والدہ لکھے اور اس کا رخ دشمن کے گھر کی طرف رکھ کر جلائے۔ نقش کی تیاری سفید مرغ کے خون اور چیل کے پر کی قلم سے کرے بعد لکھنے اس نقش کو اس نقش کو اٹھاراں جوتے اپنے دشمن کا تصور باندھ کر مارے اور اس نقش کو دشمن کے گھر میں کسی طریقے سے دفن کر دے اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھے دشمن خون پانی بھرے گا

| ا | ق | ض | ع | ع | ط |
|---|---|---|---|---|---|
| سع | من | ٣ | ٣ | ٩ | و ٢ |
| قر | فص | غ | د | دٗ | م |
| فلان | س | کھه | لم | حنك | شا |

# دشمن

دشمن کا گھر اور کاروبار تباہ و برباد کرنے کیلئے سب سے پہلے اس بات کی مکمل تصدیق کر لے کہ اس کا نقصان مسلمانوں کی زندگی کو بچا سکتا ہے اس صورت میں یہ عمل کرنا بالکل ٹھیک ہوگا ورنہ خود عذاب میں گرفتار ہوگا۔ ایک کالے کتے کو اپنے سامنے باندھ کر بٹھائے اور ایک فولادی چھری اپنے پاس رکھے اور اس کا رخ کتے کی طرف رکھے پھر سرخ سیاہی میں کبوتر کا خون ملائے اور الو کے پر کی قلم بنائے اور اس سے اس نقش کو لکھے اور اسے جلا کر اس کی راکھ محفوظ جگہ پر جمع کرے اس عمل کو سات دنوں بالکل اسی طرح کرے اور تمام جمع شدہ راکھ کو کالے کپڑے کی ایک پوٹلی بنا کر دشمن کے گھر میں ایسی جگہ دفن کرے جہاں جھاڑو نہ دیا جاتا ہو۔ چند دنوں کے اندر دشمن کا گھر ویران اور کاروبار تباہ ہوگا اور کوئی بھی

علاج یا دعا اثر نہیں کریگا جب تک اس پوٹلی کو وہاں سے نکال نہ لیا جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ح م س ص ۱۲۴ | [illegible] | [illegible] |
| ۲ | عسسسں ک اسدو | م |
| ح | ش ق فلان بن فلان | ح |

# فتح مندی

اگر کوئی بھی اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے گا تو دنیاوی تمام نقصانات سے محفوظ ہوگا اور اس پر کسی بھی شے کا اثر نہیں ہوگا اگر اس نقش کو سبز ریشمی کپڑے پر زعفران سے لکھے اور دوکان میں ایسی جگہ لگائے جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑے تو دوکانداری خوب چلے گی اگر اس نقش کو گھر کی چوکھٹ کے اوپر لگائے تو گھر میں کوئی بھی غیر مخلوق نہیں ہوگی۔ اگر اس نقش کو کسی بچے کی ولادت کے وقت گلے میں باندھے تو بچہ تمام قسم کی ارضی وسماوی آفات سے محفوظ ہوگا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| انا | فتحنا | لك | فتحا |
| فتحا | انا | لك | فتحنا |
| فتحنا | فتحا | لك | انا |
| انا | فتحنا | لك | فتحا |

# دشمن کا رزق بند ہو

اس عمل کو کرنے سے پہلے اللہ کی رحمت کی آواز دے اور اگر بات نہ بنے تو پھر اس عمل کو کرے اس عمل کی بدولت دشمن کا کاروبار اور رزق تنگ ہو جاتا ہے جو کہ سراسر گناہ ہے لیکن بعض سرکش افراد روپے پیسے آنے کے بعد انسان کو انسان نہیں سمجھتے اس لئے یہ عمل ان افراد کی اصلاح کریگا۔اس نقش کو ایک دس روپے والے نوٹ پر کالی سیاہی سے لکھے اور قبرستان کی مٹی ڈال کر ایک مٹی کے کٹورے میں بند کرے اور اسے دشمن کے گھر یا دوکان میں دفن کر دے دشمن کا رزق دن بدن تنگ ہوتا چلا جائیگا۔رزق اور موت کا نظام اللہ کے ہاتھ میں ہے اس لئے اس عمل کو سوچ سمجھ کر کرے۔

| بدوح | [illegible] | بدوح |
| --- | --- | --- |
| [illegible] | عبد الجلیل عبد الجلیل فلاں بن فلاں عبد الجلیل عبد الجلیل | [illegible] |
| بدوح | [illegible] | بدوح |

# بیماری دشمن

دشمن کو بیمار کرنے اور اسے ہلاکت جیسی اذیت میں مبتلا کرنے کیلئے اس طلسم کو انار کے درخت کے پاس بیٹھ کر لکھے اور اس کی شاخ کی قلم بنا کر سفید کاغذ پر لکھے اور اسے اسی قلم کے ساتھ جلا کر اس کی راکھ کو دشمن کو کسی بھی کھانے پینے والی شے میں ملا کر کھلا دے اور کچھ راکھ کو دشمن کے سر پر گرائے دشمن کربناک اذیتوں میں گرفتار ہوگا اور اس کے علاج کیلئے کوئی بھی عمل، وظیفہ، دوا، یا دعا اثر نہیں کریگی۔اس عمل کو ناجائز کرنے والا خود اللہ کی گرفت میں آئیگا۔یہ عمل کرنے والے افراد ان عملیات کو سو فیصدی کامیاب پائینگے کیونکہ ان

تمام عملیات کا تعلق سینہ بہ سینہ اعمال سے ہے جو باپ اپنے بیٹے سے چھپاتا ہے۔

| ۱۱۷ | ۲۲۲ | ۲۳۸۶ | النوم |
|---|---|---|---|
| ۹۴۳۱ | الموت | فی | النوم |
| صر افاد | صر ۲ دف ۲ | ح | ف |
| فی | النوم | کا | لموت |

## دشمن کے شر سے محفوظ

اگر کوئی دشمن کسی شریف اور بھلے مانس فرد کو پریشان کرتا ہو اور اسے اذیت کا نشانہ بناتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے اپنے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھے اور اس کے نیچے نام دشمن مع والدہ لکھے اور لکڑی کی چھوٹی سے ڈبی میں بند کر کے اسے اپنے پاس رکھے یہ فرد اللہ کی حفاظت میں آئیگا اور اگر دشمن باز نہیں آئیگا تو خود عذاب میں گرفتار ہوگا اور اس فرد کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکے گا۔ اس عمل کو زیادہ تر دشمن کو اصلاح کی جانب مائل کرنے کی خاطر کرتے ہیں جس سے اس کی اصلاح ہو اور وہ اپنے دوسرے مسلمان بھائیوں کا خیال رکھے۔ اگر اس عمل کی بدولت دشمن کی اصلاح نہ بھی ہو تو وہ خود اللہ کے عذاب میں گرفتار اس صورت میں ہوتا ہے اگر وہ ناجائز کسی شریف انسان کے ساتھ برتاؤ کرتا ہو۔

# گردش دشمن

اگر کسی دشمن سفاک کی زندگی میں گردش پیدا کرنی ہو جس سے وہ کوئی بھی کام کرے اور اسے نقصان ہو تو چوراہے سے تھوڑی سی مٹی لائے اور اس نقش کو سفید کاغذ پر نیلی سیاہی سے لکھے اور اس نقش کے بالکل درمیان میں ایک سوئی چبھو دے اس سے جو سوراخ ہو اس کو اس مٹی سے بھر دے اور اس نقش کو اس مٹی سمیت جلا دے جلنے کے بعد اس نقش کی راکھ، سوئی، اور مٹی، دشمن کے گھر میں ایسے ہی پھینک دے اس کے دشمن کے گھر جاتے ہی دشمن کا ویران ہوگا اور دشمن کی نجی زندگی گردش میں آجائیگی۔ ایک عدد نقش پھر زعفران سے لکھ کر اسے ناف کے مقام پر نام دشمن مع والدہ لکھ کر باندھ لے اور ایک کو قبرستان میں صاف جگہ پر دفنا دے اس اضافے کے ساتھ دشمن سو فیصدی روزانہ نقصان کا ازالہ بھگتے گا۔ اس عمل کو کافی سوچ سمجھ کر کرے ورنہ اللہ کے عذاب میں گرفتار ہوگا۔

۷۸۶ ۱۱۲ ۱۳ ۵ ۱ ۳ عز

| | | |
|---|---|---|
| م شابہ | اح ی | آگ |
| ۴ ۳۴ | اوح | پانی |
| ف | حوت | مٹی |
| قو | فن | ھوا |
| صنا | حوت | زہرہ |
| فلان | ق | مریخ |

# دشمن

اس عمل کو اسی صورت میں کیا جائے جس سے دشمن یا کوئی مخالف فرد اپنی ناجائز حرکتوں سے باز نہ آتا ہو اور نہ ہی کسی کی بھی نصیحت کو مانتا ہو لیکن اس عمل کو کرنے کیلئے گرمیوں کے دن ہونے ضروری ہیں اگر اس عمل کی اشد ضرورت پڑ جائے تو اس کمرے کو کوئلوں کی مدد سے گرم کر کے کیا جائے اگر کوئی فرد دشمن کے ہاتھوں سے بہت پریشان ہوتے ہوئے اس نقش کو گرمیوں میں یا آگ کو جلا کر پاس رکھ کر بیٹھے اور اس نقش کو لکھے اور نقش کی تیاری کالے مرغ کے خون سے کرے اور اس کو جلا دے تو دشمن کے وجود میں آگ لگ جائیگی۔ اس عمل کو صرف سات دن تک کرے اثر ضرور واقع ہوگا۔ اور اس عمل کا وقت دوپہر کا ہوگا۔ یا رات کو عمل کرتے ہوئے آگ کو جلا کر اپنے پاس رکھے۔ اور اس بات کو ضرور یاد رکھے کہ اس عمل کی بدولت دشمن اور اس کے گھر والے طرح طرح کی اذیتوں میں مبتلا ہو جائینگے۔ اور کوئی بھی علاج یا دوا ان پر اثر نہیں کریگی۔ اس لئے اس عمل کو بہت سوچ سمجھ کر کرے۔

| ا | ۴۷۲۵۰ | ٠ | ط |
|---|---|---|---|
| ی | ح | ٠ | م |
| ا | ٠ م | ٠ | لھ |
| ع | عصبہ | ٠ | ١٠ |
| فلاں | ابن | فلاں | م |

## دشمن زیر

اگر کوئی بھی ان کلمات کو روزانہ بعد نماز عشاء و فجر (۱۰۰) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو ان کے دشمن اور حاسد ہمیشہ ان کے آگے سرنگوں رہیں گے۔ اور ان کے خلاف کوئی بھی قدم اٹھائے گا اس کا قدم نہیں جمے گا اور الٹا خود منہ کی کھائے گا۔ اس کے علاوہ اس کے اور بھی بہت سے فوائد ہیں کاروبار میں ترقی ہوتی ہے اور جو بھی کام ہوتا وہ ان کلمات کی بدولت پورا ہو جاتا ہے۔ اس لئے ان کلمات کو اکثر پڑھتے رہنا چاہئے اور اس کے وظیفے کا طریقہ وہی نمازوں والا ہی رہیگا۔ اگر کوئی انہیں مسلسل پڑھتا رہے تو کامیابی ہی ہوگی اور کسی بھی قسم کا نقصان نہیں ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔یا کریم کرم کر ۔یا رحیم رحم کر سخت دل نوں نرم کر ۔ھر مشکل آسان کر برحمتک یا ارحم الراحمین ۔



## حب میں رکاوٹ دور ہو

اگر کوئی کسی سے جائز پیار کرتا ہو اور اس سے شادی کرنا چاہتا ہو تو اس نقش کو تازے دیسی گھی کے پراٹھے کو پکا کر لکھے اور عمل کرنے والا اگر مرد ہو تو کالی کتیا کو یہ پراٹھا کھلائے اور اگر عورت ہو تو کالے کتے کو کھلائے اس کو کھا کر کتا یا کتیا جب بھی بھونکے گے تو محبوب کا دل مطلوب سے ملنے کو کرے گا اور ان کتوں کے بھونکنے کی ایک اور تاثیر بھی ظاہر ہوگی کہ ان کے درمیان جو بھی رکاوٹیں ہونگی ان کا خاتمہ ہوگا اور ان کی شادی بھی ہو جائیگی ۔اسی عمل کو اگر مرد و زن میں سے بھی کوئی کریگا تو ان کی آپس میں ناچاقی کا خاتمہ ہوگا۔

لا ع س ع لا حم حا همه

| ۱ | ۱۱ | ۱۶ | ۶ |
|---|---|---|---|
| ۴ | ۱۸ | ۹ | ۳ |
| ۱۰ | فلاں | ۷ | ۱۷ |
| ۱۹ | ۵ | ۲ | ۸ |

## جملہ امراض

اس عمل کو ہر تکلیف و دکھ میں استعمال کیا جا سکتا ہے جس کی بدولت ہر تکلیف اور رکاوٹوں کا خاتمہ ہوتا ہے۔ تمام قسم کی رکاوٹوں، تکالیف، اور بیماریوں کو دور کرنے کیلئے سو مرتبہ درود ابراہیمی، سو مرتبہ پہلا کلمہ شریف، اور سو مرتبہ سورۃ اخلاص کو جو بھی دم کریگا یا اس کو پانی پر پڑھ کر دم کر کے پیئے گا تو اسے کسی بھی قسم کا کوئی بھی عارضہ یا جادو کی شکایت نہ ہوگی اور ثواب و نیکیاں علیحدہ سے ملیں گی۔

## جن بھوت

اگر کسی کو جن، بھوت، یا کوئی بھی غیر انسانی مخلوق چمٹ جائے تو اس کو دفع کرنے کیلئے پانچ سو مرتبہ درود ابراہیمی اور سو مرتبہ (لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم) پڑھے اور پھر پانچ سو مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر گلاب کے عرق پر دم کرے اور پیئے اور اس نقش کو تمام جناتی و آسیبی مخلوقات سے بچانے کیلئے زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے کوئی بھی مخلوق اس فرد کے پاس بھی نہیں آئیگی۔ نقش کو چاندی میں بند ضرور کروائے۔ اور ایک کو اگر گلاب کے عرق میں ڈال کر اس عرق کو صبح نہار منہ بھی پیئے تو بھی کوئی انسان یا جن اس فرد کے پاس نہیں آئیگا اور اگر اس کا اثر پہلے سے ہوگا تو اس کا خاتمہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بحق یا جبرائیل علیہ السلام یا بدوح

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بحق یا جبرائیل علیہ السلام یا بدوح

| ٧ | ٨ | ٢ | ١١ |
|---|---|---|---|
| ٦ | ٣ | ٢ | ٢١ |
| ٨ | ٨ | ١٨ | ١٨ |
| ٢٣. | ٢٢ | ٢ | ١٤ |

بحق یا جبرائیل علیہ السلام یا بدوح

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بحق یا عزرائیل علیہ السلام یا بدوح

## دردسر

اگر کوئی دردسر یا درد شقیقہ میں مبتلا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے سر پر باندھے اور ایک کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی پیے اللہ کے فضل سے سر میں ساری زندگی درد نہ ہوگا۔

| یاصو | ١ | یاصو |
|---|---|---|
| ٣ | فلان بن فلان | ٥ |
| یاصو | ٧ | یاصو |

## سنگباری

اگر کوئی شیطان صفت عامل یا جناتی مخلوق کسی گھر میں پلیدی یا پتھر پھینکتے ہوں تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گھر میں قبلہ کے رخ لگائے عامل کا عمل واپس لوٹے گا اور جنات اس گھر سے بھاگ جائیں گے۔ اگر پھر بھی کوئی افاقہ نہ ہو تو اس نقش کو ایک عدد دیوار پر لگائے اور ایک کو مٹی کے گھڑے میں ڈال کر اس کے اندر چلتی ہوئی نہر کا پانی ڈالے اور اس پانی کے اپنے گھر میں چھینٹے لگائے کوئی بھی مخلوق یا سرکش عامل نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

| ۱۱ | ۸ | ۱ | ۲ |
|---|---|---|---|
| ۲ | ۱۲ | ۳۰ | ۷ |
| ۱۶ | ۳ | ۶ | ۵ |
| ۱۹ | ۱۰ | ۱۵ | |

## درد سر

سر درد سے ہمیشہ کیلئے نجات حاصل کرنے کیلئے اس کلمہ کو اپنی شہادت کی انگلی سے اپنی پیشانی پر لکھے کبھی بھی درد نہ ہوگا۔ اور اسی وقت درد ٹھہر جائیگا۔

(سلطان علیه الله)

## خواب بندی

اگر کسی کی خواب بندی کرنی ہو تو اسے ہاتھی کے کان کی تھوڑی سی میل کھلا دے اس کا اثر سات دن تک رہیگا اور دشمن یا کوئی بھی سات دنوں تک سو نہیں سکے گا۔ مجرب اور آزمایا ہوا عمل ہے۔

## آسیب

اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھے اور اسے چراغ میں سرسوں کے تیل کے اندر جلائے اور جو بھی سایہ کا مریض ہو اسے اپنے سامنے بٹھائے اور تاکید کرے کہ وہ چراغ کی لو کی طرف مسلسل دیکھتا رہے اس عمل کو پانچ یا سات دن تک کرے اللہ کے حکم سے جو بھی سایہ یا جادو ٹونہ ہوگا اس کا خاتمہ ہوگا۔

| ۶ | ۷ | ۲ |
|---|---|---|
| ۱ | ۵ | ۹ |
| ۸ | ۳ | ۴ |

## درد دانت

اگر کسی کی داڑھ یا دانت درد کرتا ہو تو درود شریف تین مرتبہ سورۃ فاتحہ سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور مریض کو ہدایت کرے کہ جس دانت میں درد ہوتا ہے اس کو اپنے ہاتھوں سے پکڑ کر رکھے۔ دوبارہ درد نہ ہوگا۔

## قیدی

اگر کوئی قید خانہ میں ناجائز قید ہو گیا ہو یا کسی بھی مصیبت میں گرفتار ہو گیا ہو تو ان کلمات کو سات مرتبہ پڑھے اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ اللہ کے حکم سے قیدی رہا ہوگا انشاءاللہ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ و کفی باللہ شہیدا ۔ و کفی باللہ علیما ۔ و کفی باللہ حسیبا ۔ و کفی باللہ وکیلا ۔ و کفی باللہ نصیرا ۔



## قیدی

اگر کوئی بھی قیدی ناجائز قید میں پھنسا ہو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنی کمر میں باندھے تو اسی ہفتے قید سے رہا ہوگا۔

| ۱ | ۱۴ | ۱۱ | ۸ |
|---|---|---|---|
| ۱۲ | ۷ | ۲۰ | ۱۳ |
| ۲ | ۹ | ۱۶ | ۳ |
| ۱۵ | ۴ | ۵ | ۱۰ |
| فلان | فلان | فلان | فلان |

# رزق

اگر کوئی بھی اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے کاروباری مقام پر لگائے گا اور ایک کو کسی بھی نوٹ پر زعفران سے لکھ کر اپنے مال والی جگہ میں رکھے گا تو اس کا کاروبار وسیع ہوگا اور اس کے درمیان جو بھی رکاوٹیں یا بندشیں ہونگی ان کا خاتمہ ہوگا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ق | ا | ز | ر |
| ف | ی | ط | ل |
| ح | ا | ت | ف |
| ق | ز | ا | ر |

# جدائی

اگر کسی کے درمیان جدائی کروانی ہو تو اس نقش کو کالے کپڑے پر سر کے سے لکھے اور ان افراد کے نام لکھے جن کے درمیان جدائی کروانی ہے ارا سے کسی بھی قبر کو کھود کر مردے کے سینے کے اوپر رکھے تین دن کے اندر اندر جدائی ہوگی۔

# بیماری

اگر کوئی بھی اس نقش کو اپنی کسی بھی بیماری کی خاطر زعفران سے لکھ کر ایک کو اپنے گلے میں باندھے اور ایک کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی پیئے تو اسے کوئی بھی بیماری نہ ہوگی اور اگر کسی بیماری میں مبتلا ہوگا تو اس سے نجات ہوگی۔

| ۱۲ | ج | الج | ۱۰ |
|---|---|---|---|
| ط | د | سبب | ۹ |
| لا | ہل | ا | نہ |
| ص | ی | ح | یا |

# شب کوری

اگر کسی کی آنکھیں خراب ہوجائیں یا آنکھوں میں کسی بھی قسم کا موتیا یا کوئی بھی عارضہ ہوتو اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور پانی میں ڈال کر اس پانی کے چھینٹے اپنی آنکھوں میں لگائے اللہ کے حکم سے آنکھوں کا جو بھی عارضہ ہوگا اس سے نجات ہوگی۔



| ہرن | ران را | دادم | طور |
|---|---|---|---|
| بین اشتہا | دادم | اللہ | صفت |
| قرآن | ران را | رسول | ہرن |
| زبور | دبا ۱۲ | محمد | رن ۶ |
| انجیل | رادہ | اللہ | بین را |
| بجق | عامہ دا | الہ | اوراوٗ |
| توریت | دو | لا | دوہا |
| واوٗ ۶ | نہ | وبجق | عٰعٰع |

# بندش خون

اگر کسی کے غیر فطری طور پر خون بہتا ہو اور کسی بھی طریقے سے نہ رکتا ہو یا پیٹ کا کوئی بھی عارضہ ہو تو اس نقش کو تمام خون کو بند کرنے اور پیٹ کے تمام جملہ امراض کیلئے زعفران سے لکھے اور اسے صرف اپنے پیٹ کے اوپر باندھے خون اسی وقت بند ہوگا اور آئیندہ کیلئے اس جیسی تکلیف اور بیماری سے محفوظ ہوگا۔

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۷ | ۲ |
| ۱ | ۵ | ۹ |
| ۸ | ۳ | ۴ |
| ۲۰ ب | د ۱۲ | ۱۲۰ ھ |
| ع ۳۱ | مسح ۳۱ | ۳۰ |
| ف۸۸ع | ۲۰۰ | ۲۰ |



# بچے

بچوں کی تمام قسم کی تکالیف اور مصائب کے خاتمے کیلئے اس نقش کو زعفران سے بچے کے پہنے ہوئے صاف کپڑے پر لکھے اور اسے گلے میں باندھے۔اور ایک کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی پلائے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| بسم اللہ | الرحمٰن | الرحیم | الحمد للہ |
| رب العلمین | الرحمٰن الرحیم | ملک یوم الدین | ایاک نعبد |
| وایاک نستعین | اھد نا الصراط | المستقیم | صراط الذین |
| انعمت علیھم | غیر المغضوب | علیھم | ولا الضالین |

# ضدی بچہ

اگر کوئی بچہ ناجائز ضد کرتا ہو یا روتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھے اور چاندی مین بند کروا کر اسے بچے کے گلے میں پہنائے بچہ اپنی تمام ناجائز حرکات کو ترک کریگا اور اپنے والدین کا کہنا مانے گا اور فرمانبردار ہوگا۔

| ٠ | ۲۸۳ | ۹۷۳ | ۴۶۸ | ۳۴۴ | ۵۷۴ |
|---|---|---|---|---|---|
| ٠ | ٠ | X | ۳۰۳ | ۱۰۴ | ۵۷۱ |
| ۹۲ | ۹۷ | ۴۵۲ | ٠ | ٠ | ۵۴۲ |

# کمزور بچہ

اس نقش کو ہر قسم کے بچوں کے امراض میں استعمال میں کیا جاسکتا ہے اگر کوئی بچہ روتا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر گلے میں باندھے اور اگر بچہ کمزور ہوتا ہو تو اس نقش کو سرسوں کے تیل میں ڈال کر اس کی مالش بچے کے جسم پر کرے۔ اگر کوئی بچہ کمزور اور لاغر ہوگیا ہو یا اس پر کسی سایہ کا اثر ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اسے بچے کے گلے میں باندھے بچہ تمام قسم کی آسیبی اور دیگر مضر اشیاء سے محفوظ ہوگا۔

| لا الہ | الا اللہ | محمد رسول | اللہ |
|---|---|---|---|
| الہ | ۴ | محمد | اللہ |

# بیروزگاری

اگر کوئی بھی بیروزگار ہوگیا ہو اور کسی بھی طریقے سے اسے نوکری نہ ملتی نہ ہو تو وہ نماز پڑھے اور ہر نماز بعد اس درود پاک کو پڑھنے کا معمول بنالے پھر اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اسے اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے اسے کوئی اچھی نوکری ضرور مل جائیگی۔

| بسم | اللہ | الرحمٰن | الرحیم |
|---|---|---|---|
| الرحیم | بسم | الرحمٰن | اللہ |
| اللہ | الرحیم | الرحمٰن | بسم |
| بسم | اللہ | الرحمٰن | الرحیم |

## بدنظر

اگر کوئی بار بار کسی بدنظری کا شکار ہوتا ہو تو اس نقش کو ہرن کی دباغت شدہ کھال پر کالی سیاہی سے لکھے اور اسے سیدھے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے اسے کبھی بھی بدنظر نہ ہوگی۔ اگر ہرن کی کھال نہ ملے تو کسی بھی جانور کے چمڑے کو پاک کر کے پھر لکھے اس عمل کی بدولت بدنظری نہیں ہوگی۔

## جسمانی تکالیف

اگر کسی شخص کو جسمانی دردیں یا کوئی بھی جسمانی تکلیف ہو تو اس نقش کو ایک عدد تانبے کے ٹکڑے پر کندہ کرے اور اسے زیتون کے تیل میں ڈال کر اس تیل کی مالش اپنے پورے بدن پر کرے اور ایک نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اور ایک کو گلاب کے عرق میں ڈال کر اس عرق کو صبح نہار منہ پیئے اللہ کے فضل سے جو بھی جسمانی درد ہوگی اس کا خاتمہ ہوگا۔

| لا الہ | الا انت | سبحانک | انی کنت |
|---|---|---|---|
| من | الظلمین | لا الہ | الا انت |
| سبحانک | انی کنت | من | الظلمین |
| لا الہ | الا انت | انی کنت | من الظلمین |

## سحر

اگر کوئی بھی سحر میں مبتلا ہو تو اس نقش کو دو عدد زعفران سے اس ترتیب سے استعمال کرے کہ ایک کو اپنے گلے میں باندھے اور ایک کو صبح نہار منہ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر نہار منہ پئے۔ بفضل خدا سحر سے مکمل نجات ہوگی۔

| ۳۱۷ | ۳۱۶ | ۳۲۷ | ۳۳۴ |
|---|---|---|---|
| ۳۳۵ | ۳۲۷ | ۳۱۸ | ۳۲۹ |
| ۳۲۲ | ۳۱۵ | ۳۳۳ | ۳۱۹ |
| ۳۳۱ | ۳۰۳ | ۳۲۱ | ۳۲۶ |



## ناف

اگر کوئی بھی ناف جیسے مرض میں مبتلا ہو تو اس نقش کو ایک پاک قسم کی مٹی کی ٹھیکری پر کالی سیاہی سے لکھے اور اسے زیتون کے تیل میں ڈال کر اس کی سات دنوں تک اپنے پیٹ پر مالش کرے اللہ کے حکم سے ناف کا عارضہ ختم ہوگا۔ اور اس بات کا بھی خاص خیال رکھا جائے کہ اس نقش کی کسی بھی حالت میں بے حرمتی نہ کی جائے ورنہ گناہ ہوگا۔ اگر ہو سکے تو ایک نقش کو اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے سیدھے بازو پر بھی باندھے۔

| لا | الہ | الا | اللہ |
| --- | --- | --- | --- |
| الہ | الا | اللہ | محمد |
| الا | اللہ | محمد | رسول |
| اللہ | محمد | رسول | اللہ |

## تونگر

اگر کوئی بہت زیادہ مفلس ہو تو اس عمل کو کرے اس عمل کی بدولت اللہ رب العزت اس شخص کو غنی کریگا۔ اور اس کی زندگی میں سکون ہوگا ایک ہی مجلس میں اسے ایک ہزار اسی مرتبہ کی تعداد میں پڑھے اور پرہیز جلالی و جمالی کرنے کیلئے میری کتاب شرائط چلہ کا مطالعہ کرے اللہ کے حکم سے غنی ہوگا۔



بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔لا الہ الا ھو الرحمن الرحیم وبحق و الھکم الہ و احد لا الہ الا ھو الرحمن الرحیم بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔

## ادائے قرض

باوضو حالت میں بعد نماز فجر اسے پانچ سو مرتبہ پڑھے اور چلتے پھرتے بھی اسے کھلا پڑھے اللہ کے حکم سے قرض کی ادائیگی کیلئے غیب سے وسائل پیدا ہونگے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔یا الف بحق یا اسرافیل یا اللہ یا الھی سھم ھی سھل کر مشکل آسان کر وبحق محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

# ترقی دوکان

اس نقش کو جو بھی زعفران سے لکھ کر اپنی دوکان میں لگائے گا تو اس کی دوکانداری میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔ اور اسے جو بھی نوٹ والے روپے پر زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو اس کی جیب نوٹوں سے بھری رہیگی۔

| ۳۳۶ | ۳۴۷ | ۳۴۲ |
|---|---|---|
| ۳۴۱ | ۳۴۵ | ۳۴۹ |
| ۳۴۸ | ۳۴۳ | ۳۴۴ |

# ترقی تجارت

اگر کسی کا کاروبار تباہ و برباد ہو گیا ہو یا کسی دشمن نے اپنے سفلی علم کی بدولت کسی کا کاروبار باندھ دیا ہو یا کسی بھی قسم کی بندش ہو تو اس اسم کو ایک بڑے سے موٹے گتے پر کالی سیاہی سے لکھ کر دوکان کے عین وسط میں لٹکائے اللہ کے حکم سے جو بھی بندش ہوگی اس کا خاتمہ ہوگا۔ اور دوکانداری زیادہ چلے گی۔ اور دوکان کھولنے کے بعد اس اسم کو اکثر پڑھ کر اللہ سے دعا کیا کرے بحکم خدا کاروبار فراخ ہوگا۔

(محمد صلی اللہ علیہ وسلم)

# محبت

اگر کوئی محبت میں زیادتی چاہے تو اکیس عدد کالی مرچوں کے دانے لے اور ہر ایک پر علیحدہ علیحدہ تین مرتبہ پہلا کلمہ طیب پڑھ کر دم کرے اور ان دانوں کو آگ پر ڈال دے اس عمل کو اکیس دنوں تک کرے محبت میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔

# وسعت رزق وحب

بسم الله الرحمن الرحیم قل هو الله احد اجب یا جبرائیل الله الصمد یا میکائیل لم یلد ولم یو لد اجب یا اسرافیل ولم یکن له کفوا احد یا عزرائیل سامعا مطیعا بحق یا بدوح ۔سب سے پہلے اس کی زکات ادا کرے پھر اس سے دو کاموں میں فتح ہو سکتی ہے۔ادائے زکات کیلئے عروج ماہ چاند کی چڑھائی میں بروز پیر والے دن کامل طہارت و پاکیزگی کے ساتھ نماز تہجد کے بعد سے پڑھنا شروع کرے خوشبو کو ضرور استعمال کرے۔اسے روزانہ ایک ہزار کی تعداد میں چالیس دنوں تک پڑھے اور جب زکات ادا کر چکے تو کسی میٹھی شے پر انہی کلمات کو سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور غریبوں میں تقسیم کر دے اب کوئی بھی اس عمل کا عامل بن جائیگا اور اگر کوئی اسے ایک ہی دن کیلئے کرے تو اس کا مقصد فوراً پورا ہو گا لیکن اس کے بعد اس سے دوبارہ کام نہیں لے سکے گا۔

## حب

ہر طرح کی حب اور حب کے معاملات میں تمام قسم کی رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے جو کوئی بھی صبح کی نماز کے بعد فرض اور سنت کے درمیان ایک سو مرتبہ سورہ اخلاص شریف مع بسم اللہ شریف محبوب کا مکمل تصور باندھ کر پڑھے اگر اکیس دنوں میں کامیابی نہ ہو تو اس عمل کو اکتالیس دنوں تک کیا جائے۔

## حب

چاند کی پہلی اتوار کو اس عمل کو شروع کرے اور اکتالیس نقش زعفران سے لکھے اور آٹے میں بند کر کے دریا میں بہائے یہ اس عمل کی زکات ہے جب زکات ختم ہو جائے تو کسی بھی میٹھی شے کو تقسیم کرے یہ عمل تمام عمر کام دیگا اور محبت میں اضافہ ہو گا۔

| ۱۶ | ۱۱ | ۱۸ |
|---|---|---|
| ۱۷ | فلاں | ۱۳ |
| ۱۲ | ۱۹ | ۱۳ |

## حب و پیار

اس عمل کو جائز طور پر اپنے محبوب کو بیقرار کرنے اور اسے اپنے لئے بنائے رکھنے کیلئے اس نقش کو روزانہ اکیس مرتبہ زعفران سے لکھے اور آٹے میں بند کر کے گولیاں بنا کر مچھلیوں کو ڈالے اور دوران عمل باوضو رہے اپنے محبوب کا نام مع والدہ ضرور لکھے محبوب پیار کیلئے بے قرار ہوگا۔

## حب

اس عمل کو ایسے افراد کی صلح کیلئے کیا جاسکتا ہے جو ہمیشہ آپس میں لڑتے ہوں یا ان کی آپس میں صلح نہ ہوتی اس عمل کی بدولت یہ ذاتی جھگڑوں سے باز آئینگے اور صلح سے رہیں گے ایک بڑے سے کھلے منہ والے برتن میں لاہوری نمک بکھیر کر اپنے کلمہ والی انگلی سے یہ کلمات لکھے اور اس نمک کو کھلائے اس کو کھاتے ہی ان کی رنجش دوستی میں بدل جائیگی۔ اگر اس نمک کو نہ کھلایا جاسکے تو اس نمک کو آٹے میں ڈال کر روٹی پکا کر کھلائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم موسی کلیم اللہ جبرائیل امین اللہ عیسی روح اللہ عزرائیل قابض الارواح الم ترالی ربک کیف مد ظل ولو شاء لجعلہ سا کنا۔

## جدائی دور ہو

مرد و زن کی آپس میں محبت پیدا کرنے اور جدائی کو دور کرنے کیلئے ان اسماء کو زعفران سے لکھ کر پانی میں ڈال کر اس کا پانی پئیں دونوں میں سے کوئی بھی اس پانی کو پئے گا تو وہ کبھی بھی جھگڑا نہیں کریگا۔ اور نہ ہی ان کی آپس میں ناچاقی ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اللہ یا اللہ یا اللہ لا الہ الا اللہ العلی العظیم یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ لا الہ الا اللہ بدیع السموات والارض برحمتک یا ارحم الراحمین۔ فلان بن فلان



## زیادتی محبت

حب کے معاملے میں سو فیصدی نتائج حاصل کرنے کیلئے اس نقش کو چار عدد زعفران سے محبوب کے کپڑے پر لکھے ایک کو آگ کے پاس دفن کرے دوسرے کو دریا یا نہر کے کنارے دفن کرے تیسرے کو ہوا میں لٹکائے اور چوتھے کو اپنے بازو کے ساتھ باندھے جس کیلئے اس عمل کو کیا جائیگا وہ زیر رہیگا اور مطلوب کے عشق میں گرفتار ہوگا۔ اور مطلوب کے علاوہ کسی اور کو اپنے دل میں جگہ نہیں دیگا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨ | ٥ | ٢ | ١٥ |
| ٣ | ١٤ | ٩ | ٤ |
| ١٣ | نام مطلوب | ٧ | ١٠ |
| ١٦ | ١١ | نام محبوب | ١ |

# زود اثر حب

اس نقش کو کسی بھی طریقے سے استعمال کیا جا سکتا ہے اور یہ ہر حالت میں زبردست اثر رکھتا ہے مثلاً اگر محبوب کا مزاج آبی ہو تو اسے میٹھے پانی میں گھول کر پلائے آتشی ہو تو اسے لکھ کر آگ کے پاس دفن کرے یا اس کو چراغ میں جلائے بادی ہو تو اس کو ہوا میں لٹکائے اور خاکی ہو تو اسے زمین میں دفن کرے محبوب مطلوب کے پیار میں دیوانہ ہوگا اور زیادہ محبت کریگا مزاج چاہے کوئی بھی ہو اس عمل کو سات دنوں تک کرنا ہوگا۔ اور زبردست تاثیر پیدا کرنے کیلئے محبوب کا کپڑا ہونا بہت ہی ضروری ہے۔

| ۹۹۹۷ | ۱ | ۸ | ۹۹۹۴ |
|---|---|---|---|
| ۷ | ۹۹۹۶ | ۹۹۹۶ | ۲ |
| ۹۹۹۷ | ۶ | ۳ | ۹۹۹۹ |
| عصہ | ۹۹۹۸ | ۹۹۹۳ | ۵ |



# جلالی عمل

اگر کسی اسلام دشمن نے سرکشی کے ساتھ دوسرے مسلمانوں کا جینا حرام کر دیا ہو تو وہ دو رکعت نماز نفل اس طرح ادا کرے کہ رکعت اول میں بعد از سورہ فاتحہ سورہ فیل اکتالیس مرتبہ اور دو رکعت دوسری میں فاتحہ کے بعد سورہ تبت یدا اکتالیس مرتبہ اس عمل سے فارغ ہونے کے بعد سات مرتبہ درود شریف پڑھے اور یا مذل کل جبار عنید بقھر عزیز سلطانہ یا مذل اسے تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے دشمن کا تصور باندھ کر پڑھے اس عمل کو روزانہ سات دنوں تک کرے دشمن تباہ و برباد ہوگا۔

## دشمن بیماریوں میں مبتلا ہو

ظالم فاسق فاجر دشمن کیلئے جو کپڑا مردے کے کفن سے بچا ہو اس سے اتنا کپڑا اتار لے جتنے کی ایک پوٹلی بن سکے پھر ایک سو دانہ نخود لیکر ہر ایک پر سورہ تبت یدا (۴۱) مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس پوٹلی میں ڈالتا جائے اور آخر دشمن کا نام لیتا جائے کہ اس سے ایسا سلوک ہو پھر تمام دانوں کو ڈال کر اس پوٹلی کو ایک ہنڈیا میں ڈال کر اس میں تین پاؤ پانی ڈالے اور اسے تیز آگ میں ڈالے تین دن تک اسے آگ میں رکھے جب سب کچھ سوکھ جائے تو اس ہنڈیا کو قبرستان میں قبر میں دفن کر دے دشمن روزانہ نئی سے نئی بیماریوں میں مبتلا ہوگا۔

## طاعون

برائے مرد وحیوانات اس نقش کو باطہارت حالت میں زعفران سے لکھ کر ایسے اونچی جگہ پر لٹکائے جہاں سے نیچے سے گزرا جا سکے جو بھی اس نقش کے نیچے سے گزرے گا وہ طاعون میں مبتلا نہیں ہوگا۔

| | | |
|---|---|---|
| ۳ | ۸ | ۱ |
| ۲ | ۴ | ۶ |
| ۷ | ۹ | ۵ |

## طحال

اگر کوئی مرض طحال میں مبتلا ہو تو وہ اس نقش کو چاندی کی انگوٹھی پر کندا کروا کر اسے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں میں بدل بدل کر پہنے اس مرض سے شفاء ہوگی۔ اگر کوئی جانور یا بچہ اس انگوٹھی کو پہن نہ سکے تو وہ اس نقش کو چاندی پر کندہ کروا کر پانی میں ڈال کر اس کا پانی استعمال کرے۔

طخ ۹ ہ ہ

## طحال

پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر کسی چھری پر دم کرے اور الٹے رخ مریض کے پیٹ پر پھیرے بعد سورہ الم ترکیف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض کے پیٹ پر اس چھری پر دم کرے اس عمل کو دن میں تین مرتبہ دہرائے۔

## مرض طحال

ایک مولی یا بینگن لیکر بطریق مذکورہ بالا کانٹوں پر دم کر کے مولی یا بینگن میں جا بجا چبھوئے پھر اس مولی یا بینگن کو اوپر چھت پر پوشیدہ مقام پر لٹکا دے جیسے جیسے یہ مولی یا بینگن خشک ہوگا مریض کو صحت ہوتی جائیگی۔

## بواسیر خونی وبادی



اگر کسی کو کسی بھی طریقے سے شفاء نہ ہو رہی ہو تو سات مرتبہ ان کلمات کو پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس پانی سے استنجا کرے اس عمل کی بدولت بہت جلد اس مریض سے آرام ہوگا۔ اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے اور معجون چھ ماشہ پانی کے ساتھ استعمال کرے۔ شفاء ضرور ہوگی۔

یمیعرونی ۔سامرونی ۔صمیرونا ۔انت ردنا۔

## بخار

اگر کسی کو باری کا بخار آتا ہو تو بخار ہونے سے پہلے (یا محیط) لکھ کر اپنی پیشانی پر لگائے اگر پہلے دن بخار نہ اترے تو اس نقش کو اتار کر دریا میں پھینک دے اگر پھر بھی افاقہ نہ ہو تو یا (محیطط) لکھ کر عمل میں لائے ضرور شفاء ہوگی۔

# خنازیر و درد ریح

پہلے دھاگہ دختر نابالغ کے ہاتھ کا کاتا ہوا سوت لے اس پر درود شریف تین مرتبہ اور سورہ اخلاص تین مرتبہ پڑھ کر دھاگے کے درمیان میں گانٹھ لگائے اسی طرح اکیس گرہیں لگا کر اس دھاگے کو کمر میں باندھے اس کو باندھنے سے پہلے بچوں میں کسی میٹھی شے کو تقسیم کرے اور دال مسور اور گرم اشیاء سے پرہیز رکھے۔

# ناف

ہر قسم کی ناف کے امراض میں مبتلا مریض اس نقش کی خود آزمائش کر سکتے ہیں جس کی بدولت ناف بالکل ٹھیک رہتی ہے۔ اس نقش کو زعفران سے لکھ کر ناف کے مقام کے اندر مریض کو چت لٹا کر لگا دے کبھی ناف نہیں پڑیگی۔

# اسقاط حمل

اگر کسی عورت کا حمل ساقط ہوتا ہو یا حمل ٹھہرتا ہی نہ ہو تو اس نقش کو وہ عورت دودھ میں ڈال کر اس دودھ کو روزانہ صبح نہار منہ پئے اور ایک کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے حمل ساقط نہیں ہوگا۔

| جبرائیل | یاقیوم | عزرائیل |
| --- | --- | --- |
| یاقیوم | یاقیوم | یاقیوم |
| اسرافیل | یاقیوم | میکائیل |

# حمل قائم ہو

اگر کسی کو حمل نہ ٹھہرتا ہو تو وہ نو ماہ تک روزانہ اس نقش کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی پئے اور اس کاغذ کو بھی نگل جائے تو اسے ضرور حمل ٹھہرے گا۔ اللہ کے فضل و کرم سے حمل ضرور قائم ہوگا اور اگر کسی نے کوئی بدعمل بھی کیا ہوگا تو اس کا سارا اثر باطل ہوگا۔

| اللہ ھو | اللہ ھو | اللہ ھو | اللہ ھو | اللہ ھو | اللہ ھو |
|---|---|---|---|---|---|
| اللہ ھو | اللہ ھو | اللہ ھو | اللہ ھو | اللہ ھو | اللہ ھو |
| اللہ ھو | اللہ ھو | اللہ ھو | اللہ ھو | اللہ ھو | اللہ ھو |
| اللہ ھو | اللہ ھو | اللہ ھو | اللہ ھو | اللہ ھو | اللہ ھو |

# اٹھرا



جس عورت کے اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کے قد کے مطابق کالے دھاگے کو اتار لے اور اس پر اکیس گرہیں لگائے اور ہر دھاگہ پر ایک مرتبہ پڑھے اور درمیان میں گرہ لگائے پہلے دائیں طرف سے گرہ دینی شروع کرے جب درمیانی گرہ کے پانچ گرہیں پوری ہو جائیں تو پھر بائیں طرف کی چار گرہیں اسی طرح پوری کرے جب نو گرہ شمار میں ہوں تو ختم کر دیں اور اس دھاگے کو چاندی کے نقش میں بند کر کے اپنی کمر میں باندھے تا وضع حمل جب بچہ پیدا ہو تو بچے کو نہلا کر یہ نقش اس کے گلے میں باندھ دے یہ اس مرض کا روحانی علاج ہے اور کئی مرتبہ کا آزمایا ہوا ہے۔

## پڑھنے والے کلمات

بسم اللہ الرحمن الرحیم الموتی یہ اللہ الامر جمیعا

## دردزہ

بعض حالت میں ایسا بھی ہوتا ہے جس سے کسی عورت پر اس قسم کا سفلی علم کر دیا جاتا ہے جس سے اس عورت کو پیدائش کے وقت ضرور ایسی درد ہوتی ہے جس کی بدولت اس کی جان جانے کے سو فیصدی چانس ہوتے ہیں اگر کوئی خاتون اس اذیت میں مبتلا ہو تو وہ عورت اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اسے نگل جائے تو اسے پیدائش میں تکلیف نہیں ہوگی۔ اور اس سفلی علم کا بھی خاتمہ ہو جائیگا جس کی بدولت ایسا ہوتا تھا۔

| ب | وھاب | علی |
|---|---|---|
| دون | لہ | لقا |

## بچہ دودھ پیئے

بذریعہ بد اعمال اور تکلیف دہ اعمال کا ایک مقصد ایسا بھی ہوتا ہے جس سے اس عورت کو پیدائش کے بعد دودھ نہیں اترتا اور اگر دودھ اترتا ہے تو بچہ اس دودھ کو نہیں پیتا اگر کوئی بچہ دودھ نہ پیئے یا اوپر بتائی گئی نشانی واقع پائی جائے تو سورہ والعصر زعفران اور گلاب سے باوضو حالت میں لکھ کر چاندی میں بند کر کے بچے کے گلے میں باندھے۔ اور اس نقش کو ماں و بچہ کے گلے میں باندھے بچہ دودھ پیئے گا۔ اگر بچہ روتا بھی ہوگا تو اس نقش کی بدولت زیادہ نہیں روئے گا۔

| ع | ھ | ح | ۱۰ |
|---|---|---|---|
| دا | دل | ع ھہہ | دو |
| ع ھھ | ۲۳ | ع | رسو |
| محمد | اللہ | ا ھہہ | دو |

# ام الصبیان

یہ مرض اکثر بچوں کو پیدائش کے بعد ہو جاتا ہے اور ڈاکٹروں کی سمجھ سے یہ بات بالاتر ہوتی ہے بچے کی صحت دن بدن گرتی رہتی ہے اور وہ سوکھ کر کانٹا ہو جاتا ہے اس کے علاوہ اگر بچے کو کوئی بھی عارضہ لاحق ہو جائے تو اس نقش کو بچوں کی پسلی چلنے یا ڈبہ کیلئے زعفران سے لکھ کر چاندی میں بند کروا کر بچے کے گلے میں باندھے تو بچہ ہر طرح کی مصیبتوں سے محفوظ رہیگا۔

| ۴ | ۹ | ۲ | م | ا | ح |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳ | ۵ | ۷ | ز | لا | ج |
| ۸ | ۱ | ۶ | ب | ط | د |

بحق الذی له التهلیل و التکبیر و العظمه و التحمیل النور و البهاء صادق الوعد فعال لما یرید۔

# چیچک

اکیس دانے گندم پر ایک ایک مرتبہ سلام قولا من رب الرحیم دم کر کے بچے کو کھلائے۔

# سانپ

اگر کسی کو کسی بھی جگہ سانپ کاٹ لے تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر کاٹنے والی جگہ پر باندھے اور ایک کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی پلائے۔

| علی نوح | سلام |
|---|---|
| العالمین | فی |

# کتا کاٹ لے

یہ نقش ایسے کاموں کیلئے اکسیر اعظم ہے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے اور بقدر استطاعت شیرینی خود باوضو حالت میں پکا کر ثواب حضرت اویس قرنیؓ کی روح کو ختم پہنچائے سلام قول من رب الرحیم ۔اور یا اللہ یا محمد یکیدون کیدا و اکید ۔لکھ کر پانی میں ڈال دے اور دو روز پانی پلاتے رہیں اللہ کے حکم سے مریض کو زہر اثر نہیں کریگا۔

## بواسیر

خونی و بادی بواسیر میں مبتلا افراد اگر کئی علاج کرا چکے ہوں اور افاقہ نہ ہوا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھیں انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

| ض | ب | ا | ق |
|---|---|---|---|
| ق | ل | ا | خ |
| ع | م | ا | ج |
| ی | د | ا | ھ |
| فلان | فلان | فلان | فلان |

## باری کا بخار

اگر کسی کو بار بار بخار آنے کا مرض ہو تو وہ ایک بڑے سے کاغذ پر اس کو اسی طرح کالے مارکر سے لکھ کر اپنے تکیے کے نیچے رکھ لے اور اسے دن کے تین حصوں میں دیکھے اسے بخار آنا بند ہوگا۔ مجرب ہے اگر کوئی واضح فرق نہ پڑے تو اسی کو کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھ کر دن کے تین حصوں میں سات سات جوتیاں مار کر اور اپنے اوپر سے سات مرتبہ اتارا کر کے جلائے اور اس کی دھونی بھی لے۔

| لشکر فرعون غرق وتباہ شد العجل الساعۃ الوحا |
|---|

## تیغ بندی

اس عمل کو بھی جائز طور پر کیا جائے کیونکہ اس کو نا جائز طور پر کرنے سے ہو سکتا ہے کہ جو دشمن افراد ہوں وہ زیادہ نقصان پہنچانے کی کوشش کریں اور نقصان کر بھی دیں اس لئے یہ نقش تمام ان افراد کے اوزار کو باندھ دینے والا ہے جو کسی پر ناحق تلوار یا گولیاں چلاتے ہوں اس نقش کو اتوار کے دن بوقت صبح نہر کے کنارے بیٹھ کر کالی سیاہی سے لکھے اور جس فرد کو دینا ہے یا وہ فرد خود اس کے نیچے اپنے مخالف افراد کے نام لکھے اور اپنے نام کے آگے اپنا مختصر سا مقصد لکھے پھر ان افراد میں سے کوئی بھی اوزار چلانے کی کوشش کریگا تو اس کا ہر وار خطا جائیگا۔

هو الحق

فلاں بن فلاں

هو الحق

# دوکان کی ترقی

اگر کسی فرد کی دوکان باندھ دی ہو تو وہ اس عمل کو کرے اس عمل کی بدولت اس کی دوکانداری میں برکت اور رزق کا اضافہ ہوگا اور تمام قسم کے سفلی علوم سے محفوظ رہیگا۔

کھیعص ۔ کفیت حمعسق ۔ حمت ۔ ک ھا یا عین ۔ صاد ۔ کفیت حا میم عین سین قاف قاف حمت ۔ جب بھی دوکان کھولے تو دونوں انگلیوں کو ایک دم بند کر کے ایک ایک حرف پڑھ کر ایک ایک انگلی کھولتا جائے اس کو پانچ یا سات مرتبہ کرے اور جب اس عمل کو ختم کرلے تو (ربنا اتنا من لدنک رحمۃ ھی لنا من امرنا رشدا ۔

# بیماریاں

یہ نقش تمام اقسام کی بیماریوں کو ختم کیلیئے بہت زود اثر ہے مثلاً اگر کوئی بخار میں مبتلا ہو تو اس کو زعفران سے لکھ کر ایک کو مریض کے تکیے کے نیچے رکھا جائے اور دوسرے کو گلے میں مریض کا نام والدہ لکھ کر باندھا جائے اور تیسرے کو گلاب کے عرق کی بوتل میں ڈال کر اس عرق کو صبح و شام پیا جائے ہر طرح کی اندرونی و بیرونی بیماریوں کا خاتمہ ہوگا اور اگر ہو سکے تو ایک عدد نقش لکھ کر شیشے کے فریم میں مریض کے سامنے لگایا جائے اس سے کئی گناہ اثر میں اضافہ ہوگا۔

| ۳۱۶۸۶ | ۳۱۶۶۵ | ۳۱۶۸۸ | ۳۱۶۸۶ |
|---|---|---|---|
| ۳۱۶۴۷ | ۳۱۶۷۶ | ۳۱۶۸۱ | ۳۱۶۸۶ |
| ۳۱۶۷۷ | ۳۱۶۹۰ | ۳۱۶۸۳ | ۳۱۶۶۶ |
| ۳۱۶۸۳ | ۳۱۶۷۹ | ۳۱۶۷۸ | ۳۱۶۷۹ |

# مرگی

مرگی کے مریض اس نقش کو سفید مرغ کے خون سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے اپنے گلے میں باندھے تمام قسم کے دورے بند ہونگے اور اس مرض سے شفاء ہوگی۔

# پیٹ درد

اگر کسی کو پیٹ کے عارضوں سے نجات دلوانی ہو تو اس نقش کو پان کے چھوٹے سے پتے پر لکھے اور اسے مریض کو کھلا دے اس کے کھاتے ہی مریض کا پیٹ بالکل صحیح ہوگا اور آئندہ کیلئے بھی محفوظ ہوگا۔



| اوا | ع | ع | حصہ |
|---|---|---|---|
| د | ع | ۱۰ | ۷۸ |
| ع | ب | ۷۹ | ۶۲ |

# زیادتی دودھ

اگر کسی عورت کا پیدائش کے بعد دودھ کم ہوگیا ہو یا خشک ہوگیا ہو تو وہ اس آیت کو نمک پر دم کر کے اس نمک کو کھائے دودھ کھل کر آئیگا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم مثل الذین اموالھم فی سبیل اللہ کمثل حبۃ واللہ یضاعف لمن یشاء واللہ واسع علیم۔

# ڈر لگنا

اگر کوئی رات کو سوتے میں ڈرتا ہو تو وہ اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے کبھی نہیں ڈرے گا۔

| یااللہ | یارحمٰن | یارحیم | یااللہ |
|---|---|---|---|
| یامالک | یاقدوس | یاسلام | یامومن |
| یارب | یاواحد | یااحد | یااللہ |
| جلسا | علسا | عسا | جلسا |

# طریقہ استخارہ

اگر کسی بھی کام کے متعلق پتہ لگانا ہو کہ فلان کام ہوگا کہ نہیں کوئی بیمار صحتمند ہوگا یا نہیں یا کوئی بھی بات معلوم کرنی ہو تو نام سائل یعنی جو سوال کرے اور اس شے کا نام جس کے متعلق معلوم کرنا چاہتا ہے یعنی ایک سوال بیمار کے متعلق ہے تو بیمار کا نام کسی شہر میں جانے سے متعلق ہے تو شہر کا نام لکھ کر اس کے اعداد نکالو جو دن سوال کا ہو اس کے بھی عدد نکالو اور جو تاریخ قمری ہو اس کے بھی عدد اور جس ستارے میں سوال دیکھا جا رہا ہے ان تمام اعداد کو جمع کر کے کل مجموعہ میں (٦٦) یہ اعداد بھی جمع کریں اور (٢٨) پر تقسیم کرے پھر نقشہ میں سے دیکھ کر خود دیکھ لو کہ کس سوال کا کون سا جواب ہے۔ تقسیم کرنے کے بعد جو بھی عدد سب سے آخر میں نکلے گا اس کو نقشہ میں دیکھا جائے اس حساب سے بڑے سے بڑے کام لئے جاسکتے ہیں کوئی بھی کام یا کاروبار شروع کرنے سے پہلے اگر اس کی مدد حاصل کی جائے تو نقصان ہونے کا اندیشہ کم ہی رہتا ہے۔ کیونکہ اس طریقہ کار سے وقت سے پہلے ہی آگاہی ہو جاتی ہے کہ فلاں کام اچھا ہے کہ نہیں فائدہ ہوگا یا نقصان۔

کامیابی

| | | |
|---|---|---|
| | ۴ | |
| ۱۹ | ۲۷ | ۲۳ |
| ۹ | ۶ | ۱۸ |
| ۱۰ | ۱۳ | ۲ |
| ۱۴ | ۸ | ۲۰ |
| | ۱ | |

ناکامی

| | | |
|---|---|---|
| | ۳۸ | |
| ۱۱ | ۳۵ | ۲۴ |
| ۱۶ | ۲۱ | ۷ |
| ۲۲ | ۱۷ | ۱۵ |
| ۵ | ۱۲ | ۲۶ |
| | ۳ | |

# اعمال الو

ہمیشہ کی طرح یہ کتاب بھی اپنی نوعیت کی منفرد کتاب ہے لیکن دوسری کتابوں سے ہٹ کر اس میں جن عملیات کا ذکر ہے اس کا تعلق الو اور اس سے منسوب عملیات پہ ہے اور اس کے علاوہ اور کئی ایسے اعمال جن کا ناجائز استعمال کرنا اللہ کے عذاب کو آواز دینے کے برابر ہوگا۔ اس لئے کوئی فرد بھی کتاب میں سے کوئی بھی ایسا عمل نہ کرے جو کسی کی زندگی کو تباہ و برباد کرتا ہو بلکہ ایسے اعمال کرے جس سے دوسروں کی زندگی میں سکون پیدا ہو اس لئے تمام عاملین اور اس سلسلے سے منسوب افراد سے ایک ہی درخواست ہے کہ زیادہ سے زیادہ اچھے کام کریں اور خلق خدا کی خدمت کریں ایسے اعمال سے اللہ کی مخلوق اور اللہ خوش ہوتا ہے اور اپنے بندے پر رحمتیں برساتا ہے اب دنیا میں کون ایسا شخص ہوگا جو اللہ کی رحمت کا محتاج نہیں ہوگا۔ اس لئے اللہ کی رحمت کا مستحق بننے کیلئے اچھے سے اچھے کام کرنے چاہئے کیونکہ عملیات کی کتب میں جہاں دو جدا افراد کو ملانے کے اعمال درج ہوتے ہیں وہاں دو ساتھ رہنے والوں کو جدا کرنے کے بھی اعمال درج ہوتے ہیں جس طرح دنیا میں صرف اچھے ہی لوگ نہیں ہوتے بلکہ برے افراد بھی اس معاشرے میں بکثرت پائے جاتے ہیں اس لئے کوشش یہی کرنی چاہئے کہ کسی کی غلطی کو سزا دے کر احساس نہ دلایا جائے بلکہ زیادہ معاف کرنے کے رواج کو پھیلایا جائے کیونکہ اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ اچھا انسان وہی ہوتا ہے جو کسی کو معاف کرتا ہے اور کسی کے راز کو راز رکھتا ہے۔ جب اللہ اپنے بندوں کے راز رکھتا ہے اور کسی کی بات کسی کو نہیں بتاتا تو انسانوں کو بھی چاہئے کہ اللہ کو خوش رکھنے والے طریقہ کار کو اپنائے۔ کتاب میں لکھی گئی تمام باتیں اور نقوش دنیا کی کسی بھی کتاب میں نہیں ہونگی کیونکہ ان سب کا تعلق سینہ بہ سینہ اعمال سے ہے۔

# تسخیر الو

اس عمل کی بدولت کوئی بھی عامل الو سے جو بھی سوال کرے وہ بالکل ٹھیک اور صحیح جواب دیگا۔ اور جو بھی مقصد ہوگا اس کا صحیح حل بتائے گا لیکن اس عمل کا عامل بننے کیلئے کچھ پرہیز اور کچھ ایسی ضروری باتیں ہیں جن پر سختی سے اگر پابندی نہ کی جائے تو ہوسکتا کہ عامل ہلاک ہو جائے اس لئے اس عمل کو بہت سوچ سمجھ کر کرنا چاہئے تاکہ مقصد میں کامیابی حاصل ہو اور پرندہ الو تسخیر ہو اور دنیاوی کاموں میں کام آسکے اب الو کا کہیں سے جوان بچہ حاصل کرے اور اسے کسی بھی پنجرے میں قید نہ کرے بلکہ کسی علیحدہ اور پاک وصاف مقام پر رکھے اور اسے قید نہ کرے بس اس کمرے میں کسی کو آنے نہ دے اور اسے اپنے ساتھ رہنے کی عادت ڈالے اس کی خوراک دن میں دو مرتبہ تازہ چڑے کو ذبح کر کے ڈالے یعنی تکبیر پڑھ کر حلال کر کے کھلائے اور صاف پانی بھی یہ اس الو کی خوراک ہوگی پھر روزانہ رات بارہ بجے کے بعد اسے اپنے سامنے بٹھا کر اس کی آنکھوں سے آنکھیں ملا کر بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ الا ھو الرحمن الرحیم بسم اللہ الرحمن الرحیم یا خبیر اخبرنی من اسرار الغیب ۔ گیارہ سو مرتبہ پڑھے اور جب بھی اس کمرے میں داخل ہو اور جب پڑھائی ختم کر کے باہر آئے تو (لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظلمین ) کم از کم گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم ضرور کرے یہ اس عمل کی حصار ہے دوران عمل حصار کرنے کی کوئی اہم ضرورت نہیں ہے۔ دوران عمل اگربتی ضرور جلائے اور اپنے لباس کو صاف ستھرا رکھے اور لباس سفید استعمال کرے۔ عمل کی مدت کل چالیس دن ہوگی اور عمل کا آغاز نوچندی جمعرات سے کرنا ہوگا جب چالیسویں دن الو بولنا شروع

کر دے تو جان لے کہ عمل تمام ہو گیا ہے یعنی الوانسانوں کی طرح بولے گا جب ایسی کیفیت بن جائے تو الو کو کسی پنجرے میں ڈال کر اس کے اوپر سفید رنگ کی چادر ڈال دے اور جو بھی سوال ہو اس سے پوچھے کہ فلان آدمی کیا کر رہا ہے یا فلاں آدمی کو کیا مرض ہے وہ سب کچھ صحیح بتائے گا۔ اس عمل کے دوران بعض عجیب وغریب حالات بھی پیدا ہوتے ہیں جن سے گھبرانا نہیں چاہئے بلکہ ڈٹ کر اس کا مقابلہ کرنا چاہئے اور کسی بھی بات کی طرف زیادہ دھیان نہیں کرنا چاہئے بس الو کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اپنی پڑھائی کی طرف توجہ کرنی چاہئے بعض اوقات پڑھائی کے دوران ایسا بھی ہوتا ہے کہ الو بہت بڑا اور بڑا بھیانک محسوس ہوتا ہے اس سے خوف نہیں کھانا چاہئے بس اپنے عمل کی طرف زیادہ دھیان رکھنا چاہئے ایسا بھی ہوتا کہ الو خود ہی بول کر عامل کو ڈراتا ہے اور عامل کی ایسی باتیں بھی بتاتا ہے جو عامل کے سوا کسی کو معلوم نہیں ہوتیں ایسی باتوں کی طرف بالکل دھیان نہیں دینا چاہئے یہ الو کی تسخیر کا عمل نمبر ایک ہے اس طرح کے اور کئی طریقہ کار ہیں جس سے الو تسخیر ہوتا ہے اور اپنے فوائد اور نقصانات سے آگاہ کرتا ہے۔ یہ عمل صرف باتوں تک ہی رہتا ہے جس سے کئی قسم کے علاج اور مرضوں کی صحیح نشاندہی ہوتی ہے۔ مثلاً اگر کوئی مریض ہو تو عامل اس سے اس کی بیماری کے متعلق پوچھے تو یہ بتاتا کہ فلان فلان جگہ اس کے نام کے کچھ تعویذ ونقش ہیں جن کو باہر نکالنے سے یہ بالکل ٹھیک ہو جائے گا۔ ایک اور واضح بات کہ عمل کے دوران اگربتی کو جلائے اور پڑھائی کے دوران اگربتی اگر ختم ہو جائے تو نئی لگائے اسے بجھنے نہ دے۔ ایسے عملیات بہت بلند حوصلہ مانگتے ہیں کمزور دل عامل حضرات ایسے عملیات نہ کریں کیونکہ ہو سکتا ہے کہ دوران عمل ان کی حرکت قلب ہی بند ہو جائے کیونکہ ایسے واقعات عمل کے دوران پیش آتے ہیں جو انسان تصور بھی نہیں کر سکتا اس لئے بہت سوچ سمجھ کر ایسے عملیات کرنے چاہئیں۔

# تسخیر الو کا دوسرا طریقہ

اس عمل کی بدولت عامل الو سے باتیں نہیں کر سکے گا بلکہ اس کے جسمانی اعضاء کو استعمال کر کے اس کے ذریعے سے حاصل ہونے والے فوائد ونقصانات سے دوچار ہو سکے گا۔اور دنیاوی کسی بھی مقصد میں کامیاب ہو سکے گا۔پہلے عمل میں الو سے باتیں پوچھنے کے متعلق عمل درج ہے لیکن یہ عمل اس سے بہت مختلف ہے یہ عمل کل چالیس روز پر مشتمل ہوگا اس کیلئے ایک پاک وصاف مقام کا بندوبست کرے اور الو کو اپنے ساتھ اتنا سدھ کر لے کہ عامل کو کاٹے نا بلکہ عامل کو اپنا مالک تصور کرے اس طرح کرنے کے بعد روزانہ بعد نماز عشاء سے الو کے سامنے بیٹھ کر (ھو السامعتہ ھو یا کریم ) گیارہ سو مرتبہ پڑھے اس عمل میں آنکھیں ملانے یا نہ ملانے پر کوئی پابندی نہیں ہے بس اپنی پڑھائی پڑھتے رہیں اس عمل میں الو خود بولے گا اور اپنے جسم کے اعضاء کے متعلق بتائے گا۔روزانہ جب پڑھائی پڑھنے بیٹھیں تو ایک عدد چھری ضرور اپنے پاس رکھیں یعنی اپنی جیب میں ڈال کر رکھیں۔جب الو بتائے کہ میرے فلاں فلاں حصے کے اندر یہ تاثیر ہے تو غور سے سنتا جائے جب یہ اپنے سر کی تشریح کرنی شروع کرے تو چھری سے اسی وقت اسے ذبح کر دے نہیں تو یہ عامل کو مار ڈالے گا پھر جب یہ ذبح ہو چکے تو اس کی ایک آنکھ بند اور ایک آنکھ کھلی ہوگی جو آنکھ کھلی ہوگی اسے سنبھال کر اپنے پاس رکھ لے یہ بھی کئی کاموں میں کام آئیگی۔جس کی تفصیل آگے درج ہوگی۔اصل میں الو سارا ہی جادو ہے اور اس کے جسم کا ہر ایک حصہ کسی نہ کسی کام ضرور آتا ہے لیکن اس عمل کا عامل کا بننا ضروری اور لازمی ہے اور جو کوئی بھی اس کا عامل بن جائیگا وہ اس کے جسم سے ملنے والے مواد کو استعمال کر کے کامیاب ہو سکے گا۔

# استعمال الو

یہاں سے جو سلسلہ شروع ہوگا اس کا تعلق الو کے جسمانی اعضاء سے متعلق ہے
یہ کس کس کام میں آتے ہیں ملاحظہ فرمایئے۔ ہوسکتا ہے کہ بعض افراد ان عملیات کو جھوٹ اور
من گھرت کہانی سمجھیں اور الو کے بولنے پر حیرت بھی ظاہر کریں لیکن یہاں لکھے گئے
طریقہ کار کو جو کوئی بھی صحیح طریقے سے استعمال کرے گا وہ ایک ایک حرف کو بالکل صحیح پائے گا
اور اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہوگا کیونکہ نسخہ جتنا کامل ہوگا علاج بھی سو فیصدی درست
ہوگا اور اگر نسخہ ٹھیک نہیں ہوگا تو علاج کیسا ہوگا اس کے متعلق سب اچھی طرح جانتے ہیں
۔ ہوسکتا ہے کہ بعض افراد الو کو بلوانے والا عمل کر چکے ہوں یا کر رہے ہوں اور الو کے نہ
بولنے پر وہ سب کچھ جھوٹ اور فریب سمجھتے ہوں اگر کوئی فرد ایسا کر چکے ہوں تو سب سے
پہلے اپنی کچھ خامیاں درست کرلیں مثلاً کہ الو کی طرح کا ایک اور پرندہ ہوتا ہے جسے (بل
بتوڑی) کہا جاتا اس کی تقریبا مشابہت الو سے بہت ملتی ہے اگر کوئی فرد عمل تو الو کو بلوانے
والا کررہا ہے اور اسے کامیابی نہ ہوئی تو اس بات کا صحیح طرح سے پتہ لگوائے کہ یہ الو ہے کہ
کوئی اور چیز کیونکہ یہاں جس موضوع کے متعلق لکھا جارہا یہ پرندہ الو سے منسوب ہے نہ کہ
کسی اور پرندہ کے اور جن اعمال میں الو کے ساتھ دوسرے پرندوں کی منسوبیتہے ان کا علیحدہ
سے عمل کے آگے درج ہوگا کہ الو کی فلاں شے کو فلاں پرندے سے کرے اس کے علاوہ الو نہ
تو بچے کی شکل میں ہو اور نہ زیادہ بڑا بلکہ درمیانہ جوان پٹھا ہو پھر جب ان شرائط پر قابو پا کر الو
سے متعلق عمل کیا جائیگا تو وہ بالکل اسی فرد کے بولنے والی زبان میں سوال و جواب کریگا جس
کو دیکھ کر شاید کمزور دل فرد کا قلب ہی بند ہوجائے اس لئے جو کوئی بھی اس عمل کو کرنے کا
شوق رکھتا ہو اس کیلئے بڑا دل رکھنا ضروری و لازمی ہے۔

# الو کے ناخن

(1) اگر کسی نے کسی علم کے ذریعے ایسا علم کروایا ہو جس سے کسی کے ہاں صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں تو الو کے سیدھے ہاتھ کا پہلی انگلی کا ناخن چاندی کے پترے میں بند کروا کر عورت اپنے گلے میں پہنے اس پر کیے گئے علم کا خاتمہ ہوگا اور اس کے ہاں پیدائش لڑکے کی ہوگی۔ اللہ جو چاہے وہ کر سکتا ہے لیکن عملیات کے حوالے سے علمی طور پر یہ بھی ایک علم ہے اور آزمانے والوں نے آزمایا ہے اس عمل کو شرک کے طور پر کبھی خیال بھی نہ کیا جائے

(2) اگر کسی کے بہت سارے دشمن ہو تو وہ اس کے الٹے ہاتھ کے ناخن کو تانبے میں لپیٹے اور اس کے ساتھ اس نقش کو بھی اور اسے اپنے بازو پر باندھے اس کے جو بھی دشمن ہونگے وہ ہمیشہ سرنگوں رہیں گے اور اس فرد کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکیں گے۔

(3) اگر کسی بچے کے دانت نکلتے ہوں اور تکلیف ہوتی ہو تو اس کے ناخن کو کسی سفید کپڑے میں لپیٹ کر بچے کے گلے میں پہنائے دانت آسانی سے نکلیں گے۔

(4) اگر کسی عورت کو سزا دینی ہو تو اس کے تمام ناخنوں کو جلا کر اس کی راکھ کو جو کوئی بھی آٹے میں بند کر کے روٹی پکا کر کھلا دیگا اس کے ہاں کبھی اولاد نہیں ہوگی اور اس پر کوئی بھی علاج اثر نہیں کریگا۔

(5) اگر اس کے ناخن کو کوئی بھی بطور نقش کے اپنے گلے میں پہنے تو اسے کسی بھی قسم کا جادو اور آسیب اثر نہیں کرے گا۔

(6) اگر کسی کو بار بار بدنظر لگتی ہو تو وہ بھی اس کے ناخن کو اپنے سیدھے بازو پر باندھے یا گلے میں کبھی بدنظر نہیں ہوگی۔

(7) اگر دو افراد میں جدائی کروانی ہو تو اس کے الٹے ہاتھ کے ناخن کو ہلکا ہلکا کسی تیز دھار سے کریدے اور اس پر ایک سو مرتبہ (یا قاھر تقھرت و القھر فی القھر قھرک یا قھار) پڑھے اور اسے دو افراد کی گزرگاہ میں دفن کردے تو ان کی آپس میں پھوٹ پڑ جائیگی۔ اور یہ دونوں ایک دوسرے کے دشمن بن جائینگے۔

(۸) اگر اپنے محبوب کو اپنے پیار میں دیوانہ بنانا ہو تو اس کی ایک تصویر حاصل کرے اور الو کے سات ناخنوں کو حاصل کرے اور تصویر میں جتنے بھی سوراخ ہوں ان سب پر ناخنوں کو تصویر کے آر پار کر کے اسے اپنے محبوب کے گھر کی چوکھٹ کے نیچے دبائے محبوب اس عمل کی بدولت ہر وقت پیار میں مبتلا رہیگا اور بے قراری محسوس کریگا۔ اسی طرح اگر کسی دشمن کو سزا دینی ہو اور اسے اللہ کے عذاب میں مبتلا کرنا ہو تو دشمن کی ایک تصویر پر الو کے سات ناخنوں پر اپنے دشمن کے نام کے مطابق اسے پڑھے (یا قاھر ذالبطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامہ) اور جسم کے تمام سوراخوں میں ان ناخنوں کو پیوست کردے اور کسی قبر میں دفنا دے۔

## الو کے پر

(1) اگر اس کے الٹے پر اور کالی روشنائی سے اس نقش کو لکھا جائے اور کسی کے گلے میں پہنایا جائے تو وہ کبھی بھی خوش نہیں ہوسکتا اور نہ ہی برسرروزگار ہوسکتا ہے یعنی اس کاروبار اور گھر دونوں ہی برباد ہوجاتے ہیں یہ عمل دشمنی و بغض کا ہے اور یہ ناجائز ہرگز نہیں کرنا چاہیے اگر کسی کے گلے میں نہ پہنایا جائے تو اس کی گزرگاہ میں دفن کردے۔

(2) اگر اس کے پروں کو جلا کر کسی کھانے پینے والی شے میں ملا کر کھلایا جائے تو اس کا جسم دن بدن لاغر و کمزور ہو گا اور کوئی بھی دوا اپنا اثر نہیں کریگی۔ اگر اسی راکھ پر گیارہ سو مرتبہ (یا قاہر قہر کر یا جبار جبر کر دشمن کو ہر طرح سے زیر کر اس کے گھر و کاروبار کو تباہ کر) پڑھ کر پھینکا جائے تو دشمن تباہ و برباد ہو گا۔

(3) اگر اس کے سیدھے پر پر اس نقش کو لکھا جائے اور کسی دشمن کے گھر میں دبایا جائے تو ان کے گھر فساد اور جھگڑے ہونگے۔

(4) اگر اس کے پروں کی راکھ کسی عورت کو کھلا دی جائے تو وہ ساری زندگی حاملہ نہیں ہوگی۔

(5) اگر کوئی دشمن بہت پریشان کرتا ہو تو اس کے پروں کی راکھ پر ایک سو ایک مرتبہ یا قہار یا مذل یا جبار) یہ ایک تسبیح شمار ہوگی پڑھ کر دم کرے اور اسے کسی کھانے والی شے میں یا اس کے گھر میں ایسی جگہ دفن کرے جہاں اس کا گزر ہوتا ہو۔ دشمن دن بدن برباد ہونا شروع ہو گا۔



(6) اگر کسی کا محبوب اپنے مطلوب کو پریشان کرتا ہو اور اس کی اصلاح نہ ہوتی ہو تو اس

کے پروں پر پانچ سو مرتبہ (یحبونهم کحب الله والذین آمنو اشد حبا لله) پڑھ کر دم کرے اور اسے کھانے والی شے میں ملا کر کھلا دے۔

(7) اگر کوئی افسر یا حاکم بدتمیزی کرتا ہو اور اس کی اصلاح نہ ہوتی ہو تو پروں کی راکھ کو کسی بھی شے میں ملا کر کھلا دے اور تصور اپنے کام کا مکمل رکھے۔

## الو کی ھڈی

(1) اگر کسی کا گھر تباہ و برباد کرنا ہو تو اس کی ھڈی پر اس نقش کو منحوس ساعت میں لکھا جائے اور دشمن کے گھر میں دبا دے چند دنوں میں دشمن کا گھر تباہ ہوگا۔

(2) اگر کسی کو اس کی ھڈی کو پیس کر کھلا دیا جائے تو وہ کبھی تندرست نہیں ہوگا۔

(3) اگر کسی سے محبت قائم کرنی ہو تو اس کی ھڈی پر اس نقش کو لکھے اور نام محبوب مع والدہ لکھے اور اسے محبوب کی گزرگاہ میں دفنا دے تو اس کا محبوب کبھی جدا نہیں ہوگا۔

(4) اگر جادو ٹونہ سے بچنے اور آسیب کی شر افسانیوں سے بچنا چاہے تو اس کی سیدھے پر کی ھڈی کو تانبہ کی دھات میں بند کروا کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے۔ جو کوئی بھی جادو یا

ٹونہ کریگا الٹا اسی پر پلٹ جائیگا۔

(5) اگر کسی پر بہت سخت جادو کیا ہو اور کسی بھی علاج سے آرام نہ آتا ہو تو اس کی ھڈی پر اپنا نام لکھ کر اسے اپنے تکئے کے نیچے رکھ کر روزانہ سوئے اگر اس عمل سے بھی افاقہ نہ ہو تو اس کی ھڈی پر (طائر الطیور یحق الف) کالی سیاہی سے لکھے اور اسے اپنے پاس بطور تعویذ رکھے۔

(6) اگر کسی کی دوکان کی بندش کی گئی ہو تو اس کی ھڈی کو اپنی دوکان کی چوکھٹ کے نیچے دبائے اور اس پر سات دنوں تک دریا کا پانی مسلسل چھڑکتا رہے بندش کا خاتمہ ہوگا۔

(7) اگر کوئی دشمنوں سے مغلوب ہوتے ہوئے خوف کھاتا ہو تو ھڈی پر اپنے دشمن کا نام مع والدہ مفردات میں لکھے اور اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے دشمنوں کا خوف ختم ہوگا اور وہ جب بھی سامنے آئیگا خود مغلوب ہوگا۔



## الو کا خون

(1) اگر اس کے خون سے اس نقش کو لکھا جائے اور اسے پانی میں ملا کر اپنے دشمن کو پلایا جائے تو وہ ساری زندگی کبھی صحیح وٹھیک نہیں ہوگا اور روزانہ کسی نہ کسی بیماری میں مبتلا رہیگا۔

(2) اگر دو افراد دوسرے مسلمانوں کو پریشان کرتے ہوں تو اس کے خون پر اس عزیمت کو ان دو افراد کے نام کی تعداد کے مطابق پڑھے اور اسے ان دونوں کی گزرگاہ میں

پھینک دے وہ خود اللہ کے عذاب میں گرفتار ہونگے اور شریف انسانوں کو پریشان نہیں کر سکیں گے۔(سہ سہ سہ ۵۷۶۵ ط۴۵۷۶۵ ط ط ط ۹۸۷۶۷۶۵۴۵۷۵سہ سہ سہ سسہ ططططلعتم فقططعلترع)

(3) اگر کوئی گھر سے بار بار بھاگتا ہو اور اپنی اس حرکت کو ترک نہ کرتا ہو تو اس کے خون سے اس نقش کو لکھے اور نام اس بھاگنے والے کا مع والدہ لکھے اور اسے پانی میں گھول کر پلائے زندگی میں کبھی نہیں بھاگے گا۔

فلان بن فلان

(4) اگر دو پیار کرنے والوں کے درمیان کوئی رکاوٹ ہو اور اس کا خاتمہ نہ ہوتا ہو اس نقش کو اس کے خون سے لکھ کر نام ان افراد کے لکھے جو رکاوٹ ڈالتے ہیں اور ان کو اس نقش کو پلائے اگر پلا نہ سکے تو ان کے بیٹھنے والی جگہ پر اس پانی کا چھڑکاؤ کرے وہ اپنی حرکات سے باز آئینگے اور رکاوٹوں کا خاتمہ ہوگا۔

(5) اگر اس کے خون کو روئی سے لگا کر اچھی طرح تر کرے اور اس روئی کو جلا کر اس کی راکھ بنائے اور اسے اپنی آنکھوں میں لگائے تو اسے جنات، مورتیاں، اور مخفی روحانی مخلوق نظر آئے گی ایسا نہیں ہوگا کہ یہ سب خواب کی طرح ہوگا بلکہ جس طرح حقیقت میں دیکھا جاتا ہے بالکل اسی طرح نظر آئے گا۔

(6) اگر کوئی جادو میں مبتلا ہو اور کوئی علاج اپنا اثر نہ کرے تو اس عزیمت کو اس کے خون سے لکھے اور مریض اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے جس نوعیت کا بھی جادو کیا ہوگا اس کا خاتمہ ہوگا۔ (ولہ عقد طط ع رگ تگ ۷ ٦ ۵ ۵ ۴ ۴ ٦ ۵۵٦۸۷٦۷)

(7) اگر کوئی اس کے خون میں کچھ مقدار قبر کی مٹی ڈال کر ملائے اور خشک ہونے پر کسی بھی انسان کے سر پر پھینکے تو وہ ساری زندگی کیلئے پاگل بن جائیگا اور کوئی بھی علاج اثر انداز نہیں ہوگا۔

اس کے علاوہ الو کے خون کو بہت سے ایسے کاموں میں استعمال کیا جاتا ہے جس کا ذکر یہاں کرنا نامناسب ہے عقلمند کو اشارہ ہی کافی ہوتا ہے۔ کتاب میں لکھی تمام باتوں کو وہی افراد صحیح اور سچ مانیں گے جو اس پر عمل کریں گے اور اگر کوئی ویسے ہی کتاب کو پڑھ کر اپنی کوئی رائے قائم کرے تو یہ اس فرد کے ذھن کا فتور ہوگا کہ فلاں صحیح ہے اور فلاں صحیح نہیں ہے ایسے افراد کو کسی بھی عمل یا نقش کو برا کہنے کا کوئی حق نہیں ہونا چاہئے۔

## الو کا گوشت

(1) اگر اس کے گوشت کو بکرے کے گوشت میں ملا کر کھلایا جائے اور اس پر اس آیت کو سو مرتبہ پڑھ کر دم کر کے جس کسی کو بھی کھلایا جائے تو وہ ایسا دیوانہ بن جائیگا کہ ساری زندگی کیلئے اس سے جان چھڑوانی مشکل ہو جائیگی۔ (حب قب طبابیق طبائیق طاء و طب حرز و حریز و دیق جنته ) یہ عمل حب پیدا کرنے کیلئے موثر ہے اور اگر کسی دشمن کو بیمار کرنا ہو اور اسے ایسی بیماری میں مبتلا کرنا ہو جس سے اس پر کوئی بھی علاج اپنا اثر نہ کرے تو اس کے گوشت پر اس کو سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور کسی طریقہ سے کھلادے دشمن چارپائی پر ایسا پڑے گا کہ دوبارہ اٹھنے کا نام نہیں لیگا۔

(یا القاھر تقھرت یا المذل تذللت یا القھار تقھرت)

(2) اگر اس کے گوشت کو چھاؤں میں بغیر دھوپ کے سکھایا جائے اور جس کسی کو بھی کھلایا جائے تو وہ پیار و محبت میں مبتلا ہوگا یہ عمل حب کا کام دیگا اور اگر اسی گوشت پر اس کلام کو پڑھ کر کسی کو کھلایا جائے تو وہ ہلاکت میں مبتلا ہوگا۔(یا قابضۃ الارواح بحق عزرائیل) اس عمل کو ناجائز ہرگز مت کیا جائے کیونکہ اگر اس کی لپیٹ میں دشمن یا کوئی بھی فرد نہ آیا تو ہلاکت عامل یا اس عمل کو کرنے والے کی ہوگی۔اس لئے بہت سوچ سمجھ کر اس عمل کو کرنے کا ارادہ کرے اور واضح رہے کہ الو کا گوشت سوکھ جانے پر کھرل میں ڈال کر سفوف کی شکل میں بنا کر کھلایا پلایا جائے۔

(3) اگر کسی کی زبان بندی کرنی ہو تو اس کے گوشت کو پکایا جائے اور اپنے مقصد کا تصور باندھ کر کھلایا جائے اس کے کھاتے ہی اس کی زبان بند ہوگی جو ناجائز زبان چلاتا ہوگا۔اس عمل کو بھی جائز جگہ کرے۔اگر یہ عمل کوئی افاقہ نہ کرے تو الو کی زبان کے ساتھ اس کا بال لپیٹے جس کی زبان بند کرنی ہو اور اس کے گھر میں دبائے۔اس کے علاوہ الو کے کیا کیا فوائد اور کیا کیا نقصانات ہیں ان کا تفصیل وار اسی کتاب کے اگلے حصے میں شائع کیا جائیگا اور ایسے عملیات وتعویذات سے مطلع کروایا جائیگا جس کے متعلق آج سے پہلے کوئی جانتا نہیں ہوگا۔

# متفرق اعمال الو

اوپر مذکورہ طریقہ کار الو کے جسمانی نظام کے ساتھ منسلک تھے اب یہاں سے جو سلسلہ شروع کیا جارہا ہے اس کا تعلق الو کے ساتھ اور کئی جانوروں سے مل کر کیا خواص پیدا کرتے ہیں اس کا ذکر ہوگا جس سے دنیاوی مقاصد میں عامل حضرات یا کوئی بھی کام لے سکے گا۔ اس کے علاوہ اور کئی قسم کے اعمال درج ہونگے جن کا تعلق دنیاوی معاملات سے ہے اور سب بالکل صحیح وٹھیک درج کیا گیا ہے کیونکہ ان سب اعمال کا تعلق سینہ بہ سینہ اعمال سے ہے جو پوچھنے پر بھی کوئی نہیں بتاتا میں یہاں اس بات کو ضروری سمجھتا ہوں کہ اگر کوئی فرد محنت کرے تو اس کو صلہ بھی ملنا اس کا فرض ہے اور اگر کوئی صرف پڑھ پڑھ کر ہی استعمال کرے تو اس کے نتیجے کا ذمہ دار بھی وہ خود ہے۔



## نظروں سے غائب ہونا

اگر کوئی ایسا عمل کرنا چاہے جس سے سب کو وہ دیکھ سکے لیکن اسے کوئی نہ دیکھ سکے تو الو کی ریڑھ کی ھڈی اور ہدہد کے تمام ناخنوں کو ایک ساتھ جلائے جب سب کچھ راکھ ہو جائے تو اسے کھرل میں ڈال کر باریک سفوف بنائے اور اسے کسی شیشی میں محفوظ مقام پر رکھے اور اس پر روزانہ بعد نماز عشاء گیارہ سو مرتبہ (یا معشر الجن و الانس ان استطعتم ان تنفذوا من اقطار السموات و الارض فانفذوا الا تنفذون الا بسلطان ) پڑھے اور جب نظروں سے غائب ہونا ہو تو اس کو دیا سلائی کی مدد سے اپنی آنکھوں میں لگائے۔ سب کی نظروں سے اوجھل ہو جائیگا۔ اس عمل کا کبھی تجربہ نہیں کیا گیا لیکن جن افراد نے اس عمل کو کیا ہے یہ نسخہ ان سے نقل کر کے درج کیا گیا ہے اس لئے اس پر جو کوئی بھی عمل کریگا وہ شاید اسے صحیح ہی پائے۔

## مصیبت میں مبتلا کرنا

اگر کسی کو جائز طور پر کسی مصیبت میں گرفتار کرنا ہو جس سے کئی افراد کی زندگی سکون میں آجائے تو الو کے گوشت کو جلا کر راکھ کی شکل میں بنائے اور کسی پرانی قبر کی مٹی ملا کر جس کسی کے بھی سر میں اس راکھ کو ڈالا جائیگا وہ روزانہ نئی نئی بیماریوں اور تکالیف میں مبتلا ہوتا رہیگا اور کوئی علاج بھی اثر نہیں کریگا۔

## مہربان افسر اور عہدے میں ترقی

اگر کسی افسر یا حاکم کا دل نرم کرنا ہو یا کوئی کام ہو اور انکاری کی صورت بن جائے تو الو کی بائیں ٹانگ کو جسم سے علیحدہ کر کے سائے میں خشک کرے اور اس پر گیارہ سو مرتبہ ایک ہی نشست میں (یا غفور یا حلیم یا عظیم یا علی) پڑھ کر دم کرے اور اسے کسی چمکدار شے میں رکھ کر اپنے پاس رکھ کر جائے اسے جو کوئی بھی دیکھے گا اس کا دل نرم ہوگا اور جس سے جو کوئی بھی کام ہوگا وہ پورا ہوگا۔ اور اگر کوئی نوکری پیشہ ملازم اس عمل کو کریگا تو اس کے عہدے میں زیادہ سے زیادہ ترقی ہوگی اور حاکم و افسران افراد اس سے ہمیشہ خوش رہیں گے۔

## دفینہ معلوم کرنا

اگر کسی کے گھر میں یا کسی بھی جگہ میں اس بات کا شک ہو کہ یہاں کوئی شے دفن ہے لیکن صحیح پتہ نہ چلتا ہو تو الو کے کلیجے کو خشک کر کے سبز رنگ کے کپڑے میں باندھ کر تعویذ کی شکل میں بنائے اور سفید رنگ کے مرغ کے گلے میں ڈال کر وہاں چھوڑ دے جہاں بھی دفینہ ہوگا وہ چند دنوں میں اس جگہ کو کریدنا شروع کر دے گا جب مرغ کو کریدتا ہوا دیکھیں تو وہاں کھدائی کروا کر دیکھا جائے کوئی نہ کوئی شے ضرور برآمد ہوگی۔ مرغ کا جوان ہونا شرط ہے۔

## اپنا دیوانہ بنانا

اگر کوئی کسی سے محبت کرتا ہو اور محبوب مطلوب کے ساتھ التفات نہ کرتا ہو تو الو کی آنکھیں اور کالی جنگلی بلی کی آنکھوں کو نکالے اس عمل کو بروز اتوار کرے ان چاروں آنکھوں کو سرخ کپڑے میں لپیٹ کر تعویذ کی شکل میں بنائے اور اسی حالت میں اپنے پاس رکھے اس کو جو کوئی بھی دیکھے گا وہ اس کا دیوانہ ہوگا اور اگر اس عمل کو کسی مخصوص محبوب کی خاطر کیا جائیگا تو اس کا دیوانہ بننا لازمی بن جائیگا۔

## قیدی رہا ہو

اگر کوئی قید میں بے گناہ قیدی ہو گیا ہو تو الو کا گھونسلہ رات کو تاریکی اور چاند کی (۲۸، ۲۹، ۳۰) کو نکال کر اسی جگہ حفاظت سے جلائے اور اس کی راکھ کو بحفاظت اسی وقت کسی شیشی میں اپنے پاس رکھے اور جب اس قیدی سے ملاقات ہو تو اس راکھ کو اس قیدی کے پاؤں پر لگائے اور اگر ہتھکڑی یا بیڑی پہنی ہو تو تھوڑی سی اس پر بھی ملے چند دنوں کے اندر بے گناہ قیدی رہا ہوگا۔ اس عمل کو صرف ایسی جگہ کرنا چاہئے جب پوری تصدیق ہو کہ قید ہونے والا بے گناہ ہے۔

## زبردست بغض وعداوت

یہ ایسا زبردست عمل ہے جس سے ہستے بستے گھر اجڑ جاتے ہیں اور اگر اس عمل کی آزمائش کرنی ہو تو کسی سرسبز پھولوں والے پودے پر آزما کر دیکھ لے وہ دنوں میں سوکھ کر کانٹا بن جائیگا الو کا خون اسی کے پر پر لگا کر اگر عورت کی ناف میں پہنایا جائے تو وہ حاملہ نہیں ہوگی۔ اگر اسے مرغی کی گردن میں ڈالا جائے تو وہ انڈہ نہیں دیگی۔ اگر کسی کے گھر میں اس کو دفن کیا جائے تو وہ دنوں میں برباد ہوگا۔ اگر کسی دوکان کی بندش کرنی ہو تو اس کو دوکان

کی چوکھٹ کے نیچے دبائے اس دوکان کی بندش ہوگی اور دنوں میں تباہ ہوگی دوافراد کو آپس میں جدا اوران کی آپس میں پھوٹ ڈلوانے کیلئے اس کو ان کے بیٹھنے والی جگہ پر دفن کردے وہ جیسے جیسے وہاں بیٹھیں گے ان کے دل میں ایک دوسرے کی نفرت پیدا ہوتی جائیگی۔

## بے قراری محبوب

اگر کوئی کسی سے بے پناہ محبت کرتا ہو اور اس کا محبوب اس کی طرف نگاہ نہ بھرتا ہو تو زندہ الو کا بایاں پر جڑ سے کاٹ لے اور اس سے جو بھی خون نکلے اسے ایک پیالی میں ڈالے اور اس کے پر کی قلم بنائے اور اس خون سے نام اپنے محبوب کا مع والدہ سفید کاغذ پر مفردات میں لکھے پھر اس پر کی قلم کے ساتھ اس نقش کو سرخ دھاگے سے لپیٹ کر جلائے جلانے کا مقام صاف ہو اور اس راکھ کو محبوب کی گزرگاہ میں محبوب کے سامنے اس کے راستے میں اڑائے محبوب کو صرف ایک مرتبہ ہی اس راکھ کو گرانے کا اعتراض ہوگا اس کے بعد وہ خود اپنے اندر ایک عجیب سی کیفیت محسوس کریگا اور صاحب عمل کی محبت میں گرفتار ہوگا۔محبوب کا نام اور اس کی والدہ کا نام ضرور لے اور اس راکھ پر سو مرتبہ انہیں ناموں کو دم کرے۔

## کامیابی مقصد

اگر کسی سے کوئی بھی کسی قسم کا کام ہو اور اس بات کا اندیشہ ہو کہ کہیں وہ شخص انکار نہ کردے تو تلی کے تیل میں الو کی زبان کا چھوٹا سا ٹکڑا خوب تر کرکے سرخ کپڑے میں

لپیٹ کر اپنی زبان کے نیچے رکھ کر جائے اور جب تک اس کا مقصد پورا نہ ہو جائے تب تک تھوک نہ پھینکے جس سے جو بھی کام ہوگا وہ کام کو پورا کرنے کی خاطر ضرور کوئی نہ کوئی حل نکالے گا اور انکاری کی صورت پیدا نہیں ہوگی۔ اس عمل کی ایک یہی شرط ہے کہ تھوک نہ پھینکی جائے۔

## دل میں پیار

اگر کسی سے بھی اپنی محبت قائم کرنی ہو یا کئی افراد آپس میں ہمیشہ مل کر رہنا چاہتے ہوں اور اپنے درمیان حائل رکاوٹوں کو دور کرنا چاہتے ہوں یا کسی کے دل میں بتائے بغیر اپنی محبت کا احساس پیدا کرنا ہو تو الو کے دماغ کو سائے میں خشک کیا جائے اور جتنا وزن اس کے سوکھے ہوئے مغز کا بنے اس کے وزن کے برابر مصطگی رومی لیں اور اسے چنبیلی کے پھولوں پر مل کر جس شخص کو بھی ایک مرتبہ سنگھائیں گے وہ فی الفور اور خود بخود صاحب عمل کی محبت میں دیوانہ شروع ہوگا اور اسے اس بات کا احساس بھی نہیں ہوگا کہ یہ کیا ہو رہا ہے اس عمل کو ہمیشہ جائز جگہ استعمال کریں ورنہ گناہگار ہونگے۔

## محبت زن وشوہر

اگر زن وشوہر میں کسی بھی طور اتفاق وسلوک قائم نہ ہوتا ہو تو الو کو بروز منگل ذبح کرے پھر اس کی کھال، چونچ، اور زبان ان تینوں کو اس کے جسم سے الگ کر کے اس کے باقی جسم کو کسی جگہ دفن کردے اور اس کی کھال کو سائے میں خشک کرے اور اس پر اس طلسم کو اسی کے خون سے لکھے اور نیچے جس کیلئے عمل کیا جا رہا ہو اس کا نام مع والدہ اور پھر اپنا نام مع والدہ لکھے اور ہرن کی جھلی میں لپیٹ کر جہاں شوہر یا زن زیادہ بیٹھتے ہوں وہاں اسے دفن کردے زن وشوہر کا آپس میں بے تحاشہ سلوک واتفاق قائم ہوگا۔ اور اگر اس عمل کو ایسے

افراد کرنا چاہتے ہوں جو آپس مین سچا پیار و محبت کرتے ہوں اور آپس میں شادی کرنا چاہتے ہوں لیکن ان کے درمیان ان کے اپنے ہی عزیز رکاوٹیں ڈالتے ہوں تو اس عمل کو بالکل اسی طرح استعمال کرے رکاوٹوں کا خاتمہ ہوگا۔ لکھنے والا طلسم (فطیطم فلعططم فلعتیططم فلعتط مارا نور مانیل وصعحبائیل وطغبائیل فطططلم فطعالتمم الخ)

## عجائبات دیکھنا

اگر کسی کو عجیب مخلوق یا عجیب وغریب اشیاء دیکھنے کا شوق ہو تو وہ الو کی آنکھیں اور کالے بلے کی آنکھیں دونوں کو آپس میں ملا کر کھرل کی مدد سے باریک سفوف کی شکل میں بنائے پیس کر اس میں قدرے سرمہ ملائے اور رات کو دیا سلائی کی مدد سے پہلے اپنی سیدھی آنکھ میں لگائے پھر اپنی الٹی آنکھ میں اس فرد کو عجیب وغریب مخلوقات کا مشاہدہ ہوگا بالکل حقیقت پر نہ کہ کسی خواب کی طرح مجرب عمل ہے۔ اگر کوئی عامل اس عمل کو کرے تو وہ اس سے حاضرات کا کام لے سکتا ہے اور بوقت ضرورت کسی کی آنکھوں میں ڈال کر اس پر اپنی کلام پڑھے تو حاضرات جلد کھلے گی۔

## نامردی کا علاج

اگر کسی مرد کو کسی کلام علم یا تعویذ گنڈوں کے ذریعے نامرد بنا دیا ہو اور کئی علاج کروا کر تھک گئے ہوں تو بروز اتوار الو کی تلی اور نرخرہ ورگ مادہ تولید کو حاصل کر کے سائے میں خشک کرے پھر ان کو روغن بادام تلخ میں دھیمی آنچ پر پکائے جب سب کچھ آپس میں حل ہو جائے تو سفوف بھیر بوٹی ومٹی سوراخ خراطین جو گرچی کی صورت میں اس کے سوراخ پر پائی جاتی ہے تین تین ماشہ لیکر مندرجہ بالا اشیاء میں حل کر کے روغن کو اتار لے اور رکھ

چھوڑے تیسرے دن سے ذکر کا سر اور سیون کو چھوڑ کر اس کی مالش کرے اور بعد مالش کے اس پر خالص بنگالی پان کا پتہ لپیٹ کر اوپر کوئی دھاگہ لپیٹ دے دوران عمل مباشرت سے پرہیز کرے اور مالش کر کے سب اشیاء کو ختم کر کے پھر مباشرت کرے جس بھی نوعیت کا علم کیا گیا ہوگا اس کا خاتمہ ہوگا اور وہ دوبارہ سے مرد بن جائیگا۔ اس بات کو ضرور یاد رکھئے کہ یہ روحانی اعمال ہوتے ہیں جیسے روحانی طور پر انہیں کیا جاتا ہے ایسے ہی ان کا توڑ بھی ہوتا ہے۔

## حالات جاننا

اگر کسی فرد سے کچھ معلوم کرنا ہو اور اس بات کی بھی شرط ہو کہ اس سے کچھ نہ پوچھا جائے وہ خود ہی متعلقہ کام کے متعلق سب کچھ بتائے تو الو کا دل لیکر کتان کے کپڑے میں لپیٹے اور اس فرد کے سینے پر رکھ دے اس نے دن میں جو کچھ بھی کیا ہوگا وہ سب کچھ بتائے گا اگر اس دوران اس سے اپنے سوال کا جواب پوچھا جائے تو وہ بھی بتائے گا اس عمل کو ناجائز نہ کرے ورنہ گناہ ہوگا۔

## فالج، لقوہ، گنٹھیا

اگر کوئی ان امراض میں مبتلا ہو گیا ہو یا کسی علم کے ذریعے ایسا کیا ہو تو جسم کے جس حصے پر فالج یا لقوے کا زیادہ اثر ہو اس کے اوپر الو کو تازہ ذبح کر کے اس کے گرم خون کی اسی وقت مالش متاثرہ حصے پر کی جائے ان امراض سے چھٹکارہ ہوگا۔ ایسا صرف اس بنیاد پر ہوگا جب کسی نے علم کے زور پر کسی بیماری کو بھیجا ہوگا اگر حکیمی یا ڈاکٹری علاج ہوگا تو اس کا علیحدہ سے علاج کرنا ہوگا یہ عمل صرف ان حضرات کیلئے ہے جو اچھے بھلے تندرست اس مرض کا شکار ہو جائیں۔

# ام الصبیان

یہ ایک قسم کا ٹوٹکہ ہوتا ہے جو اکثر بچوں میں بکثرت پایا جاتا ہے اور خاص کر ایسے گھر میں جہاں کسی بچے کی پیدائش ہو اس سے بچہ دن بدن لاغر و کمزور ہوتا جاتا ہے اور کوئی علاج اثر نہیں کرتا اس لئے اگر کوئی بچہ ام الصبیان کے مرض میں مبتلا ہو اور کوئی بھی علاج اثر نہ کرے اور بچہ دن بدن سوکھ کر کانٹا بنتا جا رہا ہو تو زندہ الو کا سیدھا ناخن کسی تیز دھار آلے کی مدد سے کاٹ لے اور اس ناخن کو اس نقش کے اندر رکھ کر چاندی میں لپیٹ کر بچے کے گلے میں پہنا دے بچہ بدنظر اور ام الصبیان جیسے امراض سے محفوظ ہوگا۔ اور اگر کسی نے کوئی علم بھی کروایا ہوگا تو اس کا اثر باطل ہوگا۔

# سرمہ محبت

یہ ایسا سرمہ تیار ہوگا کہ جو کوئی بھی اس کا استعمال کریگا اس کا اثر بجلی کی طرح اثر انداز ہوگا۔ اور محبوب جتنا بھی سنگدل ہوگا وہ موم ہو کر رہیگا اور طالب سے رجوع کئے بغیر نہیں رہ سکے گا۔ زندہ الو کو کسی طریقے سے پکڑ کر اس کے جسم کے تمام بالوں کو اتار لے اور اسے سائے میں آگ کی مدد سے جلائے پھر ہرن کی دونوں آنکھوں کو آگ میں جلا کر اس کی راکھ بنائے اور الو کے بالوں اور ان آنکھوں کی راکھ کو آپس میں ملا کر اس میں اتنے وزن کا سرمہ ڈال کر سب کو کھرل میں ڈال کر خوب باریک پیس لے یہ سب کچھ ایک غبار کی مانند بن جائیگا پھر اس پر روزانہ سات دنوں تک مخصوص وقت میں سورہ فاتحہ کو گیارہ سو مرتبہ پڑھے عمل تمام ہو گیا اس سرمہ کو بحفاظت کسی شیشی میں سنبھال کر رکھ لے اور بوقت ضرورت چاول کے دانے کے برابر کسی کو کھلا دے اور اس کے اثرات خود ملاحظہ فرمالے کبھی نہ خطا ہونے والا عمل ہے اور ساری زندگی کام دیتا ہے۔ اس عمل میں محنت تو ہوگی لیکن کام بے خطا تیر کی طرح اثر دکھائے گا۔

## محبت کا جنتر

اگر کوئی کسی کو اپنے اوپر فریفتہ کرنا چاہتا ہو تو سفید کبوتر کی بیٹ، کیسر کستوری، گنگو ،گاؤ لوچن ،ان سب کو ہم وزن لیکر صندل میں گھس کر اس پر ایک ہی جلسہ میں گیارہ سو مرتبہ (یحبونھم کحب اللہ والذین آمنوا اشد حبا للہ مجھ پر فلان بن فلان مہربان ہو مہربان ہو مہربان ہو دم کر کے ان اشیاء کا تھوڑا سا مواد اور ایک قطرہ الو کے خون کا ملا کر اپنے جسم کے کسی حصے پر مل لے اس کو جو کوئی بھی دیکھے گا وہ محبت سے پیش آئیگا اگر کوئی محبوب ہوگا تو اس کے ساتھ محبت میں زیادتی پیدا ہوگی۔

## آسودہ حالی

اگر کوئی شخص گردش ایام کی جکڑ بندی میں گرفتار ہو گیا ہو اور اس کے نکلنے کی کوئی ترکیب نہ نکلتی ہو تو الو کی دم سے گیارہ تار کھینچ لے اور سونے کا ایک چھوٹا سے پتر الیکر اس میں رکھ کر اسے بند کر کے اپنے پاس بطور تعویذ رکھے اور اسے بند کرنے سے پہلے اس پر ایک ہی مرتبہ پانچ ہزار بار (یا علی یا عظیم یا علیم) پڑھ کر دم کرے اور اپنے گلے بازو یا اپنے پاس حفاظت سے رکھ لے اس کے بے پناہ فوائد ہیں ایک تو وہ شخص جکڑ بندی سے نکل جائیگا اور اگر کوئی ملازم پیشہ فرد اس عمل کو کرے تو اس کے افسران اس کے ماتحت رہیں گے اور اس کی ہر جائز خواہش کو پورا کریں گے۔

## تھکن نہ ہو

اگر کوئی روزانہ پیدل چلتے ہوئے بہت سفر کرتا ہو اور سفر کرتے ہوئے تھک جاتا ہو تو الو کے پاؤں کی میل اور صندل کا برادہ آپس میں ملا کر کھرل کی مدد سے باریک پیس لے اور اسے اپنے پاؤں میں لگا کر سفر کرے تھکاوٹ نہیں ہوگی۔ یا الو کی پاؤں کی مٹی اور صندل کا برادہ کسی سفید کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاؤں پر لپیٹ لے تب بھی اس عمل کی یہی تاثیر ہے۔

## دانت آسانی سے نکلے

اگر کسی بچے کے دانت نکلتے ہوں اور وہ درد کے مارے روتا ہو اور تکلیف بھی ہوتی ہو یا کسی بڑے کی داڑھ نکلتی ہو اور درد ہوتی ہو تو بروز اتوار شیر کا دانت اور الو کا ناخن دونوں کو آپس میں ملا کر چاندی کے اندر بند کروا کر تعویذ کی طرح اپنے گلے میں باندھے دانت آسانی سے نکلیں گے اور درد نہیں ہوگی بہت مرتبہ کا مجرب عمل ہے۔

## حمل قائم نہ ہو

اس عمل کی بدولت حمل کسی بھی صورت قائم نہیں ہوسکتا اور اس کی دو وجوہات ہو سکتی ہیں ایک تو وہ خاتون خود ہی یہ چاہے کہ اسے کسی بچے کی پیدائش نہ ہو یا کوئی دوسرا اس مقصد کی خاطر اس عمل کو کرے دونوں صورتوں میں اس عمل کا کام حمل کو قائم کرنا نہیں ہے اس عمل کو کرنے کیلئے الو کے جوٹھے پانی میں زرد رنگ کے پھولوں کے چھلکے ملا کر خوب کھرل کریں اور اس میں سے ایک رتی کی خوراک حلوے کے اندر رکھ کر جو عورت بھی کھائیگی اس کو حمل نہیں ٹھہرے گا ایک سال تک اس عمل پر کاربند رہنے کیلئے صرف ایک رتی کی خوراک کام دیگی اگر عرصہ کو بڑھانا ہو تو ایک رتی اور زائد کردیں پھر اگلے سال تک حمل قائم نہیں ہوگا غرض کہ ایک سال تک ایک رتی ہی کام دیگی۔

## سخت دل پر قبضہ

اس عمل کی بدولت کوئی بھی سخت دل پر حکومت کرسکتا ہے ظالم و حاکم افسر کو اپنے مطیع کرسکتا ہے بڑے سے بڑے دشمن کو زیر کیا جاسکتا ہے سخت مزاج آدمی کو تابعدار بنایا جا سکتا ہے۔ اس عمل کو کرنے کیلئے سورہ قریش کو اول و آخر درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے اور اسے اپنا معمول بنالے ہر فرض نماز کے بعد درود شریف کو پڑھ کر درمیان میں سورہ کو پڑھے تمام مخلوق زیر ہوگی۔

# عورت کا خون جاری کرنا

اس عمل کو ہمیشہ جائز طور پر اس طرح کیا جاسکتا ہے کہ کوئی عورت بدقماش ہو اور اپنے گناہوں سے توبہ نہ کرتی ہو اس عمل کی بدولت وہ بدقماشی یا جرام کاری کے قابل ہی نہیں رہیگی کیونکہ ہر عورت کسی نہ کسی کی بہن بیوی بیٹی یا ماں ضرور ہوتی ہے اور ان کے بدقماش ہونے پر نسل انسانی بری طرح سے متاثر ہوتی ہے۔اس لئے اس عمل کو کسی کی اصلاح کرنے کی خاطر کیا جائے ورنہ ناجائز استعمال کرنے پر گناہ ہوگا عمل کا طریقہ ایک عدد سیہہ کا تکلا اور بائیں ہاتھ میں لیموں لیکر دریا یا نہر کے اندر ناف کے مقام تک کھڑا ہو اگر ایسا نہ ہوسکے تو اپنی چھت کے اوپر چلا جائے جہاں سے آسمان کے ستارے صاف اور واضح نظر آسکیں پھر ایک مٹی کا کونڈا اپنے سامنے رکھے اور اس میں پانی ڈالے اور اس پانی والے کونڈے کے سامنے بیٹھ کر سیہہ کا تکلا اور لیموں دونوں کو ہاتھوں میں پکڑ کر (الھم سدھم سرجن سرنج آسمان کا تارہ ٹوٹے فلانی کا پیڑہ چھوٹے دیکھاں الھم بیر تیرے علم کا تماشا) پڑھنا شروع کرے اور اپنی نظر پانی میں رکھے جب پانی میں آسمان سے تارہ ٹوٹتے ہوئے دیکھے تو فورا اس تکلے کو لیموں کے آر پار کردے اور گھر میں سائے کی جگہ حفاظت سے رکھ دے اس عمل کی بدولت جس کیلئے اس عمل کو کیا جارہا ہے اس کا خون جاری ہوجائیگا بالکل اسی طرح جس طرح ایام مخصوص میں خون نکلتا ہے ایام مخصوص والا خون تو دنوں کی مدت ختم کرکے بند ہوجاتا ہے لیکن یہ خون بند نہیں ہوگا جب تک اس کا توڑ نہیں کیا جائیگا پھر چاہے لاکھ قسم کی ادویات استعمال کی جائیں سب بیکار ہے جب وہ عورت اپنی بدقماشی سے توبہ کرلے تو اس لیموں کو تکلے سمیت چلتے ہوئے دریا یا نہر میں بہادے اس عورت کی جان چھوٹ

جائیگی۔ عامل جائز جگہ کریں۔ اگر کوئی اس عمل کی زد میں پہلے سے آیا ہو جس طرح کی نشانی اوپر بتائی ہے تو اس کے توڑ کیلئے ایک عدد لیموں لے کر اس کو دو حصوں میں تیز دھار آلے کی مدد سے کاٹ لے اور اس کٹے ہوئے دونوں ٹکڑوں پر چاروں قل شریف سو سو مرتبہ پڑھے اور انہیں پانی میں ڈال کر اس کا پانی پئے اللہ کے حکم سے سفلی علم کی بدولت چھوٹے ہوئے خون کا اسی وقت اثر ختم ہوگا اور بد اعمال کا خاتمہ بھی اس لئے اگر کوئی اس عمل کو کرے اور اسے بعد میں کوئی دکھ ہو تو فوری طور سے اس کا توڑ بھی کر دے کیونکہ خلق خدا نقصان پہنچانا بھی گناہ عظیم ہے۔

## فتوحات غیبی

اس عمل کی بدولت اللہ کی ذات کا قرب حاصل ہوتا ہے اور ہر کام میں ترقی ہوتی ہے کاروبار و گھر دونوں اللہ کی خاص حفاظت میں رہتے ہیں سب سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف جو بھی ہو اور اس کے درمیان میں گیارہ سو مرتبہ یا مغنی پڑھے پھر گیارہ مرتبہ سورہ مزمل شریف پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا مانگے اس عمل کو بعد نماز فجر کرے عمل کی مدت اکیس سے اکتالیس روز ہے پھر روزانہ ایک تسبیح یا مغنی اور ایک مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھے اللہ کے حکم سے کاروبار میں جو بھی رکاوٹیں ہونگی ان کا خاتمہ ہوگا اور گھر میں سکون پیدا ہوگا اور ہر طرح سے ترقی و فتح ہوگی۔۔ بہت مرتبہ کا مجرب عمل ہے۔

## مالا مال بننا

اگر کوئی غربت و افلاس سے تنگ آ گیا ہو اور دولت مند بننا چاہتا ہو تو اس عمل کی بدولت اللہ اس کی خواہش کو ضرور پورا فرمائے گا۔ لیکن اس عمل میں اس بات کو ضرور یاد رکھے کہ غیب کے ذریعے آسمان سے کھانا نہیں اترے گا بلکہ اس عمل کا اثر دیکھنے اور اپنے مقصد

میں کامیاب ہونے کیلئے کوئی نہ کوئی کاروبار ہونا ضروری ہے۔ جس سے حیلہ و وسیلہ بن جائے عمل بہت زبردست ہے روزانہ بعد نماز فجر سورہ طٰہٰ گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے اگر اس عمل کو فرضوں اور سنتوں کے درمیان پڑھے تو بہت ہی اچھا ہے اس عمل سے کاروبار فراخ اور رزق و روزی میں ترقی ہوگی لوگوں کے دل مسخر ہونگے اور ہر مقصد اللہ رب العزت نصیب میں کریگا۔ اگر آیت الکرسی شریف (خلدون) تک ہر نماز کے بعد پڑھ لیا کرے تو زر و مال میں فراخی ہوگی اور کاروبار کی وسعت کے ایسے ذرائع بنیں گے کہ خود حیران ہوگا۔

## مشاہدہ عجائبات

اگر عجیب وغریب اشیاء کا مشاہدہ کرنا ہو اور مخفی اسرار کا پتہ لگانا ہو تو الو کی کھوپڑی اور ہدہد کی آنکھیں کسی چاندی کے ڈبے میں بند کر کے اپنے پاس حفاظت سے رکھے اور رات کو سوتے وقت اسے اپنے سرہانے رکھ کر سوئے تو اسے رات کو عجیب اشیاء کا مشاہدہ ہوگا۔ پہاڑوں سمندروں اور عجیب مقامات کی سیر کریگا اور ایسی حیرت انگیز روحانی مخلوق سے ملاقات ہوگی جسے پہلے کبھی نہیں دیکھا ہوگا۔ اس عمل کی بدولت اگر کسی دوسرے کو بھی دکھانا ہوگا تو اسی طرح جس طرح عمل بتایا ہے وہ بھی دیکھے گا۔

## بیماریوں کا علاج

اس نقش کو جو کوئی بھی الو کے ناخن سے کالی سیاہی سے لکھے اور مریض کے گلے میں باندھے تو مریض پر کسی بھی قسم کا سایہ آسیب یا جادو نہیں ہوگا اور اگر اس قسم کی قباحت میں مبتلا ہوگا تو اس عمل کی بدولت نجات ہوگی۔ یہ عمل تمام ایسی امراض سے شفاء دلوائے گا جو جادو یا کسی کلام کے ذریعے سے کئے جاتے ہیں۔ جیسے جادو کرنے میں الو کا استعمال کیا جاتا ہے اسی طرح اسی سے اس کا توڑ بھی ہوتا ہے۔

## مقدمہ امتحان میں کامیابی

اگر کسی نے امتحانوں میں پاس ہونا ہو یا مقدمے میں فتح حاصل کرنی ہو تو الو کی گردن کے بال جلا کر اسے سادہ سرمہ میں ملائے اور اس پر اکتالیس مرتبہ سورہ الکوثر پڑھ کر دم کرے اور امتحان والی جگہ یا مقدمے میں بلوائے جانے پر جائے اس شخص کی فتح ہوگی جو یہ عمل کریگا۔ اس عمل کا بارہا مرتبہ تجربہ کیا گیا ہے اور ہمیشہ ہی کامیابی نصیب ہوئی ہے اس لئے عمل جائز طور پر استعمال کریں۔

## رہائی قیدی

سورہ فاتحہ شریف روزانہ ایک سو ایک مرتبہ خشوع و خضوع کے ساتھ پڑھے اگر اسے ہتھکڑی یا بیڑیاں ڈالی گئی ہوں تو سورہ کو ہر گیارہ مرتبہ کے بعد ان پر دم کرے اللہ کے فضل سے کوئی ایسا وسیلہ ضرور بن جائیگا جس سے اسے رہائی ملے۔

## کاجل الو

یہ ایسا زبردست عمل ہے جس سے حب کے ہر قسم کے معاملے میں فتح اور کامیابی نصیب ہوتی ہے اور محبوب اپنی ضد کو چھوڑے بغیر نہیں رہ سکتا لیکن جیسا عمل زبردست ہے اسی طرح اس میں محنت بھی ایسی ہی کرنی پڑتی ہے۔ نوچندی جمعرات کو الو کا خون سارا ہی اس کے جسم سے نکال لے پھر اس میں قدرے اتنی روئی بھگوئے جس سے پندرہ فلیتے بن

سکیں انہیں کسی سائے میں خشک ہونے دیں اور کم از کم ایک ہفتہ تک سوکھنے دے پھر انہی
فلیتوں کو ہدہد کے خون میں بھگوئے پھر انہیں چالیس دنوں تک سائے میں خشک کرنے کیلئے
محفوظ مقام پر رکھ دے۔ جب سب کچھ اچھی طرح بالکل خشک ہو جائے تو اگلی نوچندی
جمعرات آجائیگی اس دن کی صبح کو نیا چراغ لیکر اس میں تازہ گائے کا مکھن ڈالے اس چراغ
میں ان تیار فلیتوں کو ایک ایک کر کے سارے ہی جلا دے اور اس چراغ پر ایک کورا پیالہ
ڈھانک کر رکھ دے تا کہ اس چراغ کی سیاہی اس پیالے کے پیندے میں جمع ہوتی رہے
سارے فلیتوں کی سیاہی اس پیالے میں لگ چکی ہوگی انہیں کسی تیز دھار آلے کی مدد سے
اتار لے اس میں پھر گائے کا مکھن ڈال کر کسی شیشی میں محفوظ مقام پر رکھے اور بوقت ضرورت
محبت کے کسی بھی کام میں اس کی ایک ایک دیا سلائی اپنی آنکھوں میں لگائے اس کاجل کی
طاقت واضح ہوگی۔



## نظر سے پوشیدگی

تمام مخلوق سے پردہ پوش ہونے اور ان سب کو دیکھنے کیلئے یہ عمل بڑی زبردست
تاثیر رکھتا ہے بروز اتوار جو کہ پکھ پنچھتر میں ہو کسی قبرستان سے خاک لاکر اسے سرخ پکڑے
میں لپیٹ کر کسی ویران جگہ مثل جنگل کے محفوظ جگہ پر دفن کرے اور اس پر حرمل کا بیج بوئے
جب اس میں بیج پیدا ہو جائیں تو پھر دوپہر کے وقت جا کر الو کا جوٹھا پانی اس پر ڈالے اور
روزانہ اس کی حفاظت کیلئے جائے جب بیج پکنے کے قریب ہو جائے تو اتوار کی رات کو میٹھے
چاول پکا کر اس کے نیچے رکھ آئے اور اس کو دعوت دے آئے دوسرے دن جا کر ایک ہزار
مرتبہ (اے برادر الوپ ہو) پڑھے اور اس عمل کو برہنہ ہو کر پڑھے حرمل کے بیج سے جو پودہ
پیدا ہوگا اس کے اوپر ایک عجیب سی شکل پیدا ہوگی وہ تقریبا صاحب عمل کی شکل کے مطابق
ہوگی اور اس کی وضع قطع کے موافق نظر آئے گی اس کو کہے گا کہ (اے برادر الوپ ہو) اس

کے بعد وہ فوراً غائب ہو جائیگا۔ جب وہ غائب ہو جائے تو اپنے کانوں سے سنے کہ یہ آواز آتی ہے کہ اس پودے کے بیج کو لے جاؤ جب آواز آئے تو اس کی کھدائی کر کے جڑ سمیت تمام پودے کو وہاں سے اکھاڑ لے عمل تمام ہو گیا اگر اس قسم کی کوئی آواز نہ آئے تو عمل کو مسلسل شروع رکھے اور اس آواز کے آنے کا انتظار کرے کیونکہ عمل مکمل تب ہی ہو گا جب آواز آئیگی اور پودے پر اس کی شکل کی مشابہت کی کوئی شے نمودار ہو گی جب تک ایسی کوئی کیفیت پیدا نہ ہو تب تک اپنے عمل کو ادھورا ہی سمجھے اور اگر عمل کامیابی کے ساتھ ہو جائے تو بوقت ضرورت اس بیج پر اسی عمل کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اسے اپنے منہ میں رکھے یہ جہاں بھی جائیگا اسے کوئی نہیں دیکھ سکے گا اور یہ سب کو دیکھ سکے گا اور در و دیوار سے با آسانی گزر سکے گا۔

## سٹہ و لاٹری میں کامیابی



بعض افراد زندگی کے چکر میں ایسا پھنس جاتے ہیں جس سے وہ خودکشی کو افضل جانتے ہیں اس لئے ایسے اعمال وہ افراد کریں جو بہت غریب ہوں اور ان کا کوئی وسیلہ نہ بنتا ہو اس عمل کی بدولت انہیں جو کچھ بھی موصول ہو گا وہ اس پر عمل کریں وہ ضرور کامیاب ہونگے اور ان کی کوئی لاٹری ضرور لگ جائیگی اور جو کوئی افراد اسے ناجائز استعمال کریں وہ کبھی اس عمل سے کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکیں گے۔ بروز منگل طلوع آفتاب کے وقت الو کی آنکھ سے آنکھ ملا کر تین مرتبہ درود شریف اول و آخر پھر ایک سو تیرہ مرتبہ یا حی یا قیوم پڑھے اللہ سے دعا مانگے اس عمل کی بدولت دل میں ایسی کچھ حالت پیدا ہو گی جس سے کوئی وسیلہ بننے کی امید جاگے گی۔ اگر کوئی الو پر اسی کلام کو چالیس دنوں تک روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے تو اس کا عامل بن جائیگا پھر جس کسی لاٹری کا پتہ لگانا ہو تو اس عمل کو دھرائے دل میں ضرور ایسی بات ضرور پیدا ہو گی جو فائدہ مند ہو سکتی ہے۔

## قلم طلسم

یہ ایسی زبردست قلم بن جائیگی جس سے جو بھی نقش، تعویذ، یا دعا لکھی جائیگی اس میں ضرور اثر واقع ہوگا۔ لیکن اس کا استعمال بھی جائز کرنا ہوگا۔ بروز منگل ہدہد کو ذبح کر کے اس کے جسم کا سارا خون نکال کر ایک کائی کی قلم کو اس کے خون میں بھگو دے جب خشک ہو جائے تو الو کو ذبح کر کے اس کا خون اس قلم پر مل دے دونوں خون اچھی طرح قلم میں رچنے بسنے چاہئیں اس قلم کو حفاظت سے رکھ لے جب بھی ضرورت ہو تو اس قلم سے کوئی نقش یا تعویذ لکھے تو فوراً اثر نمودار ہوگا۔

## من موہنی حب

یہ عمل تمام سفلی عملوں میں سب سے زیادہ زبردست ہے ار چلتا ہوا جادو ہے لیکن اس کو وہی شخص کر سکتا ہے جو ہمت و حوصلے میں بڑے دل کا مالک ہو ایک گلہری کو مار کر اس کا پیٹ چاک کر کے دیسی نمک جتنا بھرا جا سکے بھر دے یہ کام بروز اتوار سے کرنا ہوگا پھر اسے کسی چوراستہ میں دفنا دے پھر رات کے بارہ بجے وہاں جائے اور اس کے دفنانے والی جگہ کے اوپر بیٹھ کر اس منتر کو پڑھے (جگ دھوڑ پتا بیر بتال ڈکھار کالی ناگنی جا فلانی کو لاگ ایسی لاگنی لاگ نی کھلی کو سکھ نہ بیٹھی کو سکھ اٹھ اٹھ دیکھے میرا مکھ آوے آوے نہ آوے تو چوٹ بیر بتال کی کھاوے کالو دیس کمکھیا رانی جہاں بسے اسماعیل جوگی کی کچھ کھیا چار لونگ مندر کر دیا پہلے لونگ اتی متی دوسرے لونگ پھرے متی تیسرے

لونگ گئی کملا چوتھے لونگ ستی گل لا آوے آوے
نہ آوے چوٹ بیر بتال کی کھاوے غتونمن خواجہ کے
کڑے کم سوجو ) پڑھنے کی تعداد اکتالیس مرتبہ عمل کی کل مدت گیارہ دن گیارہ
دن کے بعد اس گلہری سے جو نمک بھی ملے اس کی ایک چٹکی لیکر اس پر گیارہ مرتبہ اسی منتر کو
پڑھ کر دم کرے اور اسے پھینکے اور زبان سے کہے کہ فلاں کو لاگ ایک سیکنڈ کے اندر کام ہوگا
جو اس عمل کو اسی طرح کریگا وہ اس کا عامل بن جائیگا پھر حب کے کسی بھی معاملے میں ایک
چٹکی نمک جس کسی کو بھی دیگا اس کا کام فوراً ہوگا لیکن دوران عمل کسی بھی قسم کا خوف اور ڈر
اپنے اوپر مسلط نہ ہونے دے کیونکہ اس عمل کے دوران کئی خوف ناک قسم کی اشکال بن جاتی
ہیں اور طرح طرح سے ڈراتی ودھمکاتی ہیں اگر ان اشکال سے ڈر گیا تو یقیناً پاگل ہوجائیگا
اور مقصد کہیں کا کہیں نکل جائیگا بعض عملیات میں ایسا نہیں ہوتا لیکن اس عمل میں ایسا ہوجاتا
ہے کیونکہ ایسے اعمال زندگی میں صرف ایک مرتبہ ہی کرنے ہوتے ہیں۔

## حاضرات شاہ جنات

حاضرات کے اعمال میں یہ تمام عملوں کا سردار ہے اس کی بدولت احوال چور مع
نام ونشان احوال گم گشتہ مع نام مع والدہ احوال ماضی وحال مع سرگزشت شفائے امراض ہر
قسم کے لاعلاج امراض دفع آسیب دیو پری وکیفیت افعال شہر وموضع وصفائی قلب دفینہ اور
حالات محبوب وغیرہ سب کچھ حاصل ہوسکتا ہے اس عمل میں سب سے خاص بات جو ہے وہ
قلب حضوری کو اپنے اوپر غالب کر کے کرے کامیابی ضرور حاصل ہوگی اور جس کسی بات
کے متعلق پتہ لگانا ہوگا اس کے متعلق بالکل صحیح آگاہی ہوگی اور طریقہ کار بھی بتائیں جائیں
گے۔اس حاضرات کو کسی بھی نابالغ لڑکے ولڑکی پر کر سکتے ہیں جس کی عمر بارہ سے چودہ سال

کے قریب ہو ایک تنہائی کے مقام پر تھوڑی سی جگہ مٹی سے لیپ کرے اور جس پر حاضری کرنی ہو اسے بٹھائے جہاں زیادہ روشنی نہ ہو اور نہ زیادہ اندھیرا عمل سے پہلے جس پر حاضری کرنی ہو اسے غسل کروائے یا تازہ وضو کروائے اسے پاکیزہ کپڑے پہنائے پھر اس کے ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن کو خوب سیاہ کرے کسی کالی سیاہی سے جب سیاہی سے سوکھ جائے تو اس پر عطر لگائے اور معمول کو کہے کہ اس سیاہی والی جگہ پر خوب نظر جما کر دیکھے خود عامل اپنی کلام کو پڑھنا شروع کر دے گیارہ مرتبہ ہی پڑھے گا حاضرات کھل جائیگی اور معمول کو کچھ زمین یا روزن نظر آئے گا دوران عمل میں معمول سے گاہے بگاہے پوچھتا رہے کہ کیا نظر آتا ہے بعد ازاں جب کچھ آدمی وغیرہ نظر آئیں تو عامل معمول سے کہے کہ وہ ان آدمیوں سے کہے کہ زمین خوب صاف کریں اور چھڑکاؤ کروائیں فرش وغیرہ بچھائیں جب معمول کہے کہ سب سامان درست ہو گیا ہے تب عامل معمول سے کہے کہ آج جس بادشاہ کا روز عمل ہے اس کو طلب کرے جب بادشاہ آجائے تو عامل معمول سے کہے کہ ان آدمیوں سے کہے کہ ایک بکرا لاؤ اور ذبح کر کے پکاؤ جب سب کچھ پک کے تیار ہو جائے تو بادشاہ کو کھلاؤ بعد ازاں بادشاہ سے جو کچھ بھی پوچھنا ہے پوچھے اگر کوئی مریض ہے تو اس کا علاج دریافت کرے علاج درست بتایا جائیگا آسیب کو جلانا منظور ہو تو ایک بادشاہ کے ذریعہ ایک دیگ میں تیل ڈال کر خوب گرم کرواؤ اور اس کو جلا دو پھر جو سوال بادشاہ سے کرے اور اس کا جو بھی جواب ملے اس پر عمل کرنے کی اجازت بادشاہ سے طلب کرے اس بات کو ذھن نشین رکھے کہ بعض اوقات حاضرات جلد نہیں کھلتی اس لئے ایک دو دن تک مسلسل حاضرات کی جائے کیونکہ بعض بچوں کا مزاج بھی آپس میں مختلف ہوتا ہے جس سے انہیں صحیح نظر نہیں آتا

جس پر حاضرات کرنی ہو وہ لڑکا یا لڑکی شرارتی قسم کا نہ ہو۔ اس عمل کی زکات پہلے ادا کی جائیگی پھر اثرات نمودار ہونگے زکات کے دو طریقے ہیں کبیر و صغیر کبیر طریقہ یہ کہ روزانہ بعد نماز عشاء گیارہ سو مرتبہ اکتالیس دن تک اس عزیمت کو پڑھا جائے یہ سب سے زبردست زکات ہے اور بعض اوقات بچوں کے ساتھ بڑوں پر بھی حاضرات کی جاسکتی ہے اور زکات اصغر روزانہ اکتالیس دنوں تک بعد نماز عشاء اکتالیس مرتبہ پڑھے یہ صرف بچوں پر ہی کام دیگی اور روزانہ بعد نماز عشاء ایک تسبیح ضرور پڑھنی ہوگی اس سے عمل قابو میں رہتا ہے۔

(عزمت علیکم یا بادشاہ بکتانوش ملک الجیش و العرب و العجم ابو حا ابو حا ابو حا ابو ک ابو ک طھر ک طھر ک طھر ک جبر ک جبر ک جبر ک ازل ازل ازل تحریر تحریر تحریر اتا زل مملوک برحمتک یا ارحم الراحمین بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام بحق بدوح یا بدوح یا بدوح حاضر شو حاضر شو حاضر شو بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ بحق توریت وبحق انجیل وبحق زبور وبحق قرآن بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ)

# عمل بستہ

اس عمل کے ذریعے کسی بھی عورت یا مرد کو باندھا جا سکتا ہے جو اپنے فعل حرام سے باز نہ آتے ہوں اس عمل کی بدولت ان کی شہوت بندی ہوتی ہے اور وہ کسی بھی حرام کاری کے قابل نہیں رہتے اس عمل کو ہمیشہ جائز جگہ استعمال کرنا چاہئے مثلاً اگر کوئی مرد اپنی بیوی کو چھوڑ کر دوسری عورتوں کے چنگل میں خود پھنس چکا ہو اور اپنی حرکات سے باز نہ آتا ہو یا کوئی عورت اپنے شوہر کو چھوڑ کر دوسرے مردوں سے خواہش پوری کرتی ہو تو یہ عمل ایک سزا کے طور پر انہیں نصیحت دلوائے گا جس سے اگر وہ توبہ نہیں کرینگے تو اپنی جائز شہوت سے بھی ہاتھ دھو بیٹھیں گے۔ایک عدد قفل نیا حاصل کرے اور قمر، مریخ، یا زحل کی ساعت میں اس عبارت کو ایک سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے لکھے۔(یا قاهر البطش الشديد انت الجبار الذی لا یطاق انطاق انتقامه بستم ذکر فلان بن فلان به فرج فلان بنت فلان )اس کو مرد کی شہوت باندھنے کیلئے لکھے اور اگر عورت کی شہوت بندی کرنی ہو تو(یا قاهر البطش الشديد انت الجبار الذی لا یطاق انطاق انتقامه بستم فرج فلان بنت فلان به ذکر فلان بن فلان )یہاں اس مرد کا نام جس سے عورت اپنی ناجائز خواہش پوری کرتی ہے۔اس تعویذ کو لپیٹ کر قفل کے اندر جوف میں ڈال دے اور ایک ہزار مرتبہ لکھی ہوئی عبارت کو پڑھ کر اوپر دم کرے اور اس کا سوراخ موم پگھلا کر ڈال دے اور اوپر کسی بکرے کی تانت لپیٹ کر حوض یا کنوئیں میں ڈال دے جب اس عمل کو کر لے تو اللہ سے اپنے اس مقصد کی دعا مانگے اللہ کے حکم سے انہیں ضرور سزا ملیگی جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت نہیں کرتے اور شہوت بند ہو جائیگی۔

## تسخیر ہمزاد

اس عزیمت کو ایک جگہ اور ایک وقت معینہ پر مع ترکیب حیوانات جلالی و جمالی کے ساتھ سوا پانچ ہزار مرتبہ بوقت شب پڑھے مکان یا حجرہ علیحدہ ہو اور عام عوام کا گزر نہ ہو اور عامل بھی تنہائی میں رہے یہ قید صرف اکتالیس دن تک ہے اکتالیس دن کے بعد ہمزاد حاضر ہوگا اس سے قسم اور قول واقرار کرنے پر اس سے دوبارہ آنے کا طریقہ پوچھے ہمزاد سدھ ہو جائیگا پھر جو بھی کام ہوگا وہ مدد کیلئے حاضر ہوگا۔ اور موقع کی مناسبت سے کام کر کے چلا جائیگا۔(یا فتاح یا ھمزاد یا ھمزاد للمسخرات احضروا احضروا احضروا وبحق سلیمان بن داؤد علیه السلام)



## نقش حب

اس نقش کو خانہ بادی سے لکھ کر لوبان کی خوشبو دینے کے بعد درخت سرسبز و شاداب کی سب سے اونچی شاخ پر باندھے جہاں پر تیز ہوا کے ساتھ یہ ہلے یہ نقش جیسے جیسے ہلے گا محبوب کا دل مطلوب کی طرف کھینچے گا اگر کام ہو جائے تو کچھ مقدار میں برفی لا کر حضور نبی کریم ﷺ کے نام پر تقسیم کرے۔ نقش کے نیچے نام محبوب مع والدہ ضرور لکھے۔

## زبان بندی

جس وقت قمر در عقرب ہوتو اسے ایک سو ایک مرتبہ کالی سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے کسی پرانی قبر میں دفن کردے اس طرح ہر قمر در عقرب کو کرنا ہوگا اس کا یہ چلہ ہے اور عمل کی زکات بھی پھر اس کے اندر خاص تاثیر پائی جائیگی اس کے بعد جس کی زبان بند کرنی ہو کاغذ کے ایک سو ایک ٹکڑے بنائے اور ہر ٹکڑے پر اس طلسم کو کالی سیاہی سے لکھے اور ان سب کو آپس میں ملا کر کسی پرانی قبر میں دفنا دے زبان بندی ہوگی اس عمل کو ایسی جگہ کیا جائے جس سے کوئی مخالف یا کوئی اپنا ہی بے فضول کی باتوں سے دل دکھاتا ہو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم عمھھو اربع باشد صما حمه سلح صلح احمی سعھل لا شھد اللہ انه لا اله الا اللہ والملائیکة والوا علم قائما بالقسط لا اله الا ھو العزیز الحکیم۔ فلان بن فلان

## طلسم بغض

اگر کسی دشمن کو جائز سزا دینی ہو اور اسے اللہ کے عذاب میں گرفتار کرنا ہو تو کالی مرچوں کے چالیس دانے لے اور ہر دانے پر ایک مرتبہ اس عزیمت کو پڑھ کر دم کرے کل تعداد چالیس ہی بنے گی اس کے تین حصے کرے پہلے حصے کو دریا کے نزدیک سیلاب کی جگہ دفن کرے دوسرے حصے کو قبر میں دفن کرے اور تیسرے حصے کو آگ کے نزدیک دفن کرے تاکہ آگ کی گرمی پہنچتی رہے اس عمل کو بروز ہفتہ طلوع آفتاب کے وقت کرے عمل کرتے وقت ایک مرچ منہ میں رکھے اور بخور گوگل یا رال کا جلائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم القارعة ما القارعه اھیا

اشراهیا اضادت وبحق محمد صلعم عربی و چهار یار کبار رضوان الله علیهم اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین البغض فلان بن فلان وفلان بن فلان ) یہ جدائی و بغض کا ایسا سریع التاثیر عمل ہے جس سے سوسال پرانی دوستی بھی دشمنی میں بدل جاتی ہے اور آدمی کی حیرت کی انتہا نہیں رہتی ایسے اعمال ہمیشہ جائز جگہ استعمال کرنے چاہئیں ورنہ خود اللہ کے عذاب میں گرفتار ہونے کا اندیشہ رہتا ہے۔

## بدنظری جانور

اگر گائے بھینس کسی بیماری کا شکار ہو جائیں یا انہیں نظر بد لگ جائے یا کوئی گائے بھینس اپنے بچے کو ٹانگیں مارے یا بچے کو دودھ نہ پلائے اور اپنے پاس بھی آنے دے تو اس عزیمت کے تین نقش لکھے دو نقش کو آٹے میں کھلائے اور تیسرے کو اس کے سینگ یا گردن میں باندھے اللہ کے حکم سے بدنظری سے محفوظ ہوگی۔ اور ایک عدد زائد زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر اسے جانوروں کی جگہ پر فریم کروا کر لٹکائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا باقی یا باقی بقیہ لھذا بالذین فھل ابراھیم یا سما سمعا یا سمعا اللہ اللہ جو جو جو ع ع ع بحرمت شیخ جلال الدین والشرع والدین وتوریت موسیٰ وانجیل عیسیٰ وزبور داؤد وفرقان محمد صلی اللہ علیہ وسلم الٰھی فلان گائو میش مادہ کے حقوق مجھے دے۔

# اسرارِ الٰہی

یہ عمل بزرگان سے منسوب ہے اور خاص الخاص سینہ بہ سینہ ہے اس عمل کو وہی شخص کر کے کامیاب ہوسکتا ہے جس کا اس فانی دنیا سے جی بھر گیا ہو اور اس پر ہر طرف سے مایوسی کی گھٹائیں چھا رہی ہوں کسی بھی قسم کا دنیاوی سہارا باقی نہ رہا ہو صرف ذات الٰہی کا آسرا اور سہارا ہو صاحب عمل صوم وصلوۃ کا سختی سے پابند ہو اور بے خوف ہونے کی صفت سے متصف ہو وہی شخص اس عمل کو کرے اس لئے کہ یہ عمل نہایت ہی جلالی ہے اور اس میں رجعت کا خوف ہے اس عمل کو دریا کے کنارے بعد نماز عشاء سے شروع کرے ترک حیوانات جلالی و جمالی ضروری ہے اس عمل کی بدولت حضرت حضر علیہ السلام سے بغیر حجاب کے ملاقات ہوگی۔ اور موکلات غول در غول عجیب وغریب اشکال میں آکر صاحب عمل کو ڈرائیں گے لیکن ان سے ذرا بھی خوف نہ کھائے اور نہ ہی ان سے ڈرے کیونکہ اصل مقصد ان سے ڈرنے کا نہیں ہے بلکہ ان سے ملاقات کرنے اور اس عمل میں کامیاب ہونے کا ہے بعد نماز عشاء غسل یا تازہ وضو کر کے پاکیزہ کپڑے پہن کر مصلے پر بیٹھے اور گھر یا کسی کمرے میں اس عمل کو نہ کرے بلکہ دریا یا نہر کا کنارہ ہو دوران عمل لوبان سلگائے اور حصار باندھے اور اس پڑھائی کو (۳۶۵۰۰) مرتبہ پڑھے جب پڑھائی ختم کر لے تو اپنے گھر میں علیحدہ مقام پر سو سکتا ہے۔ کسی کے بستر پر نہ سوئے اور نہ کسی کو سونے دے۔ اس پڑھائی کے اندر ایسی زبردست طاقت ہے کہ اس کا عامل کچھ بھی کر سکتا حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضور نبی کریم ﷺ کے تمام حالات کو جان سکتا ہے عام آدمیوں کے ماضی، حال اور مستقبل کے متعلق جان سکتا ہے اور کسی بیمار فرد کو ایک نظر سے دیکھ کر صحت مند بنا سکتا ہے کیونکہ اصل میں یہ منزل اولیاء اللہ کی ہے۔ اور اولیاء اللہ بے پناہ طاقت کے مالک ہوتے ہیں اس لئے اس عمل کو نہایت سوچ سمجھ کر کیا جائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا خواجہ خضر کرو مہر کی نظر قل ھو اللہ احد کے واسطے اسم اعظم اللہ الصمد کے واسطے محمد علی فاطمہ حسن حسین کے واسطے یا خواجہ خضر آئو میری مدد کے واسطے۔

## حب کا بے مثال جنتر

یہ عمل کرنے میں مشکل ضرور واقع ہوگا لیکن ناممکن نہیں اور ایک طرح کی حب کے معاملے میں یہ آزمائش بھی کوئی کرسکتا ہے اس لئے اس عمل کو بالکل جائز طور سے جو کوئی بھی کریگا وہ سو فیصدی کامیاب ہوگا اگر کسی کو اس کی آزمائش کرنی ہو تو وہ اس کی جائز طور سے آزمائش کر کے خود دیکھ لے اس لئے اگر کوئی بے بہا حب کے عملیات میں ناکام ہوا ہو تو وہ اس عمل کو کر کے دیکھے اسے ضرور کامیابی ہوگی کیونکہ یہ ایسا عمل ہے جسے پرانے زمانے کے لوگ قصے کہانیوں میں بیان کرتے تھے جو آدمی ناممکن خیال کرتا ہے لیکن یہ سچ ہے اور حب کا چلتا ہوا جادو ہے اور جو کوئی بھی اسے کرنے میں کامیاب ہو جائے اس کا محبوب کبھی اس سے علیحدہ نہیں رہ سکتا اور پیار و محبت میں زیادتی پیدا ہوتی ہے۔نو چندی اتوار کے دن سیاہ پدی لا کر اسے ذبح کر کے اس کا پتہ نکال لیا جائے اور بید انجیر کے پتوں میں لپیٹ کر اسے چوراستہ میں دفن کیا جائے پھر تین دنوں کے بعد اسے وہاں سے نکال کر پتوں کو علیحدہ کیا جائے اور اس پتے کو پانی سے دھو کر صاف کیا جائے پھر اپنے محبوب کے سر کا بال اس پتے پر لپیٹ کر اپنے گھر میں ایسی جگہ دفن کرے جہاں کسی کی نظر نہ پڑے اس عمل کی بدولت جس کا بال ہوگا وہ مطلوب کی محبت میں دیوانہ ہوگا۔

## تپ ولرزہ

یہ بخار کی ایسی قسم ہے جو اکثر کچھ دنوں کے وقفے سے دوبارہ چڑھتا ہے اور اترتا ہے اس کا مکمل علاج کرنے کیلیئے پانچ لوری ٹھیکریاں لاکر ایک ٹھیکری پر (یا محیط) لکھ کر مریض کے بازو پر باندھے اور دوسری ٹھیکری پر اسی اسم کو لکھ کر پانی میں ڈال کر مریض کو اس کا پانی پلایا جائے۔ دوسرے دن مریض کے بازو پر بندھی ہوئے ٹھیکری کنوئیں یا چلتے پانی میں بہادیں اور دوسری دو ٹھیکریاں لیکران دونوں پر (یا محیطا) لکھے ایک کو بازو پر ایک کو پانی میں ڈال کر پانی پلایا جائے چوتھے دن پھر دو ٹھیکریاں منگوا کران دونوں پر (یا محیطک) لکھ کر اسی عمل کو دہرایا جائے پہلے کی استعمال شدہ ٹھیکریوں کو پانی میں بہایا جائے بخار کا نام ونشان نہیں رہیگا۔

## اعمال سورج گرہن



سورج گرہن میں کیئے گئے عملیات بہت موثر اور بے خطا ہوتے ہیں جو اپنے اثرات ضرور دکھاتے ہیں لیکن اس بات کا صحیح پتہ ہونا چاہئے کہ سورج کو گرہن کس وقت لگے گا جب اس کا صحیح وقت آجائے تو لکھے گئے عمل پر عمل کرے تو ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ کیونکہ وقت اور موقع کی مناسبت سے سورج گرہن کے وقت کسی عمل کے چلے کی حاجت نہیں رہتی اور انسان خاطر خواہ کامیاب ہوتا ہے۔ کیونکہ کئی عرصے کے بعد ایسے دن آتے ہیں جن میں مناسبت رکھنے والا عمل کام کر دکھاتا ہے۔ اس لئے سورج کو گرہن لگنے سے پہلے جس نے جو کوئی بھی عمل کرنا ہو وہ اس کی پہلے سے منصوبہ بندی کرر کھے اور جو عملیات اس وقت میں زود اثر ہیں وہ میں نے لکھ دئے ہیں کہیں ایسا نہ ہو کہ وقت سر پر آجائے اور اس بات کا اندازہ نہ رہے کہ میں نے کون سا عمل یا نقش لکھنا ہے۔

# حاسدوں اور بدگو افراد کی زبان سے بچنا

اکثر حالات میں ایسا ہوتا ہے کہ کسی فرد کے کوئی بلا وجہ ہی دشمن بن جاتے ہیں اور حسد کرتے ہیں اور جو کچھ منہ میں آتا ہے بکتے رہتے ہیں جس سے اس فرد کا دل دکھتا ہے اور وہ ان کا نقصان بھی نہیں کرنا چاہتا اس لئے جو افراد اس کیفیت کے شکار ہوں وہ سورج گرہن کے وقت ان چار اسماء کو سیسے کی ایک چوکور تختی پر کندہ کر کے عقیق کے نگینے کے نیچے رکھوا کر اپنی سیدھی انگلی میں پہنے اس عمل کی بدولت ان افراد کی زبان بند ہو جائیگی جو اپنی زبان کا ناجائز استعمال کرتے ہیں۔ لکھنے والے اسماء

(احد، رسص، طعک، موعل)

## دوسرا عمل

یہ عمل اپنی بے پناہ طاقت میں لاثانی تاثیر رکھتا ہے جو افراد اسے آزمائیں گے ان کی محنت خالی نہیں جائیگی اگر سورج گرہن کا وقت آئے تو جن افراد کی زبان بند کرنی ہے ان سب کے نام کو مفردات میں اس طرح لکھیں جیسے کوئی نام فراز ہے (ف، ر، ا، ز) اس طرح تمام ناموں کو مع والدہ لکھیں اور ان حروف میں امتزاج دے کر ایک سطر میں اس طرح لکھیں اح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ۔ بعد تکسیر کے صدر موخر میں گردش دے جب زمام برآمد ہو یعنی سطر اول آخر میں ظاہر ہو تو سیسے کی لوح پر اس تمام تکسیر کے اعداد کا ایک نقش مثلث پر کرے اور اس مثلث کے چاروں گرد یہ عزیمت لکھے (بستم عقل و هوش و نطق ظاهری و باطنی پسر یا دختر غلامان را در غرض و حق فلان بنت فلان را بحق احد میصس طعک ملوه) اس لوح کو کندہ کرتے وقت بخور لوبان کا جلائے اور موم منہ میں رکھ کر نقش کو لکھے

اور اس لوح کو گرہن کے وقت میں کسی خانہ تاریک میں سنگ گراں کے نیچے دفن کرے دفن کرتے وقت کہے کہ زبانش بحکم تعالیٰ از بدگویائی بستہ گردد جس کیلئے اس عمل کو کیا جائیگا اس کی زبان بند ہوگی اگر حب کا عمل کرنا ہو تو عمل اسی طرح کرے لیکن زبان سے ان کلمات کو کہے زبانش بحکم حق تعالیٰ از مخالفت بستہ گردد و رحق من بہ الفت گردد و قرار شدیہ ایسا عمل ہے جس کا اثر باطل نہیں جاتا۔

## عداوت کیلئے

یہ عمل خرابی دشمن ظالم جو خلق اللہ پر ظلم کرتا ہے اس کیلئے درج کیا جارہا ہے لیکن بعض افراد اپنے غصے اور جذبات کی گرمی میں جائز اور ناجائز کا فرق بھول جاتے ہیں ایسا بالکل نہیں کرنا چاہئے حق کے اوپر سر دے دینا چاہئے اور باطل کے آگے جھکنا نہیں چاہئے ظالموں کیلئے یہ عمل کسی سیف تلوار سے کم نہیں ہوگا اس ظالم کا نام مع والدہ کے نام حروف ابجد شمسی سے نکالو اور بارہ پر تقسیم کرو پھر جو برج نکلے اس کے مطابق اس کا ستارہ دیکھے پھر اس برج اور ستارے کے موکلات نام کے پہلے حرف سے لو یہ دو موکل ہونگے تیسرا موکل ہمواکیل اور چوتھا لومائیل لو ان چاروں موکلات کے اعداد بحساب ابجد شمسی سے نکالو اور (۴۴۵۰) ان میں جمع کر کے دو مربع معکوس پر کرو جس کی چال مثالاً نیچے نقش میں درج ہوگی پھر یہ مربع نقش پوست شیر یا مثانہ سگ یا استخوان مردہ کافر پر کالی سیاہی سے لکھے لکھتے وقت آتش پر بخور سیاہ دانہ اور ہینگ یا پوست لہسن یا پیاز اور افیون اور سرخ مرچ جلاؤ منہ میں کالی مرچ رکھو ایک مربع کو دشمن کی چوکھٹ کے نیچے دبائے دوسرے کو کسی قبر میں دفن کرے اور کہے کہ اے صاحب قبر تو مومن ہے میرا یہ کام کردے میں تیری قبر پر پھول چڑھاؤں گا اور حلوے پر تیری نیاز دونگا اور ختم قرآن کرونگا یہ کہہ کر ایک مشت خاک اس قبر سے اٹھالے اور لا کر اس خاک کو دشمن کے گھر میں ڈال دے اللہ کے حکم سے دشمن چند دنوں میں ہلاکت کے گھاٹ اتر جائیگا۔ اس عمل کو ہمیشہ جائز جگہ استعمال کرے ورنہ گناہ گار ہوگا۔

## نقش بے مثال

اس نقش کی بے بہا تاثیرات ہیں جن کو آزمانے کے بعد پتہ چلے گا اس نقش کو روزانہ ایک ہزار کی تعداد میں کچی پنسل سے نید کاغذ پر لکھے اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے اس کی زکات ادا ہوگی پھر اس کے بعد اس نقش کو کسی بھی روحانی جسمانی مرض میں مبتلا فرد کو گلاب کے عرق سے دھو کر پلایا جائیگا اسے شفاء ہوگی اگر کسی قیدی کو دیا جائیگا تو وہ قید سے رہا ہوگا اگر مرد و زن آپس میں اتفاق سے نہ رہتے ہوں تو ان میں سے کسی ایک کو زعفران سے لکھ کر دے ان میں اتفاق پیدا ہوگا غرض کہ اس نقش کو کسی بھی مقصد کیلئے لکھ کر دے اس کا فوراً اثر پیدا ہوگا اور مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔ اس نقش کو کبھی بھی ناجائز استعمال نہ کرے۔ اگر بتائی گئی نشانیاں صحیح ثابت نہ ہوں تو اسی نقش کو تازہ مرغ کو ذبح کر کے اس کے خون سے لکھ کر استعمال میں لائے اور اس نقش کی طاقت و اثر خود ملاحظہ فرمالے۔

سلام قولا من رب الرحیم

سلام قولا من رب الرحیم

# روحانی نسخے

یہ چٹکلے بارہا کے مجرب ہیں اور ضرورت پڑنے پر استعمال کے بعد سو فیصدی کامیابی دلواتے ہیں لیکن ان میں سے کسی بھی نسخے کو ناجائز استعمال نہ کرے کیونکہ جہاں خلق خدا کا بھلا ہوتا ہے وہاں ان کا مقصد کسی شر پسند فرد کا نقصان کرنا بھی ہوتا ہے۔

(1) اگر چیل کی آنکھ، زعفران اور کستوری سے باہم ملا کر کھرل میں ڈال کر پیس لیں اور مسور کے برابر گولیاں بنا کر بوقت ضرورت کسی عورت کو ایک گولی پان میں رکھ کر کھلائیں گے تو محبت میں ایسی بے قراری پیدا ہوگی کہ جو کوئی بھی گولی کو کھائے گا وہ مطلوب سے ایک سیکنڈ بھی جدا نہیں رہ سکے گا۔

(2) اگر اتوار کے دن سفید آک کی جڑ اکھاڑ کر سایہ میں خشک کی جائے اور اسے اپنے دائیں ہاتھ پر خفیہ طریقہ سے باندھ لیں تو اس کے دشمن ہمیشہ سرنگوں رہیں گے اور ہر طرح کی فتنہ بازی سے یہ شخص محفوظ ہوگا۔

(3) اگر سو سال کی پرانی دوستی کو دشمنی میں بدلنا ہو اور یہ جائز ہو تو جس قبر پر تاریخ وفات کا سنگ مرمر لگا ہوتا ہے اسے بروز اتوار اپنے ہاتھوں کی مدد سے جتنا بھی ٹکڑا توڑ سکے لائے اور اسے پانی میں بارہ گھنٹے رکھے پھر اس پانی کا اس جگہ پر چھڑکاؤ کرے جہاں وہ دونوں بیٹھتے ہوں اور اس میں دوہرا اثر پیدا کرنے کیلئے اسی پانی کو ان دونوں کو پلایا بھی جائے ان کی دوستی دشمنی میں بدل جائیگی اگر کسی کا محبوب طالب کو چھوڑ کر کسی اور کے ساتھ عشق کرنے لگ جائے تو اس پر بھی اسی عمل کو کیا جائے دونوں کی آپس میں جدائی ہوگی اس عمل کو بھی ناجائز جگہ استعمال نہ کرے۔

(4) اگر کسی کو بھی سخت قسم کی ہچکی لگ جائے اور آرام نہ ملتا ہو تو اسی وقت ایک ریٹھہ

کالے کپڑے میں باندھ کر گلے کے ساتھ باندھے اسی وقت بند ہوگی۔

(5) اگر کسی عورت کی خواہش ہو کہ وہ حاملہ نہ ہو تو چاند کی ۲۸، ۲۹، ۳۰ تاریخ کو دھتورے کی جڑ لا کر بطور تعویذ اپنی کمر میں باندھے اور اسے کمر سے جدا نہ کرے وہ عورت ایک سال تک حاملہ نہیں ہوگی اور اگر اسی عمل کو کسی سرسبز درخت پر کیا جائے تو وہ اس کی بدولت اجڑ جائیگا۔

(6) اگر کسی عورت کا حمل ساقط ہوتا ہو یا کوئی اس کا اپنا ہی اس کو سفلی علم کی مار دیتا ہو جس سے اس کا حمل ضائع ہو جاتا ہو تو وہ ایک زمرد کے نگینے کی انگوٹھی اپنے الٹے ہاتھ کی سیدھی انگلی میں پہنے اس کا حمل ضائع نہیں ہوگا۔

(7) اگر کسی کو کوئی اوزار لگ جائے اور خون نکلے اور خون بند نہ ہوتا ہو تو اپنے پیشاب کو اس زخم پر لگائے خون اسی وقت بند ہوگا۔

(8) اگر کوئی عورت بانجھ پن کا شکار ہو جائے اور اسے حمل نہ ٹھہرتا ہو تو وہ بلی کی سرگیں اپنی شرمگاہ کے اندر رکھ لے اس کی بدولت اس کو حمل ٹھہر جائیگا یہ بانجھ پن یا ایسی خواتین کا روحانی علاج ہوگا جس پر کسی نے کوئی جادو کروایا ہوگا تاکہ اس کی اولاد نہ ہو۔ اس عمل کی بدولت ہر علم کا اثر باطل ہوگا۔

(9) اگر کسی کو ہر وقت کوئی خوف یا ڈر محسوس ہوتا ہو یا کسی نے جادو کروایا ہو یا کوئی پڑھائی کروا رہا ہو تو ان سب کے اثرات باطل کرنے کیلئے ایک عدد کالی بلی ڈھونڈے اور اس کے دو دانت جو اوپر کی طرف ہوتے ہیں انہیں کسی کالے کپڑے میں لپیٹ کر اپنے گلے میں بطور نقش پہنے جس نے جو بھی کروایا ہوگا اس کا اثر باطل ہوگا۔

(۱۰) بدگو افراد کی زبان بند کرنے کیلئے کالے بکرے کی زبان ان کی چوکھٹ کے نیچے دبائے

## دردسر کالاجواب علاج

اس عمل کی بدولت سر درد سے نجات ہوگی اور سکون پیدا ہوگا یہ عمل زندگی میں ایک بار ہی کیا جاتا ہے اور اس کا اثر سارا سال ہی رہتا ہے۔ایک کاغذ پر کسی دور غیر آباد جگہ پر چاند گرہن کے سایہ میں بیٹھ کر گوگل یا عود سلگا کر بار بار یہ حروف لکھے (ارسا مسا حلا) اس کاغذ کو اگلے دن کسی صاف جگہ پر دفن کردے یا پانی میں بہائے اور پانچ یا دس روپے کی کوئی بھی میٹھی چیز بچوں میں تقسیم کرے یہ اس عمل کی زکات ہوگی پھر جب ضرورت پڑے تو بیری کی ایک شاخ ہاتھ میں رکھے اسے زمین پر نہ رکھے اور اسے ایک طرف سے چھیل کر اوپر ان حروف کو اس طرح لکھے (ا۔ر۔س۔ا۔س۔ا۔ح۔ل) اور مریض سے کہے کہ درد والی جگہ کو زور سے پکڑے پھر پہلے حرف کو کارد سے کاٹے اور پوچھے کہ آرام ہے اگر نہ ہو تو دوسرے حرف کو کاٹے اسی طرح تمام حرفوں کو کاٹ دے اللہ کے فضل سے درد اسی وقت کافور ہوگی اور زندگی میں کبھی بھی درد نہیں ہوگی۔

## سرمہ حب سفلی

یہ عمل سفلی علوم سے منسلک ہے اس لئے اگر کسی مسلمان کا دل کرے تو اس عمل کو کرلے ورنہ ترک کردے کیونکہ علوی کی طرح سفلی میں بھی اثرات موجود ہیں اور دونوں میں اگر ناجائز طور سے کام لیا جائے تو نقصان اپنا ہی ہوتا ہے چاند کی پندرہ تاریخ کے اندر جو جمعہ آئے اس دن جب منزل نثرہ میں ہو تو یہ دن اور وقت سرمہ بنانے کیلئے نہایت ہی موضوں ہے اب ایک عدد جونک جو کہ پہلے سے اپنے پاس رکھی ہو اور خشک کی گئی ہو اور بالکل سیدھے طرف میں ہو اسے کھینچ کر دونوں طرف سوئی لگادے تاکہ وہ ٹیڑھی نہ ہوسکے پھر کوری روئی کو باریک کرلے اور یہ سفوف اور یک رنگ کالی گائے کا گھی لیکر مع ایک انسانی

مردے کی کھوپڑی کے ایک کورے مٹی کے برتن میں سب کچھ رکھ کر چوراستہ پر چلا جائے اسی جگہ چراغ میں جس بتی کو جلایا جائے اس میں جونک کو رکھے اور اس روئی سمیت جلائے اور اس کے اوپر اسی مٹی کا ڈھکن دے تا کہ اس کا دھواں کاجل کی شکل میں بن سکے اپنے اس عمل کو کر کے اس کو دیکھے بغیر خود گھر چلا آئے پھر دوسرے دن سب کی نظروں سے بچے اور اس بات کا خیال کہ کوئی ٹوکے نہ اس مٹی کے ڈھکن کو اتار کر لے آئے اور ان تمام اشیاء کو ایک ہی ضرب سے تباہ یعنی ضائع کر دے اور گھر چلا آئے یہ حب کا سفلی سرمہ تیار ہے اب کسی کو بھی اس میں سے چاول کے دانے کے برابر کھلایا جائیگا تو وہ کتے کی طرح پیچھے پیچھے ہوگا اس عمل کو جائز جگہ استعمال کیجئے مثلاً اگر کسی دو مرد و زن کی آپس میں محبت قائم نہیں ہوتی تو ان کو اس سرمے میں سے استعمال کیلئے دیا جائے تا کہ ان کا آپس میں اتفاق قائم ہو اور اللہ خوش ہو۔ ذاتی مفادات کے چکر میں نہ پھنسے۔

## عمل بغض وعداوت

اس عمل کو جائز طور پر ایسی صورت میں کیا جا سکتا ہے جب دشمن اللہ کا خوف بھول کر اللہ کی مخلوق کو پریشان کرتا ہو اور اسے روزانہ نئی نئی اذیتوں میں مبتلا کرتا ہو ایسی صورت میں یہ عمل جائز ہوگا اور اگر کوئی ویسے ہی اپنے مسلمان بھائیوں کو پریشان کرنے کیلئے اس عمل کو کرے گا تو وہ خود اللہ کے عذاب میں گرفتار ہوگا۔ جب چاند زوال پر ہو تو اس کی اٹھائیس ،انتیس ، یا تیس والے دن قبرستان سے پرانی قبر کی مٹی ایک مشت لائے پھر کسی پرانے اور ویران کنوئیں کی مٹی اور پرانے پیپل کی لکڑی پھر جہاں گدھا لوٹتا ہو وہاں کی ایک مشت کی مٹی تیلی کے کولہو کی مٹی ان سب مٹیوں کو آپس میں ملا کر کھرل میں ڈال کر پیس لیں پھر پانی کی مدد سے اسی مٹی کی سات عدد ٹکیاں بنائے اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ اس تمام عمل کو گھر

سے باہر کیا جائے ورنہ گھر عذاب میں آجائیگا۔ پھر اس پر سورہ فیل ایک سوایک مرتبہ اور یا جبار یا قہار ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اسی عمل کو سات دنوں تک اسی مٹی پر دم کیا جائے جب سات دن پورے ہو جائیں تو اس میں سے تھوڑی سی مٹی دشمن کے نہانے والے پانی میں ڈالے کچھ مٹی کو پینے والے پانی میں پلائے اور کچھ کو اس کے گھر میں پھینک دے دشمن پوری طرح سے بربادی کے دروازے تک پہنچ جائیگا اور اللہ کی مخلوق کو پریشان کرنے کے قابل نہیں رہیگا۔ ایک مرتبہ پھر اس بات کو یاد رکھیں کہ یہ بڑا زبردست اور جلالی عمل ہے اور اسے ناجائز ہرگز کسی پر مت کریں صرف اپنے دشمن کی اصلاح کرنے کیلئے ایسے عملیات کیے جائیں تاکہ اسے اپنے جسم کی تکلیف کے ساتھ ساتھ دوسروں کا بھی احساس ہو۔

## الائچی اور حب

اگر دو زن و شوہر آپس میں نا اتفاقی کا مظاہرہ کرتے ہوں اور ان کی اصلاح نہ ہوتی ہو تو بازار سے کچھ مقدار میں الائچیاں لائیں اور ایک دن کی پانچ الائچیوں کو علیحدہ کر کے رکھیں اسی طرح سات دنوں کی (۳۵) الائچیاں بنیں گی روزانہ پانچ الائچیوں کو کھول کر ان کے بیجوں پر (یحبونهم كحب الله والذين آمنوا اشد حبا لله) کو اپنے شوہر کے نام کے مطابق دم کیا جائے یا کوئی شوہر اپنی عورت کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھ کر ان پر دم کرے اور کسی بھی کھانے والی شے میں ملا کر کھلائے یا اس سے حلوا پکائے اور کچھ دانوں کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی پلایا جائے اور ان الائچیوں کے پھوگ کو کسی مزار پر سرخ کپڑے میں لپیٹ کر رکھ آئے اس عمل کی بدولت دونوں کی محبت آپس میں زیادہ ہوگی اور ان کا پیار بڑھے گا اسی عمل کو کسی سے نئی دوستی کرنے کیلئے بھی کیا جاسکتا ہے۔

# حاضرات

اگر کسی پر کوئی سایہ آسیب حاضر ہوتا ہو اور ہم کلامی کرتا ہو اور پریشان بھی کرتا ہو تو اس کے مکمل اور کامل علاج کیلئے چلتے دریا یا نہر کا پانی لائے اور اس پر ایک ہی وقت میں سورہ والشمس کو ننانوے مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس پانی کو کسی کھلے منہ والے برتن میں ڈال کر اسے بارہ گھنٹے تپتی ہوئی دھوپ میں منہ کھول کر رکھ دے اور اس پانی کو مریض کو پلائے اللہ کے فضل سے سایہ دوبارہ نہیں آئیگا بلکہ اس عمل مبارک سے جل کر خاک ہوگا۔

# تابعداری

اگر کوئی اپنے بچوں، اپنی بیوی یا کسی کو بھی تابع وفرمانبردار بنانا چاہے تو الو کے تمام ناخنوں کو بروز منگل اتار لے اور انہیں روٹی والے توے پر ڈال کر خوب گرم کرے اس عمل کی بدولت الو کے ناخن پھول جائیں گے۔ پھر انہیں کسی کھرل میں ڈال کر خوب باریک پیسے اور روزانہ سات دنوں تک، اس خاک کو آٹے کے پیڑے میں اتنی مقدار میں رکھے جس سے سات دنوں تک ختم ہو جائے اس کی روٹیاں پکائے سات دنوں تک تمام راکھ ختم ہو جانی چاہئے پھر اس روٹی کو جو کوئی بھی کھائے گا وہ اس فرد کے حق میں تابعداری اور اطاعت قبول کریگا۔

# تابعدار بنانا

اوپر مذکورہ راکھ کو اگر کھلایا نہ جاسکے تو اسے آٹے میں رکھ کر اگر عمل کرنے والا کوئی مرد ہو تو کالی کتیا کو کھلائے اور اگر کوئی عورت ہو تو کالے کتے کو کھلائے اس سے عمل میں دوہرا اثر ہوگا اور جیسے جیسے کتا یا کتیا بھونکیں گے ویسے ہی محبوب کا دل مطلوب کے بغیر تڑپے گا اس عمل کو ہمیشہ جائز جگہ استعمال کرنا چاہئے ورنہ گناہ ہونے کے ساتھ ساتھ کام بھی نہیں ہوگا۔

# تسخیر خلائق کیلئے

اس عمل کی بدولت تمام جہان کے انسان جنات و جانور سب ہی اس عمل کے کرنے والے کی تابعداری کرتے ہیں اور اگر کسی خاص محبوب کیلئے اس عمل کو کرنا ہو تو اس عمل کی بدولت محبوب طالب کے بغیر ایک سیکنڈ بھی نہیں رہ سکے گا کسی عروج ماہ میں پنجشنبہ کے دن یا جمعہ کی شب کو اس عمل کا آغاز کرے پہلے کامل نیت چودہ رکعت کی اس طرح کرے کہ چودہ رکعت نماز پڑھتا ہوں میں فلاں بن فلاں کے کان، آنکھ، زبان، دل و جان ہفت اندام و سہ صدرگ باندھنے کو اور اپنی جانب مہربان کرنے کو اس کے بعد دو دو رکعت کرکے پڑھے اول دو رکعت میں یہ نیت کرے نماز پڑھتا ہوں میں فلاں بن فلاں کے کان بند کرنے کو میرے نام پر کسی کی زبان کو بدی کا نام نہ سنے بعد سورہ فاتحہ کے سورہ اخلاص پانچ مرتبہ پڑھے دوسری دو رکعت نماز میں اس طرح نیت کرے نماز پڑھتا ہوں فلاں بن فلاں کی آنکھ بند کرنے کو چاروں طرف سے اور میرے اوپر مہربانی کی نگاہ رکھنے بعد سورہ فاتحہ کے سورہ انا انزلنا پانچ مرتبہ پڑھے تیسری دو رکعت میں یوں نیت کرے نماز پڑھتا ہوں میں فلاں بن فلاں کی زبان بند کرنے کو میرے نام پر کوئی بدی کا لفظ نہ نکالے زبان اپنی سے بعد سورہ فاتحہ کے سورہ لایلاف قریش پانچ مرتبہ پڑھے چوتھی دوسری رکعت میں یوں نیت کرے نماز پڑھتا ہوں میں فلاں بن فلاں کے واسطے بند کرنے ہاتھوں کے چاروں طرف سے میرے نام پر جلد کلمہ خیر وخوش کا لکھ کر روانہ کرے اپنے ہاتھ سے بعد سورہ فاتحہ کے سورہ اذا جاء پانچ مرتبہ پڑھے پانچویں دو رکعت نماز کی نیت اس طرح کرے نماز پڑھتا ہوں واسطے بند کرنے دل کے چاروں طرف سے میرے اوپر دل سے مہربان اور تابعدار ہونے کو بعد سورہ فاتحہ کے سورہ الم نشرح پانچ مرتبہ پڑھے اور دوسری رکعت میں سورہ انا انزلنا پانچ

مرتبہ چھٹی دوسری رکعت کی نیت اس طرح کرے نماز پڑھتا ہوں میں واسطے فلان بن فلان ہفت اندام وسہ صدرگ بند کرنے کو ہر طرف سے میرے اوپر مہربان ہونے کو اور تابعدار ہونے کو بعد سورہ فاتحہ کے سورہ اخلاص پانچ مرتبہ پڑھے ساتویں دوگانہ میں یوں نیت کرے نماز پڑھتا ہوں میں فلان بن فلان کے ہفت اندام وسہ صدرگ بند کرنے ہر طرف سے میرے اوپر مہربان ہونے کو اور تابعدار ہونے کو بعد سورہ فاتحہ کے سورہ والعصر پانچ مرتبہ پڑھے دوسری رکعت میں اذا جاء پانچ مرتبہ پڑھے اختتام چہاردہ رکعت نماز کے دو ہزار مرتبہ یاعلیم پڑھے اول وآخر درود شریف سو سو مرتبہ پڑھے اور بعد فراغت کے نہایت الحاح و زاری اور خشوع وخضوع کے ساتھ دعا کرے یاعلام یاالٰہی سپرد کیا میں نے ساتھ تیرے دل اور جان اور کان اور آنکھیں اور زبان اور ہاتھ اور پاؤں اور ہفت اندام اور سہ صدرگ اور سرتا بقدم فلان بن فلان کو میری طرف مہربان اور تابعدار کر بحق آنکہ تو قادری۔ اگر اس عمل کو کل تسخیر خلائق کیلئے پڑھنا ہو تو فلان بن فلان کی جگہ جمیع اولادِ آدم و بنات حوا پڑھے اور جب تک محبوب مسخر نہ ہو جائے تب تک ہر شب کو اسی عمل کو کرے اور تسخیر خلائق کیلئے ہمیشہ کیلئے اسی عمل کو کرتا رہے۔

## دفعیہ آسیب و جنات

اگر کوئی بھی سایہ آسیب یا جادو کی لپیٹ میں آیا ہو اور اس کا کاروبار و گھریلو زندگی بری طرح سے متاثر ہو رہی ہو تو عرق بادیاں بقدرے ایک چھٹانک پر نادعلی اول وآخر درود شریف سو سو مرتبہ پڑھ کر درمیان میں پڑھے اور اس عرق پر دم کرے اور مسحور کو پلائے پینے کے بعد اگر کچھ عرق بچ جائے تو اس کو اپنے منہ پر مل لے یا اتنا پئے جتنا باقی رہ جائے اللہ کے حکم سے شفائے کاملہ نصیب ہو گی۔ اگر اسی عمل کو زعفران سے لکھ کر تعویذ کی طرح اپنے گلے میں باندھے تو بھی اثرات زائل ہو نگے اور ایک عدد کو اپنے گھر یا دکان کی چوکھٹ کے

اوپر لگائے بحکم الٰہی جادو و سایہ کے اثرات باطل ہو نگے۔

اللھم صل علی محمد و علی آل محمد ۔بسم اللہ الرحمن الرحیم ناد علیا مظھر العجائب تجدہ عونا لک فی النوائب کل ھم و غم سینجلی بعظمتک یا اللہ وبنبوتک یا رسول اللہ وبولایتک یا علی یا علی یا علی۔

## نقش اجل

اس نقش کا نام اجل ہے اور یہ بغیر زکات کے کام نہیں کرتا اور نہ ہی اسے بغیر زکات کے استعمال کرنا چاہئے اس کا عامل بننا ضروری اور لازمی ہے کیونکہ بعض افراد خود محنت نہیں کرتے اور عملیات میں نقص نکالتے ہیں ایسا کرنا ٹھیک نہیں جب تک کہ کسی کو صحیح طرح سے آزمانہ لیا جائے عروج ماہ میں جمعہ کی رات سے اس عمل کی ابتداء کرے اور روزانہ (۳۴) نقوش لکھے دوسرے دن صبح کے وقت ان نقوش کو آٹے میں گولیاں بنا کر دریا یا تالاب میں ڈالے اور ناغہ نہ کرے جو وقت پہلے دن مقرر کرے اسی پرکار بند رہے چالیس دن کے بعد اس نقش کا عامل بنے گا پھر جس حاجت کیلئے اس کو لکھ کر دیا جائیگا کام فورا ہوگا۔ تسخیرات کیلئے پانچ نقش لکھ کر اپنے زیرزانوں رکھے اور کمال دیکھے۔

| ١ | ١٤ | | | ١١ | ٨ |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٢ | ٧ | بحق یا اجل | | ٢ | ١٣ |
| ٦ | عزرائیل | یا میکائیل | | جبرائیل | ٣ |
| ٥ | ١ | ٤ | ١ | ٥ | ١٠ |

# زبان بندی

اگر کوئی ہر وقت خوامخواہ اپنی زبان چلاتا ہو اور اس کی زبان سے دوسروں کو تکلیف پہنچتی ہو اور اس کی زبان کو بند کرنا فرض بن جائے تو اس تمام عمل کو نیلی سیاہی میں نوشادر، اور کالے مرغ کے خون سے ملا کر لکھے اور کسی کالے کپڑے میں لپیٹ کر جس کی زبان بند کرنی ہے اس کے گھر میں اس کے سونے والی جگہ پر دبائے اس کی زبان کبھی صاحب عمل کے خلاف نہیں چلے گی۔ بہت مرتبہ کا مجرب عمل ہے۔

(صم بکم عمی فهم لا یرجعون بستم زبان فلان را صم بکم فهم لا یبصرون بستم زبان فلان صم بکم عمی فهم لا یعقلون صم بکم فهم لا یبصرون صم بکم فهم لا یفقهون صم بکم فهم لا یسمعون بحق اشهد ان لا اله الا الله محمد رسول الله۔ اس عمل کو دباتے وقت اس بات کا ضرور خیال رکھے کہ اس کی بے ادبی نہ کرے ورنہ سخت گناہ ہوگا۔



## چور برآمد و

چور کی برآمدگی کے لئے دو رکعت نماز نفل اس طرح ادا کرے کہ ہر بار قل ھو اللہ احد کے بعد ایک سو ایک بار یابدیع العجائب بالخیر یاخبیر اخبرنی پڑھے اور جب نماز پڑھ لے تو اس نقش کو اپنے سرہانے رکھ کر سو جائے مقام چوری نظر آ یگا۔

| ط | حبیب | واحد | ١٦ |
|---|---|---|---|
| وودود | حوا | ی | طیب |
| وھاب | ١٧ | ٢٤ | ھو |
| طیب | واجب | احد | ی |

# اسم وھاب

یہ عمل فتوح اور تسخیر کیلئے ایک بے بدل اور زائل اسم مبارک ہے اور یہ طریقہ نہایت ہی پر تاثیر ہے اس اسم مبارک کے نصاب کو پورا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ گیارہ روز تک سوالاکھ تعداد کو پورا کرے جس کی ترکیب یہ ہے کہ سات روز تک گیارہ ہزار تین سو چونسٹھ مرتبہ پڑھے اور باقی چار روز میں گیارہ ہزار تین سو تریسٹھ مرتبہ پڑھے اس کی سوالاکھ کی زکات پوری ہو جائیگی چلہ کرتے وقت چلے کے تمام احکامات اور پرہیز پر سختی سے عمل کرنا ہوگا بعد فراغت چلہ سو مرتبہ اسی اسم کو پڑھ لیا جائے اور اسے اپنے اوپر دم کیا جائے اور اسی اسم مبارک کا نقش بنا کر اپنے سیدھے بازو پر باندھے تمام قسم کے اثرات چلے کے بعد ظہور میں آئینگے ہر کوئی کلام الٰہی کا منہ بولتا اثر دیکھے گا بے بہا فتوحات ہوگی اور جن اشخاص کو عام مخلوق کی تسخیر کی ضرورت ہے اور چاہتے ہیں کہ ہمارے در پر ہزار ہا آدمیوں کا جمگھٹا لگا رہے اور راہ چلتے وقت سینکڑوں اشخاص کی نظریں ہماری طرف ہوں اور ہر طرف ہمارا استقبال ہو تو یہ اسی اسم کی کرامت ہے جس کا طریقہ اوپر درج کیا گیا ہے اللہ کے واسطے تکبر کو کبھی اپنے دل میں جگہ نہ دے۔ اگر کوئی کاروبار کی ایسی شان وشوکت بنانا چاہے جس سے اس کی دکان پر ہزاروں گاہکوں کا رش رہے تو اس نقش کو چار عدد زعفران سے لکھ کر دیا جائے ایک کو فریم کروا کر اپنی دکان کی چوکھٹ کے اوپر لگائے ایک کو اپنے روپوں والی جگہ پر رکھے اور ایک کو اپنے گلے میں باندھے پھر اس کے اثرات خود دیکھ لے۔

| ۳ | ۱۰ | ۱ |
|---|---|---|
| ۹ | الوھاب ذی الطول | ۵ |
| ۲ | ۴ | ۸ |

## الائچی حب

اس عمل کی بدولت یہ حب کی ایسی الائچی بن جاتی ہے جو زیادتی پیار و محبت کے سلسلے سے ہٹ کر جس سے جو بھی کام ہو وہ فوراً پورا ہو جاتا ہے لیکن اس میں اثرات تب پیدا ہونگے جب اس کی زکات ادا کی جائیگی چالیس دنوں تک پرہیز جلالی و جمالی کر کے (بسم اللہ الرحمن الرحیم بہ نستعین اللھم اجعل محبوب فی قلبی یا بدوح یا بدوح یا بدوح )اس عمل کو تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے اور پڑھنے کا وقت عشاء کی نماز کے بعد کا ہے پھر جب اس عمل سے کام لینا ہو تو کچھ الائچیوں پر اس کلام کو تین سو ساٹھ مرتبہ مطلوبہ شخص کا تصور باندھ کر پڑھے اس کے کھاتے ہی وہ فرد صاحب عمل کے ہاتھوں میں ہوگا۔

## عجیب و غریب عمل



یہ ایسا عمل ہے جس سے کوئی بھی حب و بغض کے کام لے سکتا ہے اور شرط اس عمل میں یہی ہے کہ دونوں ہی ناجائز نہ کئے جائیں بلکہ سچائی پر کئے گئے اعمال کامیاب ضرور ثابت ہوتے ہیں نماز فجر سے پہلے وضو کر کے غسل کرنے اور اس کے بعد پھر وضو کرے اور فجر کی سنت ادا کر کے فرض پڑھنے سے پہلے، حب کیلئے کرنا ہے تو مصری کی ڈلی منہ میں ڈالے اور اگر بغض کا کرنا ہے تو نیم کا پتہ منہ میں رکھ کر اول و آخر درود شریف پڑھ کر اکسٹھ مرتبہ اس اسم کو پڑھے اور اپنے مقصد کا کامل تصور باندھے پھر قدرت الہی کا ظہور دیکھے پڑھنے والا اسم (تنکافیل بحق لا الہ الا انت سبحانہ )یا اس طرح پڑھے (یا تنکافیل بحق یا ودود )یا اس طرح پڑھے (یا تنکافیل بحق یا بدوح )اس اسم کو عمل بغض میں استعمال کرے اور دوسرے اسماء کو حب کے کاموں میں استعمال کرے اثر فوراً ظاہر ہوگا۔

# نماز بغض وعداوت

دشمن کی جائز طور پر تباہی و بربادی کیلئے اول رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ الم ترکیف دس مرتبہ دوسری رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے تبت یدا دس مرتبہ اور بعد سلام والضحیٰ اسی مرتبہ پڑھے اور بارہ سو مرتبہ (یا بدیع العجائب بالقهر یا بدیع ) پڑھے اور اس تمام عمل میں اپنے مقصد کا مکمل تصور رکھے یہ عمل کل بارہ دن کا ہے اگر دشمن کی حالت زیادہ خراب ہو جائے تو اس عمل کو ترک کر دے ورنہ دشمن ہلاک بھی ہو سکتا ہے اور اس کا سارا گناہ وعذاب صاحب عمل پر ہوگا۔

# طاعون

جب مرض طاعون نمودار ہو تو اس نقش کو اتنی تعداد میں زعفران سے لکھے جتنے گھر کے کمرے ہوں ان سب نقوش کو گھر کی چوکھٹوں کے اوپر فریم کروا کر یا موم جامہ ڈال کر لگائے اگر یہی مرض کسی فرد پر اپنا اثر دکھا چکا ہو تو دو عدد نقش پھر زعفران سے لکھ کر ایک کو پانی میں ڈال کر اسے پلایا جائے اور ایک کو گلے میں باندھا جائے اللہ کے حکم سے طاعون کا مرض اس گھر سے بھاگ جائیگا۔ یا اگر اس مرض سے پہلے ہی اس عمل کو کر لیا جائے تو مرض طاعون اس گھر کو چھوڑ دیگا۔

خ س و ۲ ل ف ۵ ۸ ۷ اتم

خ ۹ ۲ ۱ ۷ ۵ لو و لو توم ۲ تم

خ فرط ۹۹۹ ۴۴۴ ۵۵۵ و توم

خ ز ب ذ ب ی ل ز ب تم